تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | پیر 29 دسمبر 2025، 09 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 135

پاکستان اور متحدہ عرب امارات تعلقات لازوال اور بے مثال ہیں، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کیا، اہل پنجاب کی طرف سے متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید النہیان کو خوش آمدید کہا

متحدہ عرب امارات کے قابل احترام صدر کا پہلا سرکاری دورہ باعث فخر ہے، صدر محمد بن زاید النہیان کو پاکستان سرزمین پر خوش آمدید کہتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مذاکرات کے مثبت نتیجے کا بہت زیادہ امکان ہے، فواد چوہدری کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کا افواج کے سربراہ کو قتل کی دھمکیاں دینا ناقابل قبول ہے، بلال کیانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زید النہیان کی ملاقات۔

قانون شکنی کا مواد سامنے آنے پر فوجداری تحقیقات شروع ہو سکتی ہیں

وزارت خارجہ کے ڈیمارش پر برطانوی ہائی کمیشن کا ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ پاکستان کے ڈیمارش پر ترجمان برطانوی ہائی کمیشن کا ردعمل سامنے آگیا۔ جاری بیان میں ترجمان برطانوی ہائی کمیشن نے کہا کہ برطانیہ میں پولیس اور پراسیکیوشن حکومت سے آزاد ہو کر کام کرتے ہیں، اگر کسی غیر ملکی حکومت کو جرم کا (بقیہ نمبر 4)

ریڈیو پاکستان پشاور واقعے کی تحقیقات کیلئے خصوصی کمیٹی تشکیل

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے ریڈیو پاکستان پشاور واقعے کی (بقیہ نمبر 5)

لاہور ہائیکورٹ کا پراپرٹی اونرشپ کے تحت دلایا گیا قبضہ فوری واپس کرنے کا حکم

سسٹم کو بائی پاس کیا جائے گا تو ایسے مسائل جنم لیں گے، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پراپرٹی اونرشپ ایکٹ کے تحت کی گئی کارروائیوں کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران ڈی آر سی کمیٹی کے ذریعے حاصل کیا گیا قبضہ فوری طور پر واپس کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے محمد علی کی درخواست پر سماعت کی جس دوران پراپرٹی اونرشپ ایکٹ کے تحت قبضہ حاصل کرنے والا شہری بھی عدالت میں پیش ہوا، سماعت کے دوران چیف جسٹس نے (بقیہ نمبر 6)

سکیورٹی فورسز کی کوہلو میں کارروائی، بھارتی حمایت یافتہ 5 دہشت گرد جہنم واصل

مارے گئے دہشتگرد علاقے میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے کوہلو میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی، شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم کا کوہلو میں 5 بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع کوہلو میں 5 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں (بقیہ نمبر 8)

یو اے ای کے صدر کی وزیراعظم و فیلڈ مارشل سے ملاقاتیں

تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ایئر بیس پر شیخ محمد بن زاید النہیان اور وزیراعظم کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا، یو اے ای کے صدر کو 21 توپوں کی سلامی

معزز مہمان کا جیسے ہی طیارہ پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوا تو جے ایف 17 تھنڈر طیاروں نے سلامی دی، ایئر بیس پر گارڈ آف آنر پیش، واپس بھی چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے صدر، آصف علی زرداری وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر سے ملاقاتیں کیں جن میں دوطرفہ تجارت اور دیگر شعبہ جات میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جمعہ کو متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کے پہلے سرکاری دورے پر راولپنڈی کے نور خان ایئر بیس پر پہنچے جہاں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین لاہور چیمبر میں خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور میں بسنت پر بسیں اور رکشے فری چلانے کا اعلان

تیس دسمبر سے ڈور اور پتنگوں سے متعلق مینوفیکچرنگ کی اجازت دے رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے بسنت کے سلسلہ میں 6، 7 اور 8 فروری کو لاہور میں بسیں اور رکشے فری چلانے کا اعلان کر دیا۔ پنجاب حکومت کا لاہور میں بسنت سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں بسنت کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اپنانے اور انتظامات کے (بقیہ نمبر 9)

بلوچستان میں ریاست نے طاقت کے اندھا دھند استعمال کی پالیسی اختیار نہیں کی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ریاست (بقیہ نمبر 11)

پورے سال میں وزیراعظم شہباز شریف سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اہم مذاکراتی (بقیہ نمبر 12)

پی ٹی آئی ایک طرف مذاکرات، دوسری جانب مزاحمت کی بات کرتی ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ایک طرف مذاکرات (بقیہ نمبر 13)

سہیل آفریدی کو خوش آمدید، یہ ان کا پاکستان کا یورپ دیکھنے لاہور آئے ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

کے پی وزیراعلیٰ کو دورہ کرنے کے دوران روٹی شوٹی کھانے اور تفریح کرنے کی مکمل اجازت ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے لاہور دورے کا خیر مقدم کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی قسم کی شرانگیزی یا بدزبانی کی تو پھر ایکشن لیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ کے پی کی لاہور آمد پر عظمیٰ بخاری نے اپنا ویڈیو پیغام جاری (بقیہ نمبر 14)

حکومت نے اڑان پاکستان وژن کے تحت ای پاکستان حکمت عملی تشکیل دی ہے، احسن اقبال

برآمدات، ڈیجیٹل معیشت اور جدت اڑان پاکستان کے تین ستون ہیں جن پر ملکی ترقی کا دارومدار ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت نے اڑان پاکستان وژن کے تحت ای پاکستان حکمت عملی تشکیل دی ہے تاکہ ملک کو ڈیجیٹل معیشت اور جدید ٹیکنالوجی میں مسابقتی اور مضبوط بنایا جا سکے۔ جمعے کو اے آئی رائز ایکسپو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر احسن اقبال نے پاکستان میں ٹیکنالوجی اور جدت کی نئی جہتوں پر روشنی (بقیہ نمبر 29)

پاکستان کا برطانیہ میں حالیہ سرگرمیوں پر شدید احتجاج، برطانوی ہائی کمیشن کو ڈیمارش جاری

ڈیمارش احتجاج اور برطانیہ کی سرزمین سے پاکستان کی سول اور عسکری قیادت کے خلاف دیے گئے اشتعال انگیز بیانات پر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے برطانیہ میں ہونے والی حالیہ سرگرمیوں پر شدید احتجاج کرتے ہوئے برطانوی ہائی کمیشن کے قائم مقام ہائی کمشنر کو ڈی مارش کر دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق قائم مقام برطانوی ہائی کمشنر کو دفتر خارجہ طلب کیا گیا، جہاں انہیں پاکستان کے شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ یہ ڈی مارش برطانیہ کے شہر بریڈفورڈ میں پاکستانی قونصل خانے کے باہر ہونے والے احتجاج اور برطانیہ کی سرزمین سے پاکستان (بقیہ نمبر 15)

پشاور ہائیکورٹ کا وفاقی حکومت کے عدم تعاون پر اظہار برہمی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور اسد قیصر کی مقدمات تفصیلات کے لیے دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت کے عدم تعاون پر اظہار برہمی کیا ہے۔ سماعت چیف جسٹس ایس (بقیہ نمبر 16)

پیرافورس کا ساتویں گریڈ کی 500 آسامیوں پر بھرتیوں کا فیصلہ

درخواستیں آن لائن نیشنل ایپلیکیشن سروس کے ذریعے جمع ہوں

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پیرافورس میں 500 سارجنٹ اور ڈرائیوروں کی بھرتی کا فیصلہ کرتے ہوئے تمام اضلاع کیلئے الگ الگ کوٹہ مختص کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی گریڈ سات کی پانچ سو آسامیوں پر بھرتیاں کرے گی۔ بھرتیاں سارجنٹ ڈرائیورز کیلئے کی جائیں گی۔ تمام اضلاع کیلئے علیحدہ علیحدہ کوٹہ مختص کر دیا گیا۔ امیدواروں کیلئے عمر کی حد 18 سے 25 سال مقرر کی گئی ہے۔ انٹرمیڈیٹ پاس اور ایل ٹی وی (بقیہ نمبر 17)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اہلاً و سہلاً، مرحبا، متحدہ عرب امارات کے صدر کے سرکاری دورے پر خصوصی نغمہ جاری

نغمے میں بچوں کی جانب سے شیخ محمد بن زاید النہیان کو پھول پیش کرنے کے دلکش مناظر بھی دکھائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کے پاکستان کے پہلے سرکاری دورے کے موقع پر حکومت پاکستان کی جانب سے خصوصی استقبالی نغمہ جاری کیا گیا۔ حکومت پاکستان کی جانب سے جاری نغمے میں متحدہ عرب امارات کے صدر کی پاکستان آمد، ان کا شاندار استقبال اور وزیراعظم شہباز شریف سے گرم جوش مصافحہ اور گلے ملنے کے مناظر شامل ہیں۔ نغمے کی ویڈیو میں وفاقی وزرا اور دیگر حکام سے مصافحے کے مناظر بھی شامل (بقیہ نمبر 18)

صوبائی وزیر و ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق کا ریسکیو ہیڈ کوارٹر کا خصوصی دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے ریسکیو ہیڈ کوارٹر کا خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ ریسکیو 1122 کیلئے خصوصی کمیونیکیشن آلات، انخلاء کیلئے لینڈنگ کرافٹ، بوٹ کیریئر، نئی کشتیوں اور ڈرون (بقیہ نمبر 30)

گڑھی خدا بخش: خاتون اول اور رکن قومی اسمبلی بی بی آصفہ بھٹو زرداری شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہی ہیں۔

قومی اثاثوں کی لوٹ سیل کسی صورت قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمن

قومی خزانے میں 10 ارب روپے آئے، یہ پرانے جہاز کی قیمت کے برابر بھی نہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ آپ نے کس قیمت پر قومی اثاثے کو بیچا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ قومی ایئر لائن نے دس ارب روپے منافع کمایا ہے، چھوٹے طیارے کی قیمت کم از کم 27 ارب روپے ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آپ نے چھوٹے طیارے کی قیمت میں ایئر لائن بیچ دی ہے، قومی خزانے میں 10 ارب روپے آئے، (بقیہ نمبر 19)

ایف آئی اے نے جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 4 مسافر آف لوڈ کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 4 مسافر آف لوڈ کر دیئے گئے۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے والے 4 مسافر آف لوڈ کر دیئے، مسافروں میں محمد عمران، میاں توصیف، سلطان افضل اور عبدالرحمان شامل ہیں (بقیہ نمبر 31)

لاہور: صوبائی وزیر میاں مجتبیٰ شجاع الرحمن کی رہائشگاہ پر ایم پی اے میاں مرغوب احمد مشیر وزیراعظم راشد نصر اللہ، قائداعظم اور میاں نواز شریف کی سالگرہ اور کرسمس کا کیک کاٹ رہے ہیں۔

سہیل آفریدی کی آمد پر پنجاب میں غیر اعلانیہ مارشل لگا دیا گیا، کے پی حکومت

پنجاب حکومت نے اٹک تا لاہور قیام و طعام کے تمام مقامات سیل کر دیے، شفیع جان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے مشیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے اٹک تا لاہور قیام و طعام کے تمام مقامات سیل کر دیے، قافلے کی راہ میں رکاوٹیں ڈالی گئی ہیں سہیل آفریدی کے قافلے کی آمد پر پنجاب میں غیر اعلانیہ مارشل لا لگا دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ کی قیادت میں قافلہ لاہور انٹرچینج پہنچنے پر میڈیا سے گفتگو میں شفیع جان نے کہا کہ پنجاب غیرت مندوں کی سرزمین ہے، عوام نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کا بھرپور استقبال کیا، ہمیں (بقیہ نمبر 32)

2026 میں ہونے والی سرکاری چھٹیوں کا ممکنہ شیڈول سامنے آ گیا

اسلام آباد (این این آئی) سال 2026 میں ہونے والی سرکاری چھٹیوں کا ممکنہ شیڈول سامنے آ گیا۔ دستیاب معلومات کے مطابق نئے سال کی پہلی عام تعطیل 5 فروری کو یوم کشمیر کے موقع پر ہوگی۔ اس کے بعد مذہبی تہوار عید الفطر کی تعطیلات 21 مارچ سے 23 مارچ تک (بقیہ نمبر 21)

نیٹ میٹرنگ کی نئی درخواستوں کی رجسٹریشن نہیں روکی، بجلی کمپنیز

صارفین کو آن لائن پورٹل کے ذریعے اپلائی کرنے کا کہا جا رہا ہے، جواب

اسلام آباد (این این آئی) نئی نیٹ میٹرنگ درخواستیں روکنے پر نیپرا کے نوٹس پر بجلی کمپنیز نے نیٹ میٹرنگ درخواستوں کی رجسٹریشن سے متعلق جواب تیار کر لیا۔ ڈسکوز ذرائع کے مطابق بجلی کمپنیوں نے نیٹ میٹرنگ کی نئی درخواستوں کی رجسٹریشن نہیں روکی۔ صارفین کو مینوئل کے بجائے آن لائن پورٹل کے ذریعے اپلائی کرنے کا کہا جا رہا ہے۔ نئے صارفین پی آئی ٹی (بقیہ نمبر 20)

9 مئی مقدمات کا تحریری فیصلہ: محمود الرشید کو 33، یاسمین راشد، اعجاز چوہدری، عمر چیمہ کو 10، 10 سال قید

چار رہنماؤں نے ملک میں جلاؤ گھیراؤ کے لیے عوام میں انتشار پھیلایا، عدالت نے جرم ثابت نہ ہونے پر 23 ملزمان کو بری کر دیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے نو مئی کے دو مقدمات کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا جس میں محمود الرشید کو 33 سال، ڈاکٹر یاسمین، اعجاز چودھری اور عمر چیمہ کو دس دس سال قید کی سزا سنائی گئی۔ عدالت نے میاں محمود الرشید کو مجموعی طور پر 33 سال قید اور چھ لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ اور اعجاز چوہدری کو دس دس سال قید کی سزا سنائی، میاں محمود الرشید کو (بقیہ نمبر 33)

حملے کے بعد شہزاد اکبر کا بیان سامنے آ گیا، سوشل میڈیا پر وائرل تصویر جعلی قرار

پولیس نے حملہ آور کو گرفتار کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، قانون پر مکمل اعتماد ہے، سابق مشیر احتساب

لندن (این این آئی) برطانیہ میں نامعلوم شخص کی طرف سے کیے گئے حملے کے بعد شہزاد اکبر کا بیان سامنے آ گیا جس میں انہوں نے سوشل میڈیا پر وائرل اپنی تصویر کو جعلی قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان کے دور حکومت میں معاون خصوصی برائے احتساب رہنے والے شہزاد اکبر نامعلوم شخص کے حملے میں زخمی ہوئے تھے، جس پر انہوں نے اپنے بیان میں بتایا کہ حملے کے نتیجے میں ان کی ناک کی ہڈی ٹوٹی ہے اور چہرے پر بھی متعدد زخم آئے (بقیہ نمبر 22)

سہیل آفریدی کے سکیورٹی گارڈز اور پنجاب اسمبلی کے گارڈز کے درمیان ہاتھا پائی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد کے موقع پر حالات کشیدہ ہو گئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعلیٰ کے ہمراہ آنے والے سکیورٹی گارڈز اور پنجاب اسمبلی کے گارڈز کے درمیان ہاتھا پائی اور دھکم پیل ہوئی۔ وزیراعلیٰ کے پی کے دورے کے دوران ایوان میں بڑی تعداد میں لوگ داخل ہوئے، جس کی وجہ سے انتظامی مشکلات پیدا (بقیہ نمبر 25)

لاہور سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ، خواجہ غریب نواز قومی تصوف کانفرنس کے موقع پر چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کو کشف المحجوب کا تحفہ پیش کر رہے ہیں۔

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کراچی آمد کے موقع پر ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

پاکستان کسٹمز کی کارروائی، ٹرک سے کروڑوں مالیت کے اسمگل شدہ فونز برآمد

برآمد ہونے والے موبائل فونز کی مالیت 6 کروڑ 20 لاکھ روپے ہے، رپورٹ

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کسٹمز کی انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت ساکران روڈ سے آنیوالے گاڑی پر کارروائی میں کروڑوں مالیت کے اسمگل شدہ فونز برآمد کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق یہ کارروائی بلوچستان سے جمعرات کی صبح مصدقہ اطلاع موصول ہونے پر پیشگی اقدامات کی بدولت ممکن ہوئی۔ پیشگی اقدامات کے تحت اہم مقامات پر سادہ کپڑوں میں ملبوس (بقیہ نمبر 24)

اپوزیشن اتحاد نے حکومت سے مذاکرات کیلئے کمیٹی کو حتمی شکل دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی اپوزیشن کو مذاکرات کی پیشکش کے بعد اپوزیشن اتحاد نے حکومت سے مذاکرات کیلئے کمیٹی کو حتمی شکل دے دی۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی، علامہ ناصر عباس، مصطفیٰ نواز کھوکھر (بقیہ نمبر 23)

راجا ثاقب مجید کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس کے مرکزی رہنما راجا ثاقب مجید نے مسلم لیگ ن میں شمولیت کا فیصلہ کر لیا ہے۔ راجا ثاقب مجید (آج) 27 دسمبر کو کشمیر کونسل ہال اسلام آباد میں باقاعدہ طور پر مسلم لیگ ن میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کریں گے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 27)

رحیم یار خان میں تیتر کے غیر قانونی شکار میں مشغول 3 شکاری گرفتار

گجرات بارڈر ایریا سے مسکن سے بھٹکی مادہ سامبر ہرن ریسکیو کیا گیا

رحیم یار خان/گجرات (این این آئی) پنجاب میں وائلڈ لائف رینجرز نے غیر قانونی شکار کے حوالے سے مختلف کارروائیاں انجام دیں۔ تفصیلات کے مطابق رحیم یار خان میں تیتر کے غیر قانونی شکار میں مشغول 3 شکاریوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ ان پر ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح لیہ میں دو شکاریوں کے قبضے سے ذبح شدہ فاختہ اور کبوتر برآمد ہوئے جبکہ ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ گجرات بارڈر ایریا سے مسکن سے بھٹکی مادہ سامبر ہرن ریسکیو کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 26)

پنجاب حکومت کا اساتذہ کو کارکردگی الاؤنس دینے کا فیصلہ

اساتذہ کو اچھی کارکردگی پر 12 ہزار 500 روپے تک الاؤنس ملے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اساتذہ کو کارکردگی الاؤنس دینے کا فیصلہ کر لیا۔ پرائمری، ایلیمنٹری، ہائی اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں کے اساتذہ کو اچھی کارکردگی پر 5 ہزار سے 15 ہزار 500 روپے الاؤنس دیا جائے گا۔ پرائمری اسکولز کے اساتذہ کو اچھی پرفارمنس پر 5 ہزار الاؤنس ملے گا، ایلیمنٹری اسکولز کے اساتذہ کو 7500، ہائی اسکول (بقیہ نمبر 34)

ایس ایس پی آپریشنز کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر افسران کو حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 35)

کالجز میں اب من پسند افسران کو سرکاری رہائش گاہیں نہیں ملیں گی

رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے کالج پرنسپلز کو دیئے گئے اختیار منسوخ کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) کالجز میں اب من پسند افسران کو سرکاری رہائش گاہیں نہیں ملیں گی، رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے کالج پرنسپلز کو دیئے گئے اختیار منسوخ کر دیئے گئے۔ افسران، اساتذہ و ملازمین کو اب رہائش گاہ ڈی پی آئی کالجز آفس الاٹ کریگا، کالج پرنسپل کی جانب (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے دو مشکوک افراد اور (بقیہ نمبر 36)

لاہور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی پنجاب اسمبلی آ رہے ہیں۔

زبردستی کی حکومت ہم پر مسلط کی گئی، نفرت کی سیاست ختم ہونی چاہیے، مولانا فضل الرحمان

سسٹم کو بائی پاس کیا جائے گا تو ایسے مسائل جنم لیں گے، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کے ریمارکس

خان پور (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ نفرت کی سیاست ختم ہونی چاہیے، زبردستی کی حکومت ہم پر مسلط کی گئی، ہمارا واضح مؤقف ہے مدارس انتہا پسندی پیدا نہیں کرتے، آئیں مذاکرات سے معاملات طے کریں اور فیصلوں پر عمل ہو۔ مدرسہ جامعہ مخزن العلوم میں خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ صحابہ کرامؓ پوری دنیا میں دین کا پیغام لے کر پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری (بقیہ نمبر 28)

لائیو پروگرام کے دوران مداخلت احسن اقبال نے وضاحت پیش کر دی

مجھے امید ہے اس معاملے پر غیر ضروری سیاست نہیں کی جائے گی، وفاقی وزیر احسن اقبال

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے نجی ٹی وی پر لائیو پروگرام کے دوران ہونے والی مداخلت پر وضاحت پیش کردی۔ذرائع کے مطابق گزشتہ روز وفاقی وزیر احسن اقبال نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شریک تھے اور گفتگو کر رہے تھے کہ اسی دوران کسی کی مداخلت کی وجہ سے ان کا موبائل بند ہوگیا۔صارفین نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا کہ آخر کار وفاقی وزیر کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا۔اس پر صحافی اجمل جامی کے ٹوئٹ کا جواب دیتے ہوئے احسن اقبال نے لکھا کہ ایک شخص کی بحث کے باعث اس وقت ایک مختصر سی رکاوٹ آگئی تھی۔

بانی نے محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو مذاکرات کا اختیار دیا ہے، اخونزادہ حسین

فواد چوہدری کی نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی سے ہمارا کوئی لینا دینا نہیں، نہ ہم اہمیت دیتے ہیں، ترجمان تحریک تحفظ آئین

اسلام آباد(این این آئی)تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو مذاکرات کا اختیار دیا ہے۔ایک انٹرویو میں اخونزادہ حسین نے کہا کہ ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے نئے میثاق کی ضرورت ہے، محمود اچکزئی نے کہا تھا ہمارے مذاکرات کا مرکز اڈیالہ جیل ہوگا اور وہیں سے رہنمائی لیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کی بات کی ہے، اپوزیشن مذاکرات کیلئے پہل نہیں کرتی، حکومت پہل کرتی ہے، ہم نے حکومت کے مذاکرات کی پیشکش کا جواب دے دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ فضل الرحمان قابل احترام ہیں، انہیں قومی کانفرنس میں مدعو کیا تھا، انہوں نے کراچی میں مصروفیت کے باعث شرکت کرنے سے معذرت کی تھی۔

پتوکی میں مبینہ پولیس مقابلہ میں منشیات فروش اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک دیگر ملزمان موقع سے فرار

پتوکی (این این آئی) پتوکی میں مبینہ پولیس مقابلہ میں منشیات فروش اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک دیگر ملزمان موقع سے فرار۔ڈی ایس پی سرکل پتوکی رانا سجاد اکبر کے تھانہ صدر پتوکی کے علاقہ چک نمبر 69 میں سی سی ڈی پولیس اور مختلف مقدمات میں مطلوب منشیات فروش ساجد عرف چٹا سمیت دیگر کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ ہوا جسکے نتیجہ میں منشیات فروش ساجد عرف چٹا اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے موقع پر ہلاک ہو۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ لاڑکانہ میں 600 نئے بستروں پر مشتمل اسپتال پروجیکٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عقیدہ ختم نبوت اسلام کا بنیاد اور اساس ہے' سنی علما کونسل

امت کے تمام طبقات کی محنت کے نتیجے میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا تھا' حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کی بنیاد اور اساس ہے۔نئی نسل کو اپنے ایمان کے تحفظ کے لیے قادیانیوں کے غلط عقائد کے بارے میں آگاہی حاصل کرنی چاہیے۔امت کے تمام طبقات کی مشترکہ محنت کے نتیجے میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا تھا۔اپنے بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اور ناموس رسالت ﷺ کا تحفظ کرنے والے دراصل حضور ﷺ کی ذات اقدس کے نگہبان ہیں۔ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے جو کلمہ طیبہ کی بنیاد پر وجود میں آئی، اس کا سرکاری مذہب اسلام ہے اور قرارداد مقاصد اس کے آئین کا حصہ ہے۔اسلام اور آئین پاکستان نے اقلیتوں کو جو حقوق دیے ہیں، وہ پاکستان میں انہیں مکمل طور پر حاصل ہیں

اسلام آباد، ایف آئی اے امیگریشن کی کارروائی، جعلی سفری دستاویزات والے 4 مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد ائرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے والے 4 مسافر آف لوڈ کر دیئے۔مسافروں میں محمد عمران، میاں توصیف، سلطان افضل اور عبدالرحمان شامل ہیں۔ مسافر فلائٹ نمبر CZ8070 کے ذریعے ورک ویزے پر نیوزی لینڈ جا رہے تھے۔مسافروں کا تعلق اسلام آباد، راولپنڈی اور پشاور سے ہے۔

منبر و محراب سے دعوت الی اللہ کا پیغام عام کیا جائے مولانا طارق جمیل

ریاست پاکستان کا احترام کیا جائے اور ملک میں انتہاء پسندی سے نوجوان نسل دور رہے، خطاب

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد مبلغ اسلام مولانا طارق جمیل نے قوم میں اتحاد اور وحدت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ریاست پاکستان کا احترام کیا جائے اور ملک میں انتہاء پسندی سے نوجوان نسل دور رہے۔منبر و محراب سے امن، اتحاد اور دعوت الی اللہ کا پیغام عام کیا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ قاسمیہ فیصل آباد میں 66 واں تعلیمی مکمل ہونے پر جامعہ قاسمیہ کے فضلاء و حفاظ کرام کی دستار بندی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

میاں نواز شریف کے قومی احسانات صدیوں یاد رکھے جائیں گے، چوہدری برجیس طاہر

بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور میاں نواز شریف کے یوم پیدائش پر قوم محسنوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف کے قومی احسانات کو صدیوں یاد رکھے جائیں گے، بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور میاں نواز شریف کے یوم پیدائش پر قوم محسنوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ نواز شریف کا ناقابل فراموش کارنامہ ہے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر، سابق گورنر اور وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنے محسنوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کے یوم پیدائش پر پوری قوم ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف کے قوم کے لیے کیے گئے احسانات صدیوں تک یاد رکھے جائیں گے۔

راولپنڈی، سوتیلے بیٹے نے بیوہ ماں کو کلہاڑی کے وار سے قتل کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کلر سیداں میں سوتیلے بیٹے نے بیوہ ماں کو کلہاڑی کے وار کر کے قتل اور دوسری خاتون کو زخمی کر دیا۔واقعہ سروبا چوہدریاں کے علاقے میں پیش آیا۔مقتولہ چاند بی بی کی لاش اور زخمی ہونے والی خاتون رقیبن بی بی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تحقیقات شروع کر دی۔ پولیس نے فرار ہونے ملزم محمد رضا کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق 45 سالہ ملزم محمد رضا نفسیاتی مریض اور غیر شادی ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ: 2025 میں 15 ہزار 805 کیسز نمٹا دیے

جسٹس بابر ستار اور جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان پر مشتمل بنچ نے سب سے زیادہ 412 کیسز نمٹائے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سال 2025 کے دوران مجموعی طور پر 15 ہزار 805 کیسز نمٹائے، عدالت کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔عدالت کی رپورٹ کے مطابق سنگل بنچز نے 11 ہزار 108 جبکہ لارجر اور ڈویژن بنچز نے 4 ہزار 697 کیسز نمٹائے، جسٹس انعام امین منہاس رواں سال سب سے زیادہ 2 ہزار 39 کیسز نمٹا کر سرفہرست رہے، جسٹس محمد اعظم خان نے 1 ہزار 841 کیسز نمٹا کر دوسرا جبکہ جسٹس محمد آصف نے 1 ہزار 338 کیسز نمٹا کر تیسرا نمبر حاصل کیا۔ رپورٹ کے مطابق جسٹس انعام امین منہاس رواں سال سب سے زیادہ 2 ہزار 39 کیسز نمٹا کر سرفہرست رہے، جسٹس محمد اعظم خان نے 1 ہزار 841 کیسز نمٹا کر دوسرا جبکہ جسٹس محمد آصف نے 1 ہزار 338 کیسز نمٹا کر تیسرا نمبر حاصل کیا۔

پشاور، محکمہ ایکسائز کی کارروائی، 100 کلو منشیات پاؤڈر برآمد

پشاور (این این آئی) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول خیبر پختونخوا نے کارروائی کرتے ہوئے پشاور میں 100 کلو کیمیکل ڈرگ پاؤڈر برآمد کر لیا۔ تھانہ ایکسائز پشاور ریجن کی کارروائی کے دوران گودام پر چھاپہ مارا گیا جس میں دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔ برآمد شدہ پاؤڈر ہیروئن و آئس سمیت دیگر منشیات میں ملاوٹ کیلئے استعمال ہوتا تھا۔

کراچی: کراچی کلب کے سالانہ انتخاب سال 2026 میں پروگریسیو گروپ کا تمام نشستوں پر کلین سویپ کرنے کے بعد الیکشن کمشنر سعید سومرو ڈپٹی کمشنر حفیظ غازیانی و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

اسد قیصر کا 8 فروری کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا اعلان

مذاکرات کی کوئی ٹائم لائن نہیں، ہم کوئی شرائط نہیں رکھ رہے صرف اپنا ایجنڈا پیش کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اسد قیصر نے 8 فروری کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سنگین مسائل کا شکار ہے، ہمارا مؤقف ہے جمہوریت، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی ہونی چاہیے۔ایک انٹرویو میں سابق سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ 8 فروری کو عوام سے ووٹ چھینا گیا یہ سب سے بڑا چیلنج ہے، 1973 کے آئین کی اصل شکل میں بحالی اور عوام کے ووٹ کا حق تسلیم کیا جائے۔

سپریم کورٹ، مخالفین کے گھر جانور جلانے کے ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری مسترد

قرآن پر فیصلے ہمارے قانون میں نہیں، ایسا ہوتا تو جیلیں خالی ہوتیں، جسٹس ملک شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے ہیں کہ قرآن پر فیصلے ہمارے قانون میں نہیں، ایسا ہوتا تو جیلیں خالی ہوتیں جبکہ مخالفین کے گھر جانور جلانے کے ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست سپریم کورٹ نے مسترد کر دی۔ جمعہ کو چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جس میں جسٹس ملک شہزاد نے استفسار کیا کہ کیا واقعی گھر اور جانور جلائے گئے؟۔ پولیس اہل کار نے عدالت کو بتایا کہ گھر اور جانور جلائے گئے ہیں تاہم موقع سے گولیوں کے خول برآمد نہیں ہوئے۔ مدعی مقدمہ کے وکیل نے اپنے دلائل میں کہا کہ ملزم ہم سے پلاٹ خریدنا چاہتا ہے، پلاٹ نہ بیچنے پر گھر اور جانور جلائے گئے۔ جسٹس ملک شہزاد احمد نے سوال کیا کہ پولیس کی اعلانیہ غیر اعلانیہ تفتیش کیا کہتی ہے؟

اقوام متحدہ نے حرکۃ الشباب کو صومالیہ اور خطے کیلئے سب سے بڑا خطرہ قرار دیدیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے حرکۃ الشباب کو صومالیہ اور خطے کیلئے سب سے بڑا خطرہ قرار دیدیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پیچیدہ اور غیر روایتی حملوں سے متعلق ماہرین نے مزید کہا کہ صومالی اور بین الاقوامی افواج کی جانب سے القاعدہ سے وابستہ حرکۃ الشباب کی کارروائیوں کو روکنے کے لئے جاری مسلسل کوششوں کے باوجود صومالیہ کے اندر پیچیدہ اور غیر روایتی حملے کرنے کی اس گروپ کی صلاحیت میں کوئی کمی نہیں آئی۔

کویت میں انرجی ڈرنکس کی خریداری کیلئے عمر کی حد مقرر، 18 سال سے کم عمر افراد کیلئے ممنوع قرار

کویت سٹی (این این آئی) کویت میں انرجی ڈرنکس کے استعمال کو قابو میں لانے کے لئے حکومت نے سخت قوانین نافذ کر دیے ہیں، جن کے تحت 18 سال سے کم عمر افراد کے لئے ان مشروبات کی خرید و فروخت ممنوع قرار دی گئی ہے۔ بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے مطابق کویت کی وزارت صحت نے انرجی ڈرنکس کی تیاری، درآمد اور فروخت کو ضابطے میں لانے کے لیے ایک نیا وزارتی حکم نامہ جاری کیا ہے، اس فیصلے کے مطابق اب انرجی ڈرنکس صرف بالغ افراد ہی خرید سکیں گے۔

مظفرآباد: میڈیا پرسن ہارون آزاد، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے پریس سیکرٹری آصف راٹھور کو عہدے پر تعیناتی کی مبارکباد دے رہے ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ بہن بھائی کے درمیان جائیداد کا تنازع 16 سال بعد حل

بھائی کا وراثتی جائیداد زبانی تحفے میں ملنے کا دعویٰ مسترد، بہن کو حصہ دینے کا سیشن کورٹ کا فیصلہ درست قرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بھائی بہن کے درمیان وراثتی جائیداد کا تنازع 16 سال بعد حل کرتے ہوئے بھائی کا وراثتی جائیداد زبانی تحفے میں ملنے کا دعویٰ مسترد کر دیا۔ جسٹس رسال حسن سید نے شہری محمد ریاض کی اپیل پر نو صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے وراثتی جائیداد سے بہن کو حصہ دینے کا سیشن کورٹ کا فیصلہ درست قرار دیا۔ فیصلہ میں بتایا گیا کہ درخواست گزار کے مطابق والد نے 2009ء میں ساری جائیداد زبانی تحفے کے ذریعے اسکے نام کر دی۔

لاہور: آل پاکستان کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشن کے چیئرمین خواجہ عون عباس بسنت فیسٹیول کے انعقاد کے حوالے سے شہریوں کی موٹر سائیکلوں پر سیفٹی راڈ لگا رہے ہیں۔

پاکستان کی فشریز انڈسٹری کی برآمدات میں اضافہ

رواں سال گہرے سمندر میں مچھلی کا شکار کرنے کے لائسنس دینے کا معاملہ بھی حل ہوگیا ہے، ڈائریکٹر جنرل میرین فشریز

اسلام آباد (این این آئی) سال 2025 کے دوران مچھلی کی ایکسپورٹ میں 19 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ گزشتہ دو سالوں میں مجموعی طور پر تقریباً 40 فیصد ایکسپورٹ بڑھی ہے۔ یہ بات ڈائریکٹر جنرل میرین فشریز پاکستان ڈاکٹر منصور علی وسان نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بتائی۔ گزشتہ سالوں کے اعداد و شمار بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی سال 24-2023 میں مختلف ممالک کو 406 ملین ڈالرز کی مچھلی ایکسپورٹ کی گئی جبکہ 25-2024 میں بیرون ملک مچھلی کی ایکسپورٹ کا حجم بڑھ کر 489 ملین ڈالر ہوگیا، اسی طرح رواں سال بھی اسی تناسب سے ایکسپورٹ میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امریکا میں مچھلی کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں بھی 2025 کے دوران اہم پیش رفت ہوئی ہے، امریکی میرین میملز ایکٹ پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے بعد اب ہم امریکا میں اپنی مچھلی ایکسپورٹ کرنے کے اہل بن گئے ہیں۔ یہ معاملہ 2018 سے التوا کا شکار تھا جو اس سال حل ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امریکا کو جھینگے کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں بھی اس سال اہم پیش رفت ہوئی ہے

لیسکو نے اے ایم آئی سنگل فیز سمارٹ میٹرز منصوبے پر عملدرآمد کی بجائے یوٹرن لے لیا

پھر پرانے "سٹیٹک میٹرز" کی خریداری کا عمل شروع، لیسکو سنگل فیز میٹرز کیلئے ایک ارب کے اخراجات برداشت کریگی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے اے ایم آئی سنگل فیز سمارٹ میٹرز منصوبے پر عملدرآمد کرنے کی بجائے یوٹرن لے لیا۔ کمپنی نے پھر پرانے "سٹیٹک میٹرز" کی خریداری کا عمل شروع کر دیا، لیسکو سنگل فیز میٹرز کیلئے ایک ارب کے اخراجات برداشت کرے گی۔ لیسکو نے 2 لاکھ 25 ہزار سنگل فیز سٹیٹک میٹرز کی خریداری کا فیصلہ کیا، دو ماہ قبل سٹیٹک میٹرز پر پابندی لگا کر سمارٹ میٹرز کی خریداری کا فیصلہ کیا گیا۔ وزارت پاور ڈویژن کی ہدایات پر اچانک عام میٹرز کی تنصیب پر پابندی لگائی گئی، لیسکو کے پاس سٹاک نہ ہونے سے صارفین کو میٹرز کی تنصیب نہیں ہو سکی۔ وزارت پاور ڈویژن کے مراسلے کا سہارا لیکر لیسکو نے صارفین کو دربدر کر دیا تھا، لیسکو کو نیو کنکشن اور ڈیفیکٹو کوڈ کی بنیاد پر سنگل فیز میٹرز کی ضرورت ہے، کمپنی نے صارفین کی سہولت کیلئے دوبارہ سٹیٹک میٹرز کی خریداری شروع کی۔

مظفرآباد: وزیر خوراک جاوید اقبال بڑھانوی اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں۔

چین، پاکستان آبدوز معاہدہ سے بحری دفاعی صلاحیت میں بڑا اضافہ ہوگا، زبیر طفیل

آبدوزیں خطے میں طاقت کے توازن، بحری دفاع، اور امن و استحکام کے قیام میں اہم کردار ادا کریں گی، صدر یو بی جی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی بزنس کمیونٹی کی سب سے بڑی نمائندہ تنظیم یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے صدر اور ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر زبیر طفیل نے چین، پاکستان آبدوز معاہدے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے سے پاکستان کی بحری دفاعی صلاحیت میں بڑا اضافہ ہوگا۔ واضح رہے کہ بیجنگ مجموعی طور پر 8 جدید آبدوزیں پاکستان کو دے گا جس میں چار چین میں اور باقی چار آبدوزیں پاکستان میں کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس میں ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی کے تحت تعمیر کی جا رہی ہیں۔ زبیر طفیل نے کہا کہ یہ آبدوزیں جدید ہتھیاروں اور سینسرز سے لیس ہوں گی جو پاکستان کی زیر آب جنگی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کریں گی اور ان آبدوزوں سے پاکستان کی سمندری طاقت میں بھرپور اضافہ ہوگا۔ زبیر طفیل نے کہا کہ اس سے پہلے پاک بحریہ نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے ہنگور کلاس کی چوتھی آبدوز 'غازی' کو چین کے شہر ووہان میں لانچ کیا تھا۔

کراچی: چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر اور محمد علی ارشد کے ہمراہ یو سی 3 میں گلیوں کی پیور بلاک مکمل ہونے پر افتتاح کر رہے ہیں۔

جے یو آئی پنجاب کے شعبہ اطلاعات کا اجلاس

مولانا فضل الرحمن کی دینی و سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے ضلعی ناظمین اطلاعات کا آن لائن اجلاس صوبائی ناظم اطلاعات حافظ غضنفر عزیز کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں 12 جنوری کو لاہور میں منعقدہ ڈیجیٹل میڈیا کنونشن کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت کی گئی، اجلاس میں صوبہ بھر کے نظما اطلاعات نے بھرپور جوش و جذبے سے شرکت کی، اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کو میڈیا کے میدان میں مزید فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ ڈیجیٹل میڈیا کنونشن میں جماعتی فیصلہ کے مطابق صوبہ بھر کے ناظمین اطلاعات بھرپور شرکت کریں گے اور اس کنونشن کے لئے بھرپور تشہیری مہم کا آغاز کریں گے۔ اجلاس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی دینی و سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ملکی سیاسی صورتحال میں ان کے موقف کو ہی ملک و قوم کی فلاح و بہبودی کی ضمانت قرار دیا گیا۔ اجلاس میں میڈیا اور ابلاغ کی اہمیت اور اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

مرحوم سرکاری ملازمین کے کوٹے سے متعلق سندھ حکومت کی درخواستیں مسترد

جو مقدمات پہلے ہی نمٹ چکے ہیں، انہیں دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا، سپریم کورٹ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے مرحوم سرکاری ملازمین کے کوٹے سے متعلق سندھ حکومت کی درخواستیں مسترد کر دیں۔ جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس صلاح الدین پنہور نے کیس پر سماعت کی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے تین رکنی بینچ کا تفصیلی فیصلہ تحریر کیا۔ سپریم کورٹ نے مرحوم کوٹہ کے تحت ملازمت سے متعلق سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے برقرار رکھ دیے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جو مقدمات پہلے ہی نمٹ چکے ہیں، انہیں دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا۔ سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے کہ سندھ ہائی کورٹ کے احکامات میں کوئی قانونی سقم موجود نہیں، مرحوم کوٹہ سے متعلق فیصلے حتمی حیثیت اختیار کر چکے ہیں، مرحوم کوٹہ سے متعلق قوانین کی منسوخی کے فیصلے کو ماضی پر لاگو نہیں کیا جائے۔ عدالت عظمیٰ نے ریمارکس دیے کہ جنرل پوسٹ آفس کیس کا فیصلہ سابقہ نمٹائے گئے مقدمات پر لاگو نہیں ہوگا، عدالتی فیصلے اصولاً مستقبل پر لاگو ہوتے ہیں۔

کرم: قبائلی ضلع کرم کی وسطی تحصیل کے مختلف علاقوں سے مقامی افراد نقل مکانی کر رہے ہیں۔

ایڈیشنل آئی جی کراچی کا اورنگی میں منعقد ہونے والے سالانہ تبلیغی اجتماع کا دورہ

متعلقہ پولیس افسران نے انہیں سیکیورٹی پلان اور تعینات نفری سے متعلق بریفنگ دی

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے اورنگی ٹاؤن کراچی میں منعقد ہونے والے سالانہ تبلیغی اجتماع کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ویسٹ اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران ایڈیشنل آئی جی کراچی نے اجتماع گاہ کے سیکیورٹی انتظامات اور مجموعی امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا متعلقہ پولیس افسران نے انہیں سیکیورٹی پلان اور تعینات نفری سے متعلق بریفنگ دی۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی نے اجتماع کے منتظمین سے بھی ملاقات کی اور سیکیورٹی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کی ہدایات جاری کیں۔ سالانہ تبلیغی اجتماع کی سیکیورٹی کے لیے کراچی پولیس کے 2300 افسران و ملازمان مختلف شفٹس میں ڈیوٹی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

دھی رانی پروگرام کا دائرہ کار 3 ہزار سے بڑھا کر 5 ہزار کرنے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے نقد گرانٹ 1 لاکھ سے بڑھا کر 2 لاکھ روپے کرنے کی بھی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے دھی رانی پروگرام کا دائرہ کار 3 ہزار سے بڑھا کر 5 ہزار کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دھی رانی پروگرام میں نقد گرانٹ 1 لاکھ سے بڑھا کر 2 لاکھ روپے کرنے کی بھی منظوری دے دی۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے مالی سال 2025-26 کے لیے دھی رانی پروگرام کے لیے ایک ارب 70 کروڑ روپے مختص کر دیئے، پروجیکٹ اسٹیئرنگ کمیٹی نے بھی اس اضافے کی منظوری دے دی ہے۔

سرگودھا، پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری، غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی

پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری پر 86 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جو آئندہ 10 دنوں میں مکمل کر لیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر خوشاب

سرگودھا (این این آئی) کمشنر جہانزیب اعوان کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری، غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی، افغان سیٹلمنٹس کی واپسی اور اربن ری جنریشن و سٹی بیوٹیفکیشن پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے بتایا کہ پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری پر 86 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شادی ہالز میں ون ڈش اور وقت کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور اسسٹنٹ کمشنرز اس عمل کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے پولیو مہم سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر خوشاب نے بتایا کہ پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری پر 86 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جو آئندہ 10 دنوں میں مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف جاری کارروائی اور بیوٹیفکیشن کے مختلف منصوبوں سے بھی آگاہ کیا۔

اٹلی میں بھارتی سفارتخانے کے باہر سکھ فار جسٹس تنظیم کا احتجاجی مظاہرہ

میلان (این این آئی) اٹلی کے شہر میلان میں بھارتی سفارتخانے کے باہر سکھ فار جسٹس تنظیم کے تحت احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے بنگلہ دیش طلبہ تحریک کے رہنما عثمان ہادی اور ہردیپ سنگ نجر کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ یورپی یونین اور عالمی برادری واقعات کا نوٹس لے اور آزاد تحقیقات کروائے، غیر ملکی میڈیا کے مطابق مظاہرین نے خالصتان کی آزادی تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان بھی کیا۔

لاہور: پنجاب یونیورسٹی پاکستان سٹڈی سنٹر کے زیر اہتمام لیکچر میں ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر امجد عباس خان، امریکہ سے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مثال سیف و دیگر کا گروپ فوٹو۔

کراچی، ڈاکٹر عمران فاروق کے صاحبزادے لندن سے کراچی پہنچ گئے

بعض فنی مسائل کے باعث مرحومہ کا جسد خاکی جمعہ کے روز کراچی نہیں پہنچ سکا، افتخار عالم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما افتخار عالم نے کراچی ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما مرحوم ڈاکٹر عمران فاروق کی اہلیہ مرحومہ شمائلہ عمران کا جسد خاکی اب ہفتہ کی علی الصبح نجی ایئر لائن کے ذریعے کراچی پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ بعض فنی مسائل کے باعث مرحومہ کا جسد خاکی جمعہ کے روز کراچی نہیں پہنچ سکا۔ افتخار عالم کے مطابق مرحوم ڈاکٹر عمران فاروق کے دونوں صاحبزادے عالی شان فاروق اور وجدان فاروق نجی ایئر لائن کے ذریعے لندن سے کراچی پہنچ چکے ہیں، جو اپنی آمد کے بعد اپنے ماموں کے ہمراہ ان کے گھر روانہ ہو گئے۔ انہوں نے بتایا کہ مرحومہ شمائلہ عمران کی نماز جنازہ ہفتہ کو بعد نماز ظہر رحمانیہ مسجد، طارق روڈ پر ادا کی جائے گی۔

لاہور ڈویلپمنٹ پلان کا تکمیلی ہدف اور فنڈز جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ بلدیات نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان فیز ٹو کو 30 جون تک مکمل کرنے کا ہدف دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق لاہور ڈویلپمنٹ پلان کی کل 5643 گلیوں میں سے 5588 گلیاں پختہ کی جا چکی ہیں۔ فیز ٹو کے تحت کل 8780 گلیوں میں سے اب تک 1900 گلیاں پختہ کی جا چکی ہیں۔ محکمہ خزانہ ن کی جانب سے اس پلان کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اب تک 58 ارب روپے جاری کر دیے گئے ہیں

پنجاب میں ہول کے ڈھکن چوری میں ملوث مافیا کیخلاف سخت اقدامات کا فیصلہ

مین ہول کے ڈھکن چوری کرنے پر قید اور جرمانے کیے جائیں گے' سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مین ہول کے ڈھکن چوری میں ملوث مافیا کے خلاف سخت اقدامات کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے کہا کہ مین ہول کے ڈھکن چوری کرنے پر قید اور جرمانے کیے جائیں گے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ ڈھکن کی چوری میں ملوث افراد کی نشاندہی کے لیے تمام اضلاع کی اسپیشل برانچ ٹیموں کی مدد لی جائے۔ سیکرٹری ہاسنگ نے ہدایت کی کہ تمام ایم ڈیز واسا اپنے اضلاع میں مافیا کا سراغ لگانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

پاکستان کی فشریز انڈسٹری کی برآمدات میں اضافہ

رواں سال گہرے سمندر میں مچھلی کا شکار کرنے کے لائسنس دینے کا معاملہ بھی حل ہوگیا ہے، ڈی جی میرین فشریز پاکستان

کراچی (این این آئی) سال 2025 کے دوران مچھلی کی ایکسپورٹ میں 19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ گزشتہ دو سالوں کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 40 فیصد برآمدات بڑھی ہیں۔ اس ضمن میں ڈائریکٹر جنرل میرین فشریز پاکستان ڈاکٹر منصور علی وسان نے بتایا کہ گزشتہ سالوں کے اعداد و شمار بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی سال 24-2023 میں مختلف ممالک کو 406 ملین ڈالرز کی مچھلی ایکسپورٹ کی گئی جبکہ 25-2024 میں بیرون ملک مچھلی کی ایکسپورٹ کا حجم بڑھ کر 489 ملین ڈالر ہوگیا۔ اسی طرح رواں سال بھی اسی تناسب سے ایکسپورٹ میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امریکا میں مچھلی کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں بھی 2025 کے دوران اہم پیش رفت ہوئی ہے، امریکی میرین میملز ایکٹ پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے بعد اب ہم امریکا میں اپنی مچھلی ایکسپورٹ کرنے کے اہل بن گئے ہیں۔ یہ معاملہ 2018 سے التوا کا شکار تھا۔

کراچی، پلاسٹک کے گودام میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا، کوئی جانی نقصان نہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے لانڈھی ریڑھی گوٹھ، چشمہ گوٹھ کے قریب واقع ایک پلاسٹک کے گودام میں اچانک آگ لگ گئی۔ اطلاع ملتے ہی ایدھی ایمبولینس اور رضا کار موقع پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیاں شروع کر دی گئیں۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ بجھانے کے لیے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں فوری طور پر روانہ کی گئیں، جن میں سے دو گاڑیوں کی مدد سے آگ پر قابو پالیا گیا ہے، جبکہ کولنگ کا عمل جاری ہے۔

غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے والے 257 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کا تعلق پنجاب، سندھ، کے پی، بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ہے

کراچی (این این آئی) دسمبر 2025 کے دوران غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے میں ملوث 257 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق رواں ماہ کے دوران سمندر کے راستے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 257 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کا تعلق پنجاب سندھ، کے پی، بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ہے۔ گرفتار ملزمان میں 34 غیر ملکی بھی شامل ہیں جبکہ گرفتار 34 غیر ملکیوں میں 30 کا تعلق افغانستان، 2 کا تعلق بنگلہ دیش جبکہ 2 کا تعلق ایران سے ہے۔ گرفتار ملزمان میں 142 کا تعلق پنجاب، 12 کا تعلق سندھ سے ہے۔ گرفتار ملزمان میں 63 کا تعلق کے پی کے سے ہے۔ ملزمان کو جیوانی سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے پاکستان سے ایران جا رہے تھے۔

کراچی، مختلف علاقوں میں الگ الگ واقعات میں 4 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں الگ الگ واقعات میں 4 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق زمان ٹاؤن کے علاقے کورنگی نمبر 04 سیکٹر 50A شایان کریمی مسجد کے قریب فائرنگ سے نوجوان زخمی ہوگیا۔ جسے جناح اسپتال منتقل کیا گیا جہاں مضروب کی شناخت 25 سالہ معیز کے نام سے ہوئی ایس ایچ او راو اورنگزیب نے بتایا کہ واقعہ ڈکیتی مزاحمت کے دوران پیش آیا۔

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت محکمہ ٹرانسپورٹ کا اہم اجلاس ہو رہا ہے۔

غیر رجسٹرڈ کرایہ دار سکیورٹی رسک ہیں: سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ

لاہور پولیس کا کرایہ داری ایکٹ پر عملدرآمد، خلاف ورزی پر بلا تفریق کارروائیاں، سینکڑوں گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر رواں سال کارروائیاں کرتے ہوئے 2722 افراد کو گرفتار کر کے 1785 مقدمات درج کیے ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ محفوظ لاہور کے وژن کے تحت کرایہ داری ایکٹ پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ کرایہ داری ایکٹ کے تحت درج کوائف کی جانچ پڑتال کا عمل مسلسل جاری ہے۔

اے این ایف نے کراچی بندرگاہ پر منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

درآمد شدہ کنٹینر سے 47 کلو منشیات ضبط، مالیت عالمی مارکیٹ میں لاکھوں ڈالرز ہے

کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کراچی بندرگاہ پر منشیات اسمگلنگ کی مذموم کوشش ناکام بنا دی۔ اے این ایف نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے درآمد شدہ کنٹینر سے 47 کلو منشیات ضبط کر لی۔ یہ انسداد منشیات کے حوالہ سے اینٹی نارکوٹکس فورس کی کوکین ضبط کرنے کی سب سے بڑی کارروائی ہے۔ اے این ایف کی جانب سے ضبط کی گئی منشیات کی مالیت عالمی مارکیٹ میں لاکھوں ڈالرز بنتی ہے۔ انٹیلی جنس پروفائیلنگ اور رسک اسیسمنٹ کی بنیاد پر اے این ایف نے اسکریپ کے 7 کنٹینرز کو مشکوک قرار دیا۔ گوجرانوالہ روانہ ہونے سے پہلے 7 درآمدی کنٹینرز کی نہایت باریک بینی سے مکمل جانچ پڑتال کی گئی۔ جامع تلاشی کے نتیجے میں اے این ایف نے ایک کنٹینر کے اندر چھپائی گئی کوکین برآمد کر لی۔

کراچی، مدینہ کالونی میں مضر صحت گٹکا ماوا کا کارخانہ بے نقاب، ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے مدینہ کالونی میں پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت گٹکا ماوا تیار کرنے والا کارخانہ پکڑ لیا۔ ایس ایس پی کیماڑی امجد شیخ کے مطابق پولیس نے چھاپہ مار کارروائی کے دوران کارخانے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی امجد شیخ نے بتایا کہ مدینہ کالونی کے رہائشی علاقے میں خفیہ طور پر گٹکا ماوا تیار کیا جا رہا تھا۔

کراچی: صدر میں واقع تاریخی سینٹ پیٹرک چرچ میں کتابیں فروخت کی جا رہی ہیں۔

عزیز آباد یو سی 6 میں منظور شدہ پیور بلاک کا کام تاحال شروع نہ ہو سکا

کراچی (این این آئی) عزیز آباد یونین کونسل 6 کے علاقے بھنگوریہ گوٹھ میں ایک سال قبل منظور ہونے والا پیور ورک تاحال شروع نہ ہو سکا، جبکہ اسی دوران وائس چیئرمین یونین کونسل 6 نے اپنی ذاتی رہائش کے اطراف پیور ورک مکمل کروالیا، جس پر علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بھنگوریہ گوٹھ میں جامع مسجد الفاروق سے جامع مسجد علی تک پیور ورک دو مرتبہ باقاعدہ طور پر منظور کیا گیا تھا، تاہم بغیر کسی تحریری وضاحت کے یہ منصوبہ اچانک ملتوی کر دیا گیا۔

حکومت صنعت و تجارت کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرے پیاف

ملک میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پالیسیوں میں تسلسل، کاروبار دوست اصلاحات اور توانائی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ ملک میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، کاروبار دوست اصلاحات اور توانائی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان میں توانائی کی قیمتیں کئی گنا زیادہ ہیں۔

تحریر:
مسرت اللہ جان

بچپن اور بچپن کا محاورہ، کھیل اور تعلیم

بچپن میں سنتے تھے کہ پڑھوگے لکھوگے تو بنوگے نواب، کھیلوگے کھودوگے تو ہوگے خراب، خیر ہم بچپن سے اتنے پڑھاکو تو نہیں تھے لیکن اوسط درجے کے طالب علم تھے اوپر سے ہمارے داجی گل کی چارسدہ وال چپل اور ان کی بھاری بھر ہتھیلی کا تھپڑ ہمیں کھیلوں سے زیادہ سبق پڑھنے پر مجبور

ہے کہ آج سے اگر تین دہائی قبل کھیلوں کے میدان نہیں تھے تو کھلاڑی موجود تھے، بیشتر افراد ہم جیسوں کی طرح گراؤنڈز پر، روڈز پر دوڑیں لگاتے، ان دنوں سکولوں میں کھیلوں کے میدان میں بھی ہوتے تھے ان دنوں میں گراؤنڈز نہیں ہوتے تھے لیکن کھلاڑی

فنڈز مہیا کرتا، ان دنوں اس وزارت کی جانب کسی کا خیال نہیں تھا اس لئے زیادہ تر وزراء بھی اس سے بھاگ جاتے تھے کہ اس میں کیا رکھا ہے. ان دنوں کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد پر

جگہوں پر تعینات ہیں. پھر حالات کا پلٹا کھایا، وہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جو کبھی بورڈ ہوا کرتا تھا اب ڈائریکٹریٹ

ڈرائیور سمجھتے ہیں جو ان کیلئے دروازہ کھولے یا پھر ان

کیلئے ممبرشپ کے نام پر ہزاروں روپے فیس کی وصولی ابھی بھی جاری ہے اور اسے دگنا کرنے کیلئے میٹنگ کے سلسلے جاری ہے۔ .ٹیبل ٹینس کے بال سے لیکر بیڈمنٹن، آرچری، ٹینس، کرکٹ، باکسنگ، ہاکی، فٹ بال سمیت کم وبیش پینتیس ایسے کھیل جو اولمپک کیساتھ رجسٹرڈ ہیں ان کا سامان اتنا مہنگا ہے کہ دس میں سے صرف ایک ہی کھلاڑی خرید سکتا ہے باقی نو کو دینے کیلئے

. دوسری صورت میں "صاحب میٹنگ میں ہیں" والے جملے ہی سننے کو ملیں گے. خیبر پختونخواہ میں کھیلوں کے کسی بھی ایسوسی ایشنز کا نمائندہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ گذشتہ بیس سالوں میں کوئی ایسا اجلاس کسی بھی کھیلوں کی وزارت یا ڈائریکٹریٹ نے طلب کیا ہو، ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کو درپیش مسائل پر بات کی ہو، کھلاڑیوں کی

مقابلے میں کھیلوں سے وابستہ ڈیپارٹمنٹ کے افراد مقابلوں کے انعقاد کے پروپوزل پر خوش ہوتے ہیں، جو وہ خود کرانا چاہتے ہوں، یا پھر کنٹریکٹر کنٹریکٹر کی براہ راست میٹنگ سے لیکر بہت سارے معاملات، جس میں مالی طور پر کمیشن ملنے کا امکان ہو وہ بخوشی یہ

کرتا تھا کاش ہم بھی اچھے طالب علم ہوتے یا پھر رٹے مار کر مقابلے کا امتحان پاس کرتے تو "وڈے صاحب" تو بن جاتے .لیکن کھیلنے کا شوق نہیں چھوٹا اس لئے جب

موجود تھے. اب جبکہ گراؤنڈز موجود ہیں، سہولیات موجود ہیں تو کھلاڑی موجود نہیں. آج سے کم وبیش دو دہائی قبل گراؤنڈز میں کھیلنے پر کسی کی پابندی نہیں، کھیلوں کے

مختلف بینک، پرائیوٹ کمپنیاں سپانسر شپ بھی کرتی تھی اور کھلاڑی بھی زیادہ آتے تھے. شوق کی خاطر کھیلنے کیلئے آنیوالے ان کھلاڑیوں نے تعلیم پر بھی توجہ

بن گیا، کھیلوں کے بیشتر میدانوں کے ارد گرد بڑی بڑی دیواریں کھڑی کردی گئی، گراؤنڈ میں آنے جانے والوں پر پابندیوں کا آغاز ہوا اور ان سے وصولیوں کا آغاز ہوگیا اس شعبے میں ایسے لوگ آگئے جنہیں اس شعبے سے دلچسپی صرف اتنی ہے کہ وہ یہ دیکھتے ہیں کہ مقابلوں کے انعقاد میں ان کا فائدہ کیا ہے، انہیں ٹی اے ڈی اے کتنا ملے گا، کمیشن کتنا ملے گا، بیرون ملک ٹور کا امکان ہے کہ نہیں، بس یہی سے کھیلوں کی بربادی کا آغاز ہوگیا کیونکہ کھیلوں میں بیشتر نمایاں آنیوالے کھلاڑی انتہائی غریب لوگ ہوتے ہیں جو اسی شعبے میں آکر اپنا نام بناتے تھے، کسی بھی صوبائی یا قومی سطح کے کھلاڑی کی اگر ہسٹری دیکھی جائے تو حیرت انگیز طور پر ایک ہی مماثلت نظر آتی ہے اور وہ غربت اور محنت، اور ان دونوں چیزوں کی بدولت انہوں نے معاشرے میں اپنے لئے مقام پیدا کیا لیکن اب ایسا نہیں. کھیلوں کے میدانوں پر مسلط کئے

کے سامنے جی حضوری کرے. یہی وجہ ہے کہ ان کا بیشتر وقت "میٹنگ" میں مصروف ہیں پر گزرتا ہے حالانکہ اندرون

ہم اپنے سکول میں سینئر طلباء میں شامل ہوگئے یعنی نویں کلاس میں پہنچے تو فٹ بال اور ہاکی کے کھیل فل بیک کی حیثیت سے کھیلے، ان دونوں میدانوں میں بھی عام سے کھلاڑی تھے، لیکن ہمیں دوسروں کو دوڑانے میں مزا آتا تھا، ان دنوں ہمیں سکول میں سٹک، کٹ اور شوز ملتے تھے جو ٹورنامنٹ ختم ہونے کے بعد واپس کرنے ہوتے تھے لیکن پھر بھی ہم بہت خوش تھے کہ چلو ہم نے سپورٹس شوز جو آج سے کم و بیش تین دہائی پہلے بہت کم کھلاڑیوں کو کھیلنے کیلئے ملتے تھے ان میں ہم بھی شامل تھے. خیر اپنی بات پر آتے ہیں بچپن کا سفر تو ختم ہوا جواب اگلے چند سالوں میں پچپن تک اگر اللہ کو منظور ہوا تو پہنچ جائیگا لیکن بچپن اور پچپن کے اس سفر تک یہ محاورہ اب تبدیل ہوگیا یعنی کھیلو گے کھودو گے تو بنو

بیشتر ڈیپارٹمنٹ میں چند گنتی کے لوگ ہوتے، 1998 میں جب ہم نے روزنامہ آج پشاور میں کھیلوں کی رپورٹنگ کا آغاز کیا تھا اس وقت پشاور سپورٹس بورڈ ہوا کرتا تھا، ایک ڈائریکٹر تھا، دو اسسٹنٹ تھے، دو کلاس فور تھے چند مالی تھے اور ایک شریف قسم کے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر تھے، جو سائیکل پر آتے جاتے یہی بورڈ پورے صوبے میں کھیلوں کے مقابلوں کے انتظامات کرتا،

دی، کھیل پر بھی توجہ دی اور یہی وجہ ہے کہ آج بہت سارے اس زمانے کے کھلاڑی آج اپنی تعلیم اور کھیل کے بدولت

خانہ دفاتر میں چائے کے دور چلتے ہیں جہاں پر کنٹریکٹر، ٹھیکیداروں سے کمیشن اور تعیناتیوں پر بات چیت ہوتی ہیں. دو بندوں کے مابین ہونیوالے اس معاملے کو بھی صاحب لوگ میٹنگ کا نام دیتے ہیں اور کھیل سے وابستہ ہر شخص کیلئے ان کے پاس وقت نہیں ہوتا، حالانکہ "میٹنگ میٹنگ" کا ڈرامہ کرنے والے یہ صاحبان اسی کھیل اور انہی کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنے کی تنخواہیں لیتے ہیں لیکن بجائے اس کے کہ وہ کھیلوں، کھلاڑیوں کو سپورٹ کرے اپنی افسری جتاتے ہیں، حالانکہ اگر اگر کھیلوں کا ڈیپارٹمنٹ موجود ہے تو ان جیسوں کو جنہیں پاکستان میں افسری ملی ہوئی ہیں افغانستان جیسے ملک میں بھی لوگ "باتھ رومز کی صفائی" کیلئے بھی کوئی تعینات نہ کرے. الفاظ بہت زیادہ سخت ہے لیکن یہ کھیل اور کھلاڑیوں کیساتھ کتنا ظلم ہے کہ غریب آدمی کا بچہ کسی بھی گراؤنڈز میں نہیں جاسکتا، اگر کوئی ایسوسی ایشن مضبوط ہے یا پھر اس ایسوسی ایشن کے مشران دبنگ قسم کے ہیں تو پھر سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے افسران ان کے سامنے "بھیگی بلی" بنے ہوتے ہیں اور اگر کوئی ایسوسی ایشن کمزور ہے یا پھر اللہ میاں کی گائے، تو ان کیلئے سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے افسران "بدمعاش بنے ہوتے ہیں، کسی بھی گراؤنڈ میں داخل ہونے

کچھ نہیں، نہ ہی کٹس، نہ ہی شوز اور نہ ہی کوئی اور سہولت، بجائے کھلاڑیوں کو دینے کے سپورٹس کے شعبے سے وابستہ ڈیپارٹمنٹ ان سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ غریب کے بچے اپنی ممبرشپ فیس بھی جمع کریں گے، سامان بھی لیں گے اور ان کے کوچز سے ٹریننگ لیں گے اور پھر صوبے کا نام روشن کرینگے اور ان حالات میں اگر کوئی مشکل سے نکل بھی آئے گا تو سپورٹس کے شعبے کے صاحب لوگ یہ توقع کرینگے کہ ان کے دفتر پر جی حضوری کرینگے تبھی انہیں سہولیات مل سکیں گی

سہولیات کے حوالے سے ان سے تجاویز لی ہو، کئی پروپوزل لیا ہو، کھلاڑیوں کا ڈیٹا لیا ہو یا دیا ہو، اس بات کا دعوی کوئی بھی نہیں کرسکتا کہ کھیلوں سے وابستہ کسی بھی افسر نے جو اپنے آپ کو کتنا ہی "ایماندار" قرار دیتا ہو اس نے ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے انفرادی طور پر یا تمام ایسوسی ایشنز کو طلب کرکے بات کی ہو، سہولیات سے لیکر کوچز، ٹریننگ، کھلاڑیوں، مسائل سمیت کسی بھی شعبے پر بات کی ہو، ایسے میں کھلاڑی کیسے پیدا ہونگے کھیلوں کے میدان کیسے آباد ہونگے .ہاں اس کے

صاحب لوگ کراتے ہیں، کیا ان حالات میں کھیلوں کے میدان آباد ہونگے یا پھر کھیلوں کے میدان سے ٹھیکیدار نکلیں گے ایسے ٹھیکیدار جو جی حضوری، کمیشن ادا کرکے کام نکالنا جانتے ہو انہیں اسے کوئی غرض نہیں کہ کھیل اور کھلاڑی تباہ و برباد ہوگئے، میدان خالی ہوگئے اور نوجوان مثبت کے بجائے منفی سرگرمیوں کی جانب راغب ہونے لگے ہیں ہاں انہیں اپنے "بھرے پیٹوں" کی زیادہ فکر ہے جنہیں مزید بھرنے کیلئے وہ بہت کچھ کرنے کو تیار رہتے ہیں.

جانیوالے سرکاری افسران جن میں بیشتر "وڈے صاحب" لوگ ہیں یعنی امتحان پاس کرکے آتے ہیں، رٹا کرکے آنیوالوں میں کچھ کے دماغ رٹے سے خراب ہوجاتے ہیں اور وہ سب کو اپنا غلام سمجھتے ہیں، کھلاڑی اہم سے لیکر اس شعبے سے وابستہ ہر ایک کو اپنا

گے نواب، پڑھوگے لکھوگے تو ہوگے خراب، اور یہ واقعی سچ ہے. اور یہ سچ انتہائی کڑوا

افغانستان اور بھارت کو تنبیہ

جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) میں تقریب کے دوران چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تینوں مسلح افواج کے افسروں سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کو خبردار کیا کہ وہ کسی خودفریبی یا گمان کا شکار نہ رہے، اگلی بار پاکستان کا جواب اِس سے بھی برق رفتار اور شدید ہوگا۔ اُنھوں نے افغانستان کو بھی دوٹوک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ افغان طالبان حکومت کو فتنہ الخوارج یا پاکستان میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوگا، ان کا کہنا تھا کہ طالبان رجیم کو یہ پیغام بھیج دیا گیا ہے۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک اَمن پسند ملک ہے لیکن علاقائی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ سب جان لیں کہ پاکستان ناقابلِ تسخیر ہے، اس کی حفاظت کا عہد ایمان سے سرشار جانبازوں اور متحد قوم نے پختہ عزم سے کر رکھا ہے۔ سی ڈی ایف نے کہا کہ نئے ڈیفنس فورسز ہیڈ کوارٹرز میں بنیادی تبدیلی تاریخی ہے، بڑھتے خطرات کے سبب تینوں مسلح افواج متحد نظام کے ساتھ کام کریں گی۔ اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ ڈیفنس فورسز ہیڈ کوارٹرز کا قیام اِس تبدیلی کی جانب ایک ضروری قدم ہے، اعلیٰ کمانڈ کی یکجہتی کے ساتھ تینوں افواج اپنی اندرونی خودمختاری اور تنظیمی ڈھانچہ برقرار رکھیں گی، آپریشنل تیاریوں کے لئے اُن کی انفرادیت بھی برقرار رہے گی جبکہ ڈیفنس فورسز کا ہیڈ کوارٹر سروسز کے آپریشن کو مربوط اور ہم آہنگ کرے گا۔ تقریب سے قبل ملک کے پہلے سی ڈی ایف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جی ایچ کیو میں تینوں مسلح افواج کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، تقریب میں چیف آف دی نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف سمیت تینوں مسلح افواج کے اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔ یاد رہے کہ چند روز پہلے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بطور سی ڈی ایف نامزدگی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔ اُن کی بطور سی ڈی ایف تقرری اور ڈیفنس فورسز کی تشکیل کو 70ء کی دہائی کے بعد سے فوجی کمانڈ میں سب سے بڑی تنظیم نو قرار دیا جا رہا ہے۔ آئین کے آرٹیکل 243 میں 27 ویں ترمیم کے ذریعے قائم کیے گئے نئے نظام میں آپریشنل، انتظامی اور سٹرٹیجک اختیارات کو واحد ادارے میں مجتمع کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ ترمیم کے تحت چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کر کے 1976ء سے قائم تینوں افواج کے باہمی رابطہ نظام کو تحلیل کرتے ہوئے مشترکہ کمانڈ کا انضمام سی ڈی ایف کو منتقل ہو چکا ہے۔

پاکستان کی مشرقی سرحد پر بھارت ہے جبکہ مغربی سرحد پر افغانستان، اِس وقت دونوں اطراف ہی سے پاکستان کو خطرات لاحق ہیں۔ بھارت معرکہ حق میں شکست کھانے کے بعد بپھرا ہوا ہے، وہ بظاہر تو کسی قسم کا نیا ایڈوینچر کرنے کے قابل نہیں لیکن مسلسل آپریشن سندور جاری رکھنے کی بات کر کے دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے، وہی آپریشن سندور جس نے اُسے دنیا کے سامنے منہ دکھانے کے لائق نہیں چھوڑا۔ افواجِ پاکستان زخمی دشمن کی کسی بھی متوقع شرارت کے پیشِ نظر ہر دم چوکنا ہیں، اُسے خبردار بھی کر رہی ہیں کہ کسی بھی قسم کے غلط اقدام کو منہ توڑ جواب ملے گا۔ بھارت شکست کا بدلہ لینے کے لئے پراکسیوں کا سہارا لے رہا ہے، افغانستان کو بھی استعمال کر رہا ہے۔ افغانستان کی طرف سے دہشت گردوں کی در اندازی کا مسئلہ اگرچہ پرانا ہے تاہم گزشتہ کچھ عرصے کے دوران اِس میں تیزی آئی ہے جو پاکستان کے لئے یہ ناقابلِ برداشت ہے۔ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں نہ صرف افغان باشندے شامل ہوتے ہیں بلکہ یہاں غیر قانونی طور پر مقیم کئی افغانی اِن دہشت گردوں کی سہولت کاری میں بھی ملوث پائے گئے ہیں جس کی وجہ سے پاکستان کو غیر قانونی افغانیوں کو اُن کے ملک واپس بھیجنے کا آغاز کرنا پڑا۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان دہشت گردی اور اُس کی سہولت کاری، سرحدی علاقوں سے در اندازی کے ذریعے پاکستانی سکیورٹی فورسز اور اُن کی چوکیوں پر حملوں کے حوالے سے حالات پہلے ہی کشیدہ تھے یہاں تک کہ افغان طالبان نے پاکستانی چوکیوں پر حملہ کر دیا۔ پاکستان نے اُس کا منہ توڑ جواب دیا اور پاک افغان سرحد بند کر دی۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق سرحد اُسی صورت کھلے گی جب افغان حکومت تحریری طور پر یقین دہانی کرائے گی کہ اُس کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔ افغان طالبان کچھ بھی لکھ کر دینے کو تیار نہیں ہیں، اِسی وجہ سے دوست ممالک قطر اور ترکیہ کی ثالثی میں ہونے والے مذاکرات بھی کامیاب نہیں ہو رہے۔ اِس میں کوئی دو آراء نہیں کہ افغان حکومت کو بھارت شہہ دے رہا ہے۔ افغانیوں کو اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی اُمید دلائی جا رہی ہے، وہاں سفارتخانہ کھولنے کی بات ہو رہی ہے اور جواب میں افغان طالبان ہندوؤں کے لئے مندر بنا کر دینے کو بھی تیار ہیں۔ افغان حکومت یہ بھولے بیٹھی ہے کہ پاکستان نے لاکھوں افغانوں کی دہائیوں تک میزبانی کی لیکن اِس بھائی چارے کو اب نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ بات اَمن کی ہے اور پاکستان افغانستان سے مطلوبہ اقدامات کی توقع کر رہا ہے جسے پورا کرنے کی بجائے طالبان حکومت نے بھارت سے ہاتھ ملانا بہتر سمجھا ہے۔ وہ اربوں ڈالر مالیت کا اسلحہ جو امریکہ انخلاء کے وقت افغانستان چھوڑ گیا تھا، پاکستان کے خلاف دہشت گردی میں استعمال کر رہا ہے۔ دو روز قبل منظرِ عام آنے والی امریکی حکومت کے سپیشل انسپکٹر جنرل فار افغانستان ری کنسٹرکشن (سگار) کی تازہ رپورٹ میں واضح طور پر لکھا ہے کہ 2021ء میں اچانک انخلاء کے دوران امریکی اور اتحادی افواج اربوں ڈالرز کا فوجی ساز و سامان وہاں چھوڑ گئے تھے جو اب طالبان حکومت کے زیر استعمال ہے جبکہ پاکستانی حکام کے مطابق اُن کے پاس شواہد موجود ہیں کہ یہ اسلحہ دہشت گردی میں استعمال ہو رہا ہے۔ رواں برس فروری میں اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں بھی یہ انکشاف کیا گیا تھا کہ افغان طالبان، تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی مکمل حمایت کر رہے ہیں، اُن کے ساتھ لاجسٹک اور آپریشنل تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں

جبکہ افغان طالبان کے برسر اقتدار آنے کے بعد پاکستان میں ٹی ٹی پی کے حملوں میں اضافہ بھی ہوا۔ رواں برس مارچ میں صدر ٹرمپ نے افغانستان سے امریکی انخلاء کو شرمناک قرار دیتے ہوئے وہاں رہ جانے والے امریکی اسلحہ اور عسکری ساز و سامان کو واپس لانے اور خطے میں بڑھتی شدت پسندی کی روک تھام کی بھی بات کی تھی۔ افغان اُمور کے بعض ماہرین تو یہاں تک کہتے ہیں کہ امریکی اسلحہ نہ صرف افغان طالبان کے پاس ہے بلکہ یہ بلیک مارکیٹ میں بھی فروخت ہوتا رہا ہے ویسے ہی جیسے سوویت یونین کے انخلاء کے وقت چھوڑا گیا روسی اسلحہ بھی سالوں تک بلیک مارکیٹ میں فروخت ہوتا رہا تھا۔ افغان حکومت اِن تمام باتوں سے انکاری ہے۔ پاکستان خطے میں اپنے سے کئی گنا بڑی طاقت بھارت کا حملہ روک کر توازن تو پیدا کر چکا ہے لیکن بھارت اور افغانستان حقائق کا ادراک اور تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ پاکستان کی تینوں افواج (بری، فضائیہ اور بحری) ایک جان ہو کر ڈیفنس فورسز بن چکی ہیں۔ بہتر مستقبل کا تقاضا تو یہی ہے کہ بھارت اور افغانستان ہوش کے ناخن لیں اور خطے میں اَمن قائم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ یاد رکھیں کہ جو دوسروں کے لئے گڑھے کھودتا ہے، وہ خود ہی اِن میں گر جاتا ہے۔ عمران خان کی بہنوں کے ساتھ جو ہوا، یہ واقعہ نہ صرف اخلاقی حدود کی خلاف ورزی ہے بلکہ مکمل ریاستی فاشزم کی جھلک ہے، شیر افضل مروت

☆☆☆☆☆☆

پروفیسر انور مسعود کی نوے ویں سالگرہ

ذوالفقار احمد چیمہ

چند ہفتے قبل پروفیسر انور مسعود کے صاحبزادے عاقب انور نے فون پر بتایا کہ ''والد صاحب ماشاء اللہ زندگی کی نوے بہاریں دیکھ چکے ہیں، اِلہٰذا ان کی فیملی ان کی سالگرہ منانے جا رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ والد صاحب نے تاکید کی ہے کہ آپ نے ضرور شریک ہونا ہے''۔ میں نے کہا ''میرے لیے اس مبارک تقریب میں شرکت، مسرت و افتخار کا باعث ہوگی، میں ضرور آؤں گا''۔

پروفیسر انور مسعود بلاشبہ ایک غیر معمولی شخصیت ہیں، اس وقت اردو اور پنجابی زبان برِصغیر کے علاوہ بھی دنیا کے مختلف خطوں میں بولی یا سمجھی جاتی ہے، مگر پوری دنیا میں مزاحیہ اور فکاہیہ شاعری میں کوئی دوسرا شاعر انور مسعود کے مقام تک نہیں پہنچ سکا، اس لحاظ سے وہ شگفتہ شاعری کے ورلڈ چیمپئن ہیں، اور وہ بھی Unchallanged champian۔ جن کا کوئی مقابلہ ہی نہیں اور دور دور تک کوئی حریف بھی نظر نہیں آتا۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ شگفتہ شاعری میں ان کا وہی مقام ہے جو باکسنگ میں محمد علی کا ہے، بظاہر شاعری کا باکسنگ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بنتا مگر میں نے قصداً ان کی محمد علی سے تشبیہہ اس لیے دی ہے کہ محمد علی بھی بے پناہ مقبول تھا، لوگ اس سے بے حد محبت کرتے تھے مگر وہ محبت صرف باکسنگ میں اس کی مہارت یا کامیابیوں کی وجہ نہیں تھی، عوام کی عقیدت اس کے دوسرے اوصاف کی وجہ سے بھی تھی، جن میں اس کی جرأت، اصولوں کے لیے ڈٹ جانا، حاضر جوابی، بذلہ سنجی اور اسلام کا بڑی جرأت کے ساتھ دفاع بھی شامل ہے۔ اسی طرح انور مسعود صاحب بھی خاص وعام میں بے حد مقبول ہیں، مگر مقبولیت کی وجہ صرف ان کی شاعری نہیں بلکہ اس کی کچھ اور وجوہات بھی ہیں جن کا بعد میں ذکر ہوگا۔

پروفیسر صاحب کے بیٹوں نے بتایا ہے کہ وہ نوے سال کے ہوگئے ہیں مگر ان کی باتوں سے، ان کے تازہ کلام سے اور ان کے اشعار سے ایسا کوئی تاثر نہیں ملتا، ان کے شعروں اور قطعات سے تو لگتا ہے کہ شاعر کچھ عرصے بعد اپنی پچاسویں سالگرہ منائے گا۔ لوگ ساٹھ کے پیٹے میں ہوں تو انھیں طرح طرح کی بیماریاں گھیر لیتی ہیں، جسمانی سے زیادہ ذہنی پریشانیوں کا شکار ہو کر اکثر لوگ زود رنج اور چڑچڑے سے ہو جاتے ہیں جس سے ان کا کام، خرام اور کلام بری طرح متاثر ہوتا ہے۔

مگر انور مسعود صاحب کی عام گفتگو بھی انتہائی شگفتہ اور قہقہوں بھری ہوتی ہے۔ ان سے فون پر جب بھی گفتگو ہوتی ہے تو کوئی فقرہ، لطیفہ یا مصرع ایسا سنا دیتے ہیں جس سے طبیعت نہال ہو جاتی ہے اور سارا دن موڈ خوشگوار رہتا ہے۔ ان کی اچھی صحت اور خوشگوار طبیعت کی کئی وجوہات ہیں۔ ایک یہ کہ ان کا ضمیر صاف اور مطمئن ہے، شاعر یا فنکار عموماً اکل و شرب کے ضمن میں جن بے احتیاطیوں کا شکار ہو کر قلب و جگر مضروب کرا بیٹھتے ہیں، انور مسعود صاحب کی شامیں اور راتیں ان خرافات سے پاک ہیں۔ دوسرا یہ کہ ان کی اجلی حیات اور پاکیزہ نظریات کے باعث خالقِ کائنات نے انھیں انتہائی خدمت گزار بیٹوں (عاقب، عمار اور جواد) سے نوازا ہے۔ کبھی بات ہو تو کہتے ہیں کہ ''لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تینوں بیٹوں کو میری خدمت کے لیے ہی بھیجا ہے''۔

جولائی میں جب بارش ہو جائے تو خربوزوں کی مٹھاس کم ہو جاتی ہے، اُس موسم میں ہمارے گاؤں کے بڑے بوڑھے کہا کرتے تھے کہ ''مٹھا خربوزہ تے چنگی نوں، قسمت والیاں نوں ای ملدی اے'' (میٹھا خربوزہ اور اچھی خدمت گزار بہو خوش قسمت والدین کو ہی ملتی ہے) اس لحاظ سے بھی انور مسعود صاحب بہت خوش قسمت ہیں کہ انھیں بہوویں بھی کمال کی ملی ہیں جو ان کی خدمت گزاری میں بیٹوں سے کسی صورت کم نہیں بلکہ دو ہاتھ آگے ہی ہیں۔

اسلام آباد کلب میں منعقد ہونے والی سالگرہ کی تقریب انتہائی شاندار تھی، جس کے انتظام و انصرام کی انچارج عاقب انور کی بیگم روشین عاقب (امجد اسلام امجد صاحب کی بیٹی) تھیں۔ انتہائی عمدہ انتظامات پر بلاشبہ وہ مبارکباد کی مستحق ہیں۔ تقریب کے آغاز میں عمار کی بیگم نے انور مسعود صاحب پر اپنی تیار کردہ ایک ڈاکومینٹری فلم دکھائی، ڈاکومینٹری بھی اپنے مواد اور تکنیکی پہلوؤں کے لحاظ سے بہت عمدہ اور اعلیٰ معیار کی تھی، اس پر مسز شگفتہ عمار بھی شاباش اور مبارکباد کی حقدار ہیں۔ عمار اسٹیج سیکریٹری تھے، انھوں نے بھی اپنے فرائض عمدگی سے نبھائے، تقریب میں جناب افتخار عارف، جلیل عالی، پروفیسر احسان اکبر، اظہار الحق، کشور ناہید، محبوب ظفر، سیرت اصغر اور مسز رعنا سیرت سمیت جڑواں شہروں سے تعلق رکھنے والی شعر و ادب کی تمام معروف شخصیات موجود تھیں، جن چند لوگوں کو اظہار خیال کی دعوت دی گئی، ان میں راقم بھی شامل تھا۔ اپنی گفتگو کے چند اقتباس شیئر کر رہا ہوں:

مزاح ادب کی سب سے مشکل صنف سمجھی جاتی ہے، بڑے بڑے مزاح نگار بہک جاتے ہیں، شائستگی کا دامن چھوڑ دیتے ہیں اور غیر معیاری اور بازاری زبان کا سہارا لینا شروع کر دیتے ہیں مگر پروفیسر انور مسعود صاحب نے ان سہاروں کی کبھی ضرورت محسوس نہیں کی، ان کا سارا کلام ایسی آلائشوں سے مکمل طور پر پاک ہے۔ ان کے ہاں صرف شائستگی، شستگی اور شگفتگی ہے اور بڑی فراواں ہے۔

مزاح میں ان کی کچھ نظمیں تو کلاسیک کی حیثیت رکھتی ہیں اور بڑوں کے علاوہ بچوں کو بھی زبانی یاد ہیں، ''بنین، بھولیے مجھے، اج کیہہ پکائیے، پنڈ دی پنچائیت، جہلم دا پل اور جنت میں ووٹ کے لیے حوروں کی آؤ بھگت والی نظمیں بے مثال ہیں۔ مریض کو ڈاکٹر کی ہدایات والی نظم کا کبھی جواب نہیں، جب ایک مریض کا ایسے ڈاکٹر سے واسطہ پڑ جاتا ہے جو اسے بے تحاشا دوائیوں کے کورس کرانے پر تلا ہوا ہے، وہ اسے چیک کرنے کے بعد کہتا ہے۔

ہے آپ کو جو عارضہ وہ عارضی نہیں۔ اب اس ایک مصرع میں ایسے ڈاکٹروں کی پوری کہانی بیان کر دی گئی ہے۔

جب انھوں نے سنجیدہ غزلیں کہی ہیں تو وہ بھی

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں

زاہدہ حنا

شہر کی سڑکوں پر شام اترتی ہے تو یوں لگتا ہے کہ روشنی نہیں ایک بے نام سی اداسی پورے آسمان پر پھیل گئی ہے۔ فٹ پاتھ پر چلتے ہوئے گاڑیوں کے شور میں ایک ہی سوال دل کو چیرتا رہتا ہے، میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں؟ یہ لہو صرف ایک گھرانے، ایک خاندان یا ایک دل شکستہ ماں کا نہیں، یہ اس پورے سماج کا ہے، جس نے طاقت، دولت اور بے حسی کو اپنا خدا بنا کر انسانیت کو بھول جانے کی قسم کھالی ہے۔

چند دن پہلے پھر وہی منظر تھا کہ ایک نوجوان جس کی رفتار اس قدر تیز تھی اور وہ اندھا دھند ڈرائیونگ کر رہا تھا۔ اسٹیرنگ ویل اس کے ہاتھ میں نہیں بلکہ غرور کی گرفت میں تھا۔ سڑک جو سب کے لیے برابر ہوتی ہے، اس لمحے اُس کے لیے تخت تھی۔ ایک تیز رفتار گاڑی ایک لمحے کی بے احتیاطی اور ایک گھر کا چراغ بجھ گیا۔

بچوں کا باپ، والدین کا سہارا بیوی کا ساتھی ایک جھٹکے میں اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔ گھر میں چولہا نہیں جلے گا، بچوں کی فیس نہیں بھری جائے گی، ماں دھاڑیں مار کر روئے گی مگر جس ہاتھ نے یہ خون بہایا وہ ہاتھ چند گھنٹوں بعد صاف دکھائی دیے گا۔ سفارش فون کال اثر و رسوخ اور قاتل آزاد مسکراتا ہوا دنیا کے کسی اور شہر میں نئی زندگی کی تلاش میں نکل جائے گا۔

ہمارے ملک میں سزا مجرم کو نہیں، غریب کی قسمت میں ہوتی ہے، یہاں حادثے نہیں ہوتے بلکہ معصوم لوگوں کا قتل معمول بن جاتا ہے، وہ عدالتیں جو کمزور کو نصیحتیں دیتی ہیں طاقتور کے آگے سر جھکا دیتی ہیں۔ وہ پولیس جو غریب کے گھر کی دہلیز بے دھڑک پار کر لیتی ہے، امیر کے بڑے بڑے دروازوں کے سامنے خاموش کھڑی رہتی ہے اور وہ سماج جو ایک دن احتجاج کرتا ہے دوسرے دن تصویریں بانٹتا ہے اور تیسرے دن سب بھول جاتا ہے۔

اُسی شہر میں ایک اور المیہ ایک چھوٹا بچہ اپنی دنیا میں مگن اپنے ہی قدموں پہ بھاگتے ہوئے ایک ایسے گڑھے میں اُتر گیا، جو ہفتوں سے کھلا تھا۔ لوگ دیکھتے رہے، گزرتے رہے، ہمدردانہ نظروں سے اس کے کنارے اینٹیں رکھتے رہے مگر کسی ادارے نے اسے ڈھکن دینے کی زحمت نہ کی۔ وہ گڑھا اُس بچے کے لیے قبر بن گیا اور گھر والوں کے لیے زندگی بھر کا داغ۔

بچے کی لاش نکالی گئی تو شہر پر جیسے سناٹا چھا گیا۔ اس کی ماں کے ہاتھ خالی ہو گئے، وہ ہاتھ جن پر کبھی وہ بچہ سویا کرتا تھا۔ اُس کے باپ کی آنکھیں ساکت ہو گئیں مگر ادارے؟ افسران وہی پرانی پریس ریلیز، وہی معمول کے بیانات، وہی تحقیقات کے وعدے اور پھر ہمیشہ کی طرح خاموشی۔ سوال وہی رہے گا کون ذمے دار ہے؟ کس کی بے حسی نے اس بچے کو نگل لیا؟ اور سب سے بڑھ کر کس کے ہاتھ پر میں اپنا لہو تلاش کروں؟

ملک کے ہر کونے میں یہی کہانی دہرائی جا رہی ہے۔ کہیں سڑکیں قاتل بن جاتی ہیں، کہیں کھلے مین ہول زندگیاں کھا جاتے ہیں، کہیں طاقت کے نشے میں چور خاندان قانون کو کھیل سمجھ لیتے ہیں۔ ہم ایک ایسے سماج میں زندہ ہیں جس نے انسانیت کو سرکاری فائلوں میں گم ہونے دیا، جہاں ترقی کے نام پر بجٹ تو بنتے ہیں مگر گلی کے ڈھکن نہیں لگتے۔ جس ملک میں ایک بچے کی زندگی کا مول ایک کاغذی معافی ہو، وہاں زخم برسوں تک نہیں بھرتے۔ یہ سب حادثات نہیں، یہ اس نظام کا جرم ہے جو امیروں کے قدم چومتا ہے اور غریب کے بچوں کو لاوارث چھوڑ دیتا ہے۔

یہ وہ ظلم ہے جو اب عادت بن چکا ہے، اور ہم جو اس ظلم کے گواہ بھی ہیں اور اس کے شکار بھی شاید اس قدر تھک چکے ہیں کہ چیخوں کو بھی خاموشی کی چادر اوڑھا دیتے ہیں۔ مگر ان ماؤں کی سسکیاں، ان بچوں کی چیخیں، ان باپوں کی خالی نظریں یہ سب گواہی ہیں کہ ہم اب مزید خاموش نہیں رہ سکتے۔ ہر بچہ جو کھلے مین ہول میں گرتا ہے، ہر شہری جو کسی طاقتور کی گاڑی تلے کچلا جاتا ہے، وہ ہماری اجتماعی غفلت پر نوحہ ہے۔ جس ملک میں سڑکیں غریبوں کی قبریں بنیں، وہاں کوئی سماج زندہ نہیں رہتا، صرف آبادی رہ جاتی ہے، بے حس، بوجھل اور بکھری ہوئی۔

آج اگر ہم نے اس خون کا حساب نہ لیا تو آنے والے کل میں یہ خون ہمارے اپنے قدموں کو پکڑ لے گا۔ ہمیں ان بچوں کی آنکھوں میں جھانکنا ہوگا جو جاتے جاتے ہم سے سوال کر گئے۔ ہمیں ان سڑکوں سے پوچھنا ہوگا جو بار بار قربانیاں مانگتی ہیں۔ ہمیں ان اداروں کو آئینہ دکھانا ہوگا جو عوام کی حفاظت کے لیے بنے تھے مگر عوام کی جانوں سے کھیلتے ہیں۔

آخر میں دل ایک بار پھر وہی سوال دہراتا ہے، میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں؟ اس سوال کا جواب شاید ایک چہرہ نہیں، ایک نظام ہے۔ ایک پورا ڈھانچہ ہے جو کمزور کو کچلنے کے لیے تیار رہتا ہے اور طاقتور کے قدموں میں فرش بن جاتا ہے۔ جب تک ہم اس نظام کے سامنے کھڑے نہیں ہوں گے جب تک ہم اپنی آواز کو اجتماعی طاقت نہیں بنائیں گے، تب تک یہ سوال ہمارے دلوں میں جلتا رہے گا۔ مگر امید یہی ہے کہ ایک دن ایک وقت ایک لمحہ ایسا آئے گا، جب ظلم کی زنجیریں ٹوٹیں گی جب بے حسی کی چادر اتر جائے گی، جب جرم اور طاقت کے درمیان دیوار گر جائے گی اور شاید تب ہم اس لہو کا سراغ پا سکیں گے جو ہر روز ہماری سڑکوں پر بہہ جاتا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ جو ظلم ہمارے اردگرد ہو رہا ہے اس کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی جائے اور ہمارے سیاست دان اور حکومتی اداروں سے جواب مانگا جائے ان کو احساس دلایا جائے کہ یہ ان کی ذمے داری ہے جو ان کو پوری کرنی ہوگی۔ وہ ہمارے نمایندے ہیں اور ان کا انتخاب اس لیے نہیں کیا گیا کہ وہ خاموش تماشائی بنے رہیں اور عوام صبح شام اپنے نصیبوں کو روتے رہیں۔

عوام کو انصاف چاہیے پہلے ہی بہت دیر ہو چکی ہے۔ اس سے زیادہ مہلت اب نہیں دی جاسکتی۔ عوام یہ چاہتے ہیں کہ دوبارہ کسی کے ساتھ ایسا حادثہ پیش نہ آئے اور ایسے اقدامات کیے جائیں کہ ہر شہری کی جان و مال محفوظ رہے۔ ہم امید تو کر ہی سکتے ہیں کہ حالات بہتر ہوں گے اور مظلوم کو انصاف ملے گا، یہ کوئی ایسی خواہش تو نہیں کہ جو پوری نہ ہو سکے۔

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے

میئر کراچی کا اعتراف، اچھی روایت



ڈاکٹر توصیف احمد خان

تنویر کا تعلق ایک غریب گھرانے سے ہے، وہ ایک کریانہ کی دکان پر کام کرتا ہے۔ تنویر نیپا چورنگی سے گزر رہا تھا تو کسی نے بتایا کہ گزشتہ روز نیپا چورنگی کے قریب ڈپارٹمنٹل اسٹور کے سامنے ایک بچہ گٹر میں گر گیا جس کی لاش برآمد نہیں ہو سکی ہے۔ تنویر نے اندازہ لگایا کہ بچے کی لاش پانی میں بہتی ہوئی کس سمت گئی ہوگی۔ اس نے فوراً سرسید یونیورسٹی کے قریب برساتی نالہ کا معائنہ کیا۔

اس کو بچے کا پیٹ نظر آ گیا۔ تنویر نے اس نالے میں چھلانگ لگائی۔ بلدیہ کا ریسکیو کا عملہ 18 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی جو کام نہ کر سکا تھا، وہ اس بہادر لڑکے نے انجام دیا۔ صورتحال کی ستم ظریفی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب تنویر نے 3 سالہ بچے کی لاش نکالی تو قریب ہی ڈیوٹی پر موجود پولیس کے سپاہیوں نے لاش لے کر اس کو تھپڑ مارے، اس وقت ایک ٹی وی رپورٹر بھی موجود تھا۔ اس رپورٹر نے تنویر کا انٹرویو اپنے چینل پر نشر کر دیا۔ گلشن اقبال کے سپرنٹنڈنٹ پولیس نے معاملے کو سنگین ہونے سے بچانے کے لیے فوری فیصلہ کیا اور تنویر اور اس کے والد کو اپنے دفتر بلایا۔

تنویر اور اس کے والد کو ہار پہنائے اور تنویر کے ساتھ اپنی تصویر اخبارات میں شایع کرائی۔ تین سالہ ابراہیم کے گٹر یا برساتی نالہ میں گرنے اور اس کی ماں کی آوازیں کی گونج وزیر اعلیٰ ہاؤس تک پہنچ گئی۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، ابراہیم کے دادا کے گھر پہنچ گئے اور اپنی ناکامی کا اقرار کر لیا۔ سندھ حکومت نے پہلی دفعہ سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس سانحے کے ذمے دار کئی اعلیٰ افسران کو معطل کر دیا اور تحقیقاتی رپورٹ میں اس سانحے کی ذمے داری ریڈ لائن کی انتظامیہ اور بلدیہ کے حکام پر عائد کی گئی۔

کراچی کے میئر مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ ایک بڑے ڈپارٹمنٹل اسٹور کے سامنے یہ نالہ کے ایم سی کا گٹر نہیں ہے اور کے ایم سی کے سیوریج لائن کے نقشہ میں یہ گٹر ظاہر نہیں ہوتا۔ یہ مسئلہ گزشتہ 7 برسوں سے زیر تعمیر ریڈ لائن سے منسلک ہو جاتا ہے۔ ریڈ لائن کی تعمیر کرنے والے انجینئرز نے عجیب منصوبہ بندی کی ہے کہ ملیر کنٹونمنٹ کے علاقے سے لے کر پرانی سبزی منڈی تک روزانہ اس طرح کے برساتی نالے نظر آتے ہیں۔ یونیورسٹی روڈ کے دونوں اطراف اچانک پانی جمع ہو جاتا ہے۔

حادثہ کا ذمے دار برساتی نالہ بھی ریڈ لائن کی ناقص تعمیر کا نتیجہ ہے۔ جب یہ حادثہ ہوا تو بچے کے والدین نے شور مچایا، کسی نے مشورہ دیا کہ ریسکیو آپریشن کی فورس کو بلایا جائے۔ فوری طور پر ٹیلی فون کے ذریعے اس حادثے کی اطلاع متعلقہ عملہ کو دی گئی مگر کوئی فرد موقع پر نہیں پہنچا۔ کسی دانا شخص نے غمزدہ باپ کو مشورہ دیا کہ اس نالے کی کھدائی کے لیے ہیوی کرین منگوائی جائیں۔ جب ایک پرائیویٹ کرین آپریٹر سے رابطہ کیا تو اس شخص نے 15 ہزار روپے مانگے۔

ابراہیم کے باپ کے پاس فوری طور پر 15 ہزار روپے نہیں تھے، وہ اپنے جاننے والوں سے پیسے مانگتا رہا۔ یہ بھی خبریں شایع ہوئیں کہ ریسکیو کا عملہ کئی گھنٹے بعد حادثے کے مقام پر پہنچا۔ عملہ اپنے کام میں اتنی مہارت نہیں رکھتا تھا کہ 18 گھنٹے گزرنے کے باوجود بچے کی لاش تلاش نہ کی جاسکی۔ ایک اور سانحہ یہ ہے کہ بڑے کاروباری ادارے اپنی Corporate Social Responsibility قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ یہ متاثرہ خاندان جس اسٹور میں خریداری کرنے گیا تھا اس اسٹور کی روزانہ کی آمدنی لاکھوں میں ہوتی ہے، اگر اس اسٹور کی انتظامیہ اس برساتی نالے پر چند ہزار روپے خرچ کر کے چھت ڈلوا دیتی تو پھر کسی شریف آدمی کو اس نالے پر گرٹا رکھنے کی ضرورت نہیں تھی اور ایک بچے کی جان ہی نہ جاتی بلکہ پورا خاندان اس صدمے سے دوچار ہونے سے بچ جاتا۔

کراچی میں گٹر کے ڈھکن چوری ہونے اور گٹر میں لوگوں کے گرنے کے حادثات معمول کی بات ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن جو امدادی سرگرمیوں میں ہمیشہ اہم کردار ادا کرتی ہے کی رپورٹ کے مطابق رواں سال میں کراچی میں گٹر اور نالوں میں گر کر 23 افراد جاں بحق ہوئے۔

ان جاں بحق ہونے والوں میں کم سن نوعمر اور بچیاں شامل ہیں۔ اس مسئلے پر شایع ہونے والی رپورٹوں میں کہا گیا ہے کہ ہیروئنچی گٹر کے ڈھکن چراتے ہیں۔ پارکوں اور پلوں کی لوہے کی ریلنگ چرا کر لے جاتے ہیں، یوں بلدیہ کا عملہ ڈھکن لگاتا ہے مگر پھر یہ چوری ہو جاتے ہیں۔ ایک صحافی نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ ہیروئنچیوں کی سرپرستی ایک منظم مافیا گروہ کرتا ہے۔ اس مافیا میں پرانا سامان خریدنے والے کباڑی، بلدیہ اور پولیس کا عملہ شامل ہے۔

ظاہر ہے کہ ہیروئنچی یا کوئی اور فرد گٹر کے ڈھکن اور لوہے کی ریلنگ محض اس بناء پر چوری نہیں کرتا کہ ان اشیاء کو گھر میں محفوظ رکھا جائے بلکہ وہ ان اشیاء کو جلد از جلد فروخت کر کے پیسے حاصل کرتا ہے، یوں یہ سامان آسانی سے کباڑیوں کو فروخت ہو جاتا ہے، اگر کراچی پولیس اور شہر کی انتظامیہ شہر کے تمام کباڑیوں کو اس بات کا پابند کر دے کہ کوئی بھی کباڑی گٹر کے ڈھکن اور لوہے کی ریلنگ نہیں خریدے گا اور اگر کوئی فرد یہ اشیاء لے کر ان سے رابطہ کرے گا تو اس کا شناختی کارڈ کاپی رکھی جائے اور خریدا گیا تمام سامان کا ایک رجسٹر میں اندراج کیا جائے تو پھر گٹر اور لوہے کی ریلنگ فروخت کرنے کا کاروبار شدید متاثر ہو جائے گا مگر صوبائی حکومت، کراچی کے کمشنر یا اضلاع کے ڈپٹی کمشنر صاحبان دیگر مسائل کے حل میں اتنے مصروف ہیں کہ اتنے معمولی مسئلے کا حل تلاش نہیں کر پائے۔

اس طرح کے سانحے کو مستقبل میں رونما ہونے سے روکنے کے لیے ضروری ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی جائے۔ شہریوں، کونسلر، ٹاؤن کے عملہ اور متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او کے واٹس ایپ گروپ بنائے جائیں۔ اس واٹس ایپ گروپ پر جیسے ہی گٹر کے ڈھکن یا لوہے کی ریلنگ چوری ہونے کی رپورٹ ملے تو بلدیاتی عملہ فوراً دوسرے ڈھکن کا انتظام کرے اور ایس ایچ او ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوشش شروع کردے۔ ہر علاقے کے اسسٹنٹ کمشنر کی ذمے داری بھی لگائی جائے کہ وہ ہر ہفتے کباڑیوں کا ریکارڈ چیک کرے۔ بلدیہ کے امدادی عملے کو جدید آلات فراہم کیے جائیں اور انھیں بین الاقوامی معیار کے مطابق تربیت دی جائے۔

اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ریڈ لائن کی صورتحال کے بارے میں ہائی کورٹ کے جج کی قیادت میں ٹریبونل بنا کر تحقیقات کرائی جائیں۔ اس رپورٹ کو اسمبلی میں پیش کیا جائے اور نااہل افسروں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔ اگرچہ حکومت نے اس سانحے کے ذمے دار کئی افسران کو معطل کیا ہے جس میں ڈپٹی کمشنر ایسٹ بھی شامل ہے مگر ایک صحافی کا یہ سوال ہے کہ چند ماہ قبل جب لیاری میں ایک عمارت گری تھی اور بہت سی ہلاکتیں ہوئی تھیں تو سندھ حکومت نے فوری اقدام کرتے ہوئے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے کئی افسروں کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے تھے مگر جب پولیس نے عدالت میں چالان پیش کیا تو اس چالان میں کئی قانونی نقائص تھے جس کی بناء پر یہ افسران بری ہو گئے اور دوبارہ اپنے فرائض انجام دینے لگے۔ صحافی کا کہنا ہے کہ کیا اس دفعہ بھی کچھ ایسا ہی ہوگا؟

اس واقعے نے 20 سال قبل پیپلز پارٹی کے ایک رہنما عبدالقادر اور شہلا رضا کے دو بچوں کی یاد تازہ کر دی ہے جو اسی طرح گٹر میں گر کر جاں بحق ہوئے تھے۔ اس وقت بھی بڑا شور مچا تھا مگر کوئی دائمی اقدام نہیں ہوا تھا۔ اگر ہنگامی بنیادوں پر اس طرح کے اقدامات نہیں کیے گئے تو آج ابراہیم کی ماں کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں تو کل کسی اور ابراہیم کی ماں کی آوازیں آ رہی ہوں گی۔

دسمبر کی تلخ گواہی

اطہر قادر حسن

دسمبر کا مہینہ جب بھی آتا ہے پاکستان کی اجتماعی یادداشت کے اوراق خونچکاں ہو جاتے ہیں۔ یہ مہینہ تاریخ کے اُس باب کو تازہ کر دیتا ہے جسے ہم چاہ کر بھی بھلا نہیں پاتے۔ 1971 ہماری وہ کڑی آزمائش تھی جس میں ہم ناکام ہوئے۔ مشرقی پاکستان کے زخم نہ صرف ہمارے سیاسی رویوں کی کمزوریوں کا آئینہ ہیں بلکہ قوموں کے مستقبل پر ماضی کی غلطیوں کے اثرات کی بھی واضح مثال ہیں۔

قیامِ پاکستان کے بعد مرکز میں طاقت اور معاشی وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، اردو کو واحد قومی زبان قرار دینے کا فیصلہ اور مغربی پاکستان کے حکمران طبقے کی سیاسی و مالی بالادستی نے دونوں حصوں کے درمیان بے اعتمادی کو بڑھایا۔ مگر اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے لوگوں نے اسے سنجیدگی سے نہ لیا۔ بنگالی مسلمانوں کو شکوہ تھا کہ اُن کی اکثریت ہونے کے باوجود طاقت کے مراکز میں ان کی نمایندگی نہ ہونے کے برابر ہے۔

1954 ہو یا 1965 یا پھر 1970 کے انتخابات ہر بار انھوں نے واضح طور پر یہ باور کرایا کہ انھیں اپنے سیاسی مستقبل کے بارے میں خود فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے۔ مگر 1970 کے انتخابات کے بعد جس طرح اقتدار کی منتقلی میں تاخیر کی گئی اس نے مغربی پاکستان کی قیادت پر سوالات کھڑے کیے۔

یہ وہی وقت تھا جب تاریخ نے اختلافات کو سلجھانے کا ایک آخری موقع ہمارے ہاتھوں میں رکھا مگر ہم اسے نہ سمجھ سکے اور نہ سنبھال سکے۔ 1971 کی جنگ میں بھارت نے یقیناً انھی عوامل کا فائدہ اٹھایا جو آگ ہمارے اندر کی ناانصافیاں بھڑکا رہی تھیں۔ اگر ہم اس حقیقت کا اعتراف کرنے کی ہمت رکھیں تو آج بھی اس زخم سے سیکھ سکتے ہیں۔ سقوط مشرقی پاکستان فکری، عوامی، سیاسی اور انتظامی شکست تھی۔

بنگلا دیش کئی حوالوں سے مسلسل ترقی کی طرف بڑھتا نظر آتا ہے۔ برآمدات، صنعت، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری، بنگلا دیش نے ان تمام شعبوں میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے سیاسی عدم استحکام، معاشی بحرانوں اور پالیسیوں کے تسلسل کی کمی کا شکار ہے۔ آج پاکستان اور بنگلا دیش سیاسی، معاشی اور سفارتی تعلقات کے ایک نئے دور میں داخل ہو چکے ہیں۔ دونوں ممالک تجارت بڑھانے کے خواہشمند ہیں۔ بنگلا دیش کے عوام آج بھی پاکستان کے عوام سے محبت رکھتے ہیں۔ پاکستان نے بھی گزشتہ برسوں میں اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ سفارتی تعلقات کو مزید بہتر بنانا علاقائی تعاون کے لیے ضروری ہے۔

مستقبل کی نسلیں ماضی کی تلخیوں کے ساتھ نہیں جی سکتیں، انھیں امید، تعاون اور ترقی کے نئے راستے چاہئیں۔ اس تناظر میں دسمبر کا تقویمی درد صرف ماضی کا ماتم نہیں کرنا چاہیے بلکہ ہمیں سوچنا چاہیے کہ ہم نے اُس سانحے سے کیا سیکھا اور آج اپنے ملک میں کون سی وہ چیزیں ہیں جنھیں درست کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ لسانی اختلافات آج بھی موجود ہیں، صوبائی خدشات آج بھی اپنی جگہ ہیں، معاشی عدم مساوات آج بھی ہمارے قومی ڈھانچے کو کمزور کر رہا ہے اور سیاسی قیادت آج بھی تقسیم میں اہے۔

تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ قومیں تب ہی مضبوط ہوتی ہیں جب ان میں انصاف غالب ہو، جب وسائل کی تقسیم شفاف ہو، جب ریاست اپنے ہر شہری کو برابر کا درجہ دے اور جب سیاسی فیصلے عوامی خواہشات اور قومی مفاد کو سامنے رکھ کر کیے جائیں۔ اگر ہم آج بھی ان بنیادی اصولوں کو نظرانداز کریں گے تو ماضی پھر دروازہ کھٹکھٹانے آئے گا اور تاریخ ایک بار پھر سوال اٹھائے گی کہ ہم نے آخر کیا سیکھا؟ تاریخ کا بوجھ صرف یاد رکھنے کے لیے نہیں ہوتا بلکہ اس سے سیکھنے کے لیے ہوتا ہے۔ 1971 ہمارا سب سے بڑا قومی زخم تھا مگر یہ زخم قوم کی تعمیر نو کا ایک اہم سنگ میل بھی بن سکتا تھا۔ بدقسمتی سے ہم نے اس موقع سے وہ فائدہ نہیں اٹھایا جو ہمیں اٹھانا چاہیے تھا مگر اب بھی دیر نہیں ہوئی۔ آج کا پاکستان اگر خود احتسابی، شفافیت، قومی اتحاد، معاشی انصاف اور سیاسی بلوغت اپنانے کا فیصلہ کر لے تو ماضی کے زخموں پر مرہم رکھا جاسکتا ہے۔

اور آج کا بنگلا دیش اگر پاکستان کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھا کر تعلقات کو نئی سمت دے تو یقیناً دونوں ممالک خطے میں ایک نئے دور کے آغاز کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ دسمبر کا پیغام محض سوگ نہیں بلکہ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ماضی کو دفن نہیں کیا جاسکتا مگر اس کے زخم مستقبل کی روشنی میں بھلے ضرور ہو سکتے ہیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم تاریخ کے تلخ اوراق سے گریز نہ کریں بلکہ ان سے سیکھ کر ایسا پاکستان اور ایسا خطہ تعمیر کریں جہاں تقسیم نہیں، اتحاد اور تعاون غالب ہو۔ خدا کرے کہ ہماری قیادت اس ضمن میں مثبت فیصلوں کی بنیاد رکھیں۔

ایک کھلا خط

مزمل سہروردی

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ترجمان اور سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پاک فوج کے ترجمان کے نام ایک کھلا خط جاری کیا ہے۔ اس خط کے مندرجات پر بات کرنے سے پہلے یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں، شیخ وقاص اکرم کا موقف ہے کہ تحریک انصاف کا باقاعدہ موقف جاری کرنے کا اختیار صرف ان کے پاس ہے۔

ان کے مطابق آپ سوشل میڈیا کے دیگر پلیٹ فارمز سے جو موقف حاصل کرتے ہیں، وہ درست نہیں۔ درست موقف صرف وہ جاری کر سکتے ہیں۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں، اگر وہ تحریک انصاف کے باقاعدہ ترجمان ہیں تو ان کا یہ کھلا خط تحریک انصاف کے باقاعدہ موقف کا عکاس ہے۔ اس خط کا پہلا جملہ ہی دلچسپ ہے۔ وہ پاک فوج کے ترجمان کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم بھی اتنے ہی محب وطن پاکستانی ہیں، جتنے آپ ہیں۔

اب اگر تحریک انصاف کی یہ پالیسی ہے تو پھر لڑائی ختم ہو جاتی۔ لڑائی تو شروع ہی تب ہوئی جب پی ٹی آئی نے لوگوں کو میر جعفر، میر صادق اور جانور قرار دینا شروع کر دیا۔ پہلے جنرل باجوہ کے دور میں میر جعفر اور میر صادق کی ٹرم استعمال کی گئی۔ اب این ڈی یو کی نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ میں شرکت کرنے والے اپنے ہی لوگوں کو میر جعفر اور میر صادق قرار دے دیا۔ سوال یہ ہے کہ اگر سب محب وطن ہیں تو پھر میر جعفر اور میر صادق کہاں سے آ گئے۔ میں نے پورا خط پڑھا ہے۔ اس میں اس سوال کا جواب کہیں موجود نہیں تھا۔

تحریک انصاف اپنے مخالفین کو ملک دشمن اور دیگر القاب دینے میں ماہر ہے۔ لیکن اب جب ان کے لیڈر کو نیشنل سیکیورٹی تھریٹ قرار دیا گیا ہے، ان پر بھارتی پراپیگنڈا آگے بڑھانے کا الزام لگایا گیا ہے۔ تو انھیں فوری یاد آ گیا ہے کہ وہ بھی محب وطن ہیں اور اسٹیبلشمنٹ بھی محب وطن ہے۔ اس کو کہتے ہیں، بدلتا ہے رنگ آسمان کیسے کیسے۔ کل تک نیوٹرل کو جانور قرار دینے والے آج اداروں سے نیوٹرل ہونے کی فریاد کر رہے ہیں۔ اس کو کہتے ہیں مکافات عمل۔

شیخ وقاص اکرم اس خط میں مزید لکھتے ہیں کہ کیا کوئی پاکستانی یا کوئی سیاسی جماعت یہ سوچ بھی سکتی ہے کہ اس کا بیانیہ وطن عزیز کے خلاف ہو۔ یہ اچھی بات ہے لیکن پھر بھارتی میڈیا کو انٹرویو دینے کا پلان کس کا تھا؟ یہ بھی بتا دیں۔

پاکستان کے دشمن کی گود میں بیٹھ کر پاکستان کے خلاف باتیں کرنے کا منصوبہ کس کا تھا؟ تحریک انصاف کا سوشل میڈیا اور بھارتی میڈیا، پاک فوج کے خلاف یک زبان کیسے ہیں؟ بھارتی میڈیا اور تحریک انصاف کا سوشل میڈیا کورس کی شکل میں پاک فوج کے خلاف پراپیگنڈا کیسے کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں پاکستان کی ہر سیاسی جماعت کی پالیسی یہی ہونی چاہیے جو اس خط میں بیان کی گئی ہے لیکن پالیسی پر عمل ہوتا بھی نظر آنا چاہیے۔

بھارتی میڈیا پر جا کر پاک فوج کی قیادت کے خلاف انٹرویوز کو کہاں لے جائیں؟ اس کو کس کوڑے دان میں پھینکیں، یہ بھی بتا دیا جائے۔ اگر اس خط میں اس کی بھی مذمت کی جاتی، اس سے لاتعلقی کا اعلان کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا اور خط زیادہ پراثر ہوتا۔ خط میں لکھا گیا ہے کہ اگر تحریک انصاف سے پاکستان کو جدا کر دیا جائے تو ہم کچھ نہیں رہتے۔ اس سے ثابت ہوا کہ پاکستان ہی ہماری اصل پہچان اور شان ہے۔

پاکستان ہے تو سیاسی جماعتوں کی سیاست ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ افواج پاکستان سے پاکستان کو الگ کر دیا جائے تو پاکستان کی شان باقی نہیں رہتی تو پھر فوج کے خلاف پراپیگنڈا کیوں؟ پھر فوجی قیادت کے خلاف پراپیگنڈا کیوں؟ جب مودی کے جذبات اور بانی تحریک انصاف کے جذبات ایک ہو جائیں تو کیا کریں۔ جب جے شنکر اور تحریک انصاف ایک زبان بولیں تو کیا کہیں۔ یہ بھی تو سمجھا دیں۔ بھارتی میڈیا کو تو پاک فوج سے دشمنی سمجھ آتی ہے، سوال یہ ہے کہ آپ اس کا ایندھن کیوں بن رہے ہیں۔

میں شیخ وقاص اکرم کے خط کو عمومی طور پر ایک مثبت خط سمجھتا ہوں۔ حالانکہ میں انھیں ایک بے اختیار ترجمان سمجھتا ہوں۔ کیونکہ تحریک انصاف کا سوشل میڈیا انھیں بھی بہت کچھ کہتا ہے۔ آجکل ان کے خلاف بھی سوشل میڈیا مہم چل رہی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ خط انھوں نے ذاتی حیثیت میں نہیں لکھا ہوگا۔ اسے تحریک انصاف پاکستان کی پارٹی پالیسی قرار دیا جاسکتا ہے۔ لیکن یہ خط بانی تحریک انصاف کی پالیسی نہیں قرار دیا جاسکتا۔ مجھے قوی امید ہے کہ اس خط کی شکایات بھی بانی تحریک انصاف کو پہنچائی جائے گی، پھر خطرہ ہے کہیں شیخ وقاص اکرم کو بھی این ڈی یو کی ورکشاپ میں شرکت کرنے والوں کی صف میں شامل قرار نہ دے دیا جائے۔

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ترجمان اور سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پاک فوج کے ترجمان کے نام ایک کھلا خط جاری کیا ہے۔ اس خط کے مندرجات پر بات کرنے سے پہلے یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں، شیخ وقاص اکرم کا موقف ہے کہ تحریک انصاف کا باقاعدہ موقف جاری کرنے کا اختیار صرف ان کے پاس ہے۔

ان کے مطابق آپ سوشل میڈیا کے دیگر پلیٹ فارمز سے جو موقف حاصل کرتے ہیں، وہ درست نہیں۔ درست موقف صرف وہ جاری کر سکتے ہیں۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں، اگر وہ تحریک انصاف کے باقاعدہ ترجمان ہیں تو ان کا یہ کھلا خط تحریک انصاف کے باقاعدہ موقف کا عکاس ہے۔ اس خط کا پہلا جملہ ہی دلچسپ ہے۔ وہ پاک فوج کے ترجمان کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم بھی اتنے ہی محب وطن پاکستانی ہیں، جتنے آپ ہیں۔

اب اگر تحریک انصاف کی یہ پالیسی ہے تو پھر لڑائی ختم ہو جاتی۔ لڑائی تو شروع ہی تب ہوئی جب پی ٹی آئی نے لوگوں کو میر جعفر، میر صادق اور جانور قرار دینا شروع کر دیا۔ پہلے جنرل باجوہ کے دور میں میر جعفر اور میر صادق کی ٹرم استعمال کی گئی۔ اب این ڈی یو کی نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ میں شرکت کرنے والے اپنے ہی لوگوں کو میر جعفر اور میر صادق قرار دے دیا۔ سوال یہ ہے کہ اگر سب محب وطن ہیں تو پھر میر جعفر اور میر صادق کہاں سے آ گئے۔ میں نے پورا خط پڑھا ہے۔ اس میں اس سوال کا جواب کہیں موجود نہیں تھا۔

تحریک انصاف اپنے مخالفین کو ملک دشمن اور دیگر القاب دینے میں ماہر ہے۔ لیکن اب جب ان کے لیڈر کو نیشنل سیکیورٹی تھریٹ قرار دیا گیا ہے، ان پر بھارتی پراپیگنڈا آگے بڑھانے کا الزام لگایا گیا ہے۔ تو انھیں فوری یاد آ گیا ہے کہ وہ بھی محب وطن ہیں اور اسٹیبلشمنٹ بھی محب وطن ہے۔ اس کو کہتے ہیں، بدلتا ہے رنگ آسمان کیسے کیسے۔ کل تک نیوٹرل کو جانور قرار دینے والے آج اداروں سے نیوٹرل ہونے کی فریاد کر رہے ہیں۔ اس کو کہتے ہیں مکافات عمل۔

شیخ وقاص اکرم اس خط میں مزید لکھتے ہیں کہ کیا کوئی پاکستانی یا کوئی سیاسی جماعت یہ سوچ بھی سکتی ہے کہ اس کا بیانیہ وطن عزیز کے خلاف ہو۔ یہ اچھی بات ہے لیکن پھر بھارتی میڈیا کو انٹرویو دینے کا پلان کس کا تھا؟ یہ بھی بتا دیں۔

پاکستان کے دشمن کی گود میں بیٹھ کر پاکستان کے خلاف باتیں کرنے کا منصوبہ کس کا تھا؟ تحریک انصاف کا سوشل میڈیا اور بھارتی میڈیا، پاک فوج کے خلاف یک زبان کیسے ہیں؟ بھارتی میڈیا اور تحریک انصاف کا سوشل میڈیا کورس کی شکل میں پاک فوج کے خلاف پراپیگنڈا کیسے کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں پاکستان کی ہر سیاسی جماعت کی پالیسی یہی ہونی چاہیے جو اس خط میں بیان کی گئی ہے لیکن پالیسی پر عمل ہوتا بھی نظر آنا چاہیے۔

بھارتی میڈیا پر جا کر پاک فوج کی قیادت کے خلاف انٹرویوز کو کہاں لے جائیں؟ اس کو کس کوڑے دان میں پھینکیں، یہ بھی بتا دیا جائے۔ اگر اس خط میں اس کی بھی مذمت کی جاتی، اس سے لاتعلقی کا اعلان کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا اور خط زیادہ پراثر ہوتا۔ خط میں لکھا گیا ہے کہ اگر تحریک انصاف سے پاکستان کو جدا کر دیا جائے تو ہم کچھ نہیں رہتے۔ اس سے ثابت ہوا کہ پاکستان ہی ہماری اصل پہچان اور شان ہے۔

پاکستان ہے تو سیاسی جماعتوں کی سیاست ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ افواج پاکستان سے پاکستان کو الگ کر دیا جائے تو پاکستان کی شان باقی نہیں رہتی تو پھر فوج کے خلاف پراپیگنڈا کیوں؟ پھر فوجی قیادت کے خلاف پراپیگنڈا کیوں؟ جب مودی کے جذبات اور بانی تحریک انصاف کے جذبات ایک ہو جائیں تو کیا کریں۔ جب جے شنکر اور تحریک انصاف ایک زبان بولیں تو کیا کہیں۔ یہ بھی تو سمجھا دیں۔ بھارتی میڈیا کو تو پاک فوج سے دشمنی سمجھ آتی ہے، سوال یہ ہے کہ آپ اس کا ایندھن کیوں بن رہے ہیں۔

میں شیخ وقاص اکرم کے خط کو عمومی طور پر ایک مثبت خط سمجھتا ہوں۔ حالانکہ میں انھیں ایک بے اختیار ترجمان سمجھتا ہوں۔ کیونکہ تحریک انصاف کا سوشل میڈیا انھیں بھی بہت کچھ کہتا ہے۔ آجکل ان کے خلاف بھی سوشل میڈیا مہم چل رہی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ خط انھوں نے ذاتی حیثیت میں نہیں لکھا ہوگا۔ اسے تحریک انصاف پاکستان کی پارٹی پالیسی قرار دیا جاسکتا ہے۔ لیکن یہ خط بانی تحریک انصاف کی پالیسی نہیں قرار دیا جاسکتا۔ مجھے قوی امید ہے کہ اس خط کی شکایات بھی بانی تحریک انصاف کو پہنچائی جائے گی، پھر خطرہ ہے کہیں شیخ وقاص اکرم کو بھی این ڈی یو کی ورکشاپ میں شرکت کرنے والوں کی صف میں شامل قرار نہ دے دیا جائے۔

جڑواں شہروں کی خبریں

پاکستان بیت المال کے پراجیکٹس کے ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر ذیشان دانش ادارے کی سماجی خدمات خصوصاً تعلیمی وظائف کے حوالے روشنی ڈالی

بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت

پاکستان بیت المال نے صوبے کی گیارہ (11) مزید سرکاری جامعات میں زیرِ تعلیم باصلاحیت اور مستحق طلبا تک اپنی قومی معاونت کا دائرہ کار بڑھا دیا

اسلام آباد (پی۔آر) بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے، پاکستان بیت المال نے صوبے کی گیارہ (11) مزید سرکاری جامعات میں زیرِ تعلیم باصلاحیت اور مستحق طلبا تک اپنی قومی معاونت کا دائرہ کار بڑھا دیا ہے۔ یہاں ادارے کے صدر دفتر میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران، مینجنگ ڈائریکٹر پی بی ایم سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد، وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر روبینہ مشتاق، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر حفیظ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف تربت پروفیسر ڈاکٹر گل حسن، وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر اینڈ میرین سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالملک ترین، وائس چانسلر بلوچستان یو ای ٹی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ، وائس چانسلر بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد، وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، اور وائس چانسلر یونیورسٹی آف مکران پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ کے ہمراہ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے۔ اس موقع پر پاکستان بیت المال کے پراجیکٹس کے ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر ذیشان دانش ادارے کی سماجی خدمات خصوصاً تعلیمی وظائف کے حوالے روشنی ڈالی۔ آئی ٹی کے ڈائریکٹر کاشف ندیم نے ڈیجیٹل منظم اور مربوط نظام کے حوالے سے بھی بتایا جن کی مدد سے طالب علموں کی سہولت کے ساتھ ساتھ ان کی درخواستوں کی آن لائن ٹریکنگ بھی ممکن ہوگی۔ تقریب میں پرنسپل سیکرٹری گورنر بلوچستان کلیم اللہ، یونیورسٹیوں کے پرو وائس چانسلرز، گورنر ہاؤس اور بیت المال کے سینئر افسران اور جامعات کے فیکلٹی اراکین بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مینجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، یہ اشتراک اس صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ باصلاحیت اور مستحق طلبا کی معاونت کے ذریعے ہم مستقبل کے ان رہنماؤں، موجدوں اور پیشہ ور افراد میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں جو بلوچستان کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ ایم۔ڈی پاکستان بیت المال نے صوبہ بلوچستان کے محروم اور نادار افراد کی زندگیوں میں بہتری لانے کے حوالے سے وفاقی حکومت کی ترجیحات بھی بیان کیں۔

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی صفائی ستھرائی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے اے سی مری اور متعلقہ افسران کے ہمراہ سنی بنک اور لاری اڈا بس سٹینڈ کا دورہ کر رہے ہیں۔

اجلاس میں ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ڈی جی ورکس سمیت انجینئرنگ ونگ کے متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی

اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز و مراکز کی بحالی واپگریڈیشن کے منصوبے پر کاموں کا آغاز کردیا گیا

انجینئرنگ ونگ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی اپ گریڈیشن و بحالی کیلئے جامع پلان پیش کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز و مراکز کی بحالی واپگریڈیشن کے منصوبے پر کاموں کا آغاز کردیا گیا ہے۔ انجینئرنگ ونگ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی اپ گریڈیشن و بحالی کیلئے جامع پلان پیش کر دیا۔ یہ پلان چیئرمین سی ڈی اے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیرِ صدارت منگل کے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں سیکٹرز کی بحالی واپگریڈیشن سے متعلقہ جائزہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس میں ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ڈی جی ورکس سمیت انجینئرنگ ونگ کے متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق، ابتدائی مرحلے میں ایم پی او ڈائریکٹوریٹ مصروف ترین کاروباری مقامات میں شامل بلیو ایریا، مرکز F-6 سپر مارکیٹ اور مرکز F-7 جناح سپر مارکیٹ کی ازسرنو کارپیٹنگ کی جائے گی۔ اسی طرح سیکٹر I-14 کی تمام سٹریٹس اور مرکز D-12 کی سڑکوں اور گلیوں کی اپ گریڈیشن بھی پہلے مرحلے میں کی جائے گی۔ مزید برآں، سیکٹر E-12 کی میجر روڈز اور سروس روڈز کی کارپیٹنگ کا کام بھی پہلے مرحلے میں مکمل کیا جائے گا۔ واضح رہے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے مختلف سیکٹرز کی بحالی واپ گریڈیشن پلان کے تحت شہر کے تمام سیکٹرز و مراکز کی بحالی کا مرحلہ وار کام تیزی سے مکمل کیا جائے گا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر شہر کی مختلف شاہراہوں پر زیبرا کراسنگ کی بحالی کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور مصروف ترین شاہراہوں پر موجود زیبرا کراسنگ کو ترجیحی بنیادوں پر بحالی کا کام کیا جارہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ زیبرا کراسنگ کی بحالی کیلئے بہترین میٹریل کے استعمال اور کوالٹی سٹینڈرز پر ہر صورت عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تفصیلی روڈ کارپیٹنگ کیساتھ ساتھ شہر بھر میں ضرورت کے مطابق شاہراہوں، گلیوں اور مارکیٹوں میں پیچ ورک کیا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ بحالی واپگریڈیشن منصوبے کے تحت موجودہ فٹ پاتھوں کی مرمت اور نئے فٹ پاتھوں کی تعمیر بھی کی جائے گی۔ اسی طرح اس منصوبے کے تحت سیکٹرز میں خراب سٹریٹ لائٹس و پولز کی مرمت اور نئی سٹریٹ لائٹس و پولز کی تنصیب بھی کی جائے گی۔ جبکہ شہریوں کی رہنمائی کیلئے سائنج بورڈز کی تنصیب اور ربر سپیڈ بریکرز کی تنصیب بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سیکٹرز میں سیوریج و ڈرینج سسٹم اور تمام سروسز مین ہولز کو کور کرنے کیلئے خصوصی طور پر کام کیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تمام سیکٹرز اور مراکز کی بحالی واپ گریڈیشن منصوبے کے تحت سڑکوں، گلیوں، مارکیٹوں اور مراکز کا سروے مکمل کیا جاچکا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے ہدایت کی کہ سیکٹرز کی بحالی واپ گریڈیشن کیلئے سی ڈی اے کے اپنے وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے زیرِ اہتمام کرسمس اور قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

ڈاکٹر طلعت شبیر کی کتاب "ابو جی" کی تقریبِ رونمائی

ڈاکٹر طلعت شبیر کی اپنے والد کے ساتھ گذری یادوں پر مبنی کتاب "ابو جی" کی تقریب رونمائی کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر طلعت شبیر کی اپنے والد کے ساتھ گذری یادوں پر مبنی کتاب "ابو جی" کی تقریب رونمائی کا انعقاد کیا گیا۔ 10 دسمبر 2025 کو بزم ادب اسلام آباد کے زیرِ اہتمام اکادمی ادبیات اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اِس تقریب میں نامور ادبی شخصیات، اساتذہ، دوست احباب اور اہلِ خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مصنف کی علمی و ادبی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب میں متنوع پس منظر رکھنے والے افراد نے کتاب کے مندرجات پر مضامین پیش کیے اور کتاب اور مصنف کی زندگی پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے نہ صرف کتاب کے علمی و ادبی پہلوؤں کا جائزہ لیا بلکہ ایک جفاکش باپ کے لیے اس کے بیٹے کے قلم سے جھلکنے والی محبت اور عقیدت کے رنگوں کو بھی سراہا۔ مقررین کے مطابق یہ کتاب نہ صرف مصنف کے فکری و تجرباتی سفر کی آئینہ دار دِکھائی دیتی ہے بلکہ اِس میں محبت، اپنائیت، خلوص اور ماضی کی یادوں کی چاشنی بھی محسوس کی جاسکتی ہے۔ کتاب کا مطالعہ کرتے وقت قاری ان بھولی بسری وادیوں میں چلا جاتا ہے جہاں یادیں سانس لیتی ہیں اور گذرے دِنوں کی یادوں کی روشنی آج بھی دل کو منور کرتی ہے۔ بعدازاں ڈاکٹر طلعت شبیر نے اپنی کتاب سے چنیدہ اقتباسات پیش کیے۔ مصنف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا: ابوجی ایک ایسا سفر ہے جو مجھے ماضی کے ان حسین لمحات کی یاد دلاتا ہے جو زندگی میں میری جدوجہد کے اِردگرد گھومتے ہیں۔ یہ صرف ایک کتاب نہیں بلکہ ایک جذباتی ربط ہے جو مجھے میرے بچپن، میرے خوابوں اور میری یادوں سے جوڑتا ہے۔ ابو جی میں ڈاکٹر طلعت شبیر نے اپنے اور اپنے والد کے درمیان مضبوط اور اٹوٹ رشتے کی ایک خوبصورت تصویر پیش کی ہے۔ کتاب یادوں کا ایک دِل کو موہ لینے والا بیانیہ ہے جس کے ذریعے مصنف نے اونچ نیچ، غم خوشی اور کامیابی ناکامی سے عبارت زندگی کی جدوجہد میں باپ کے سائے کی موجودگی کو ایک نعمت گردانا ہے۔ باپ ایک سایہ دار درخت کی طرح نظر آتا ہے جو اپنی اولاد کو اپنی جڑوں سے جوڑے رکھتا ہے اور دنیا کی کامرانیاں سمیٹنے کا حوصلہ دیتا ہے۔ کتاب کے مرکزی موضوعات میں سے ایک موضوع موت ہے جو ناگزیر ہے۔ ڈاکٹر طلعت شبیر کے بیانیے میں والد کی رحلت صرف غم نہیں ہے بلکہ یادوں کا حسین گلدستہ ہے جو آج بھی کسی نہ کسی صورت موجود ہے اور زندگی میں کسی نہ کسی طور خوشبو دے رہا ہے۔ کتاب کا عنوان "ابو جی" مصنف کے اپنائیت بھرے انداز کا عکاس ہے۔ جس میں مصنف کا اپنے والد کے لیے گہرا احترام اور جذباتی لگاؤ دِکھائی دیتا ہے۔ کتاب نہ صرف قارئین کو مسحور کرتی ہے بلکہ محبت اور جدائی کے آفاقی موضوعات کو ایک نئے انداز سے اجاگر کرتی ہے۔ تقریب سے ڈاکٹر مقصود جعفری، مسز فرخ خان، ڈاکٹر نجیبہ عارف، حمید شاہد، سعید راجہ، عبداللہ گل، ڈاکٹر فرحت جبین ورک، اور ڈاکٹر مہناز انجم نے مصنف کی دلکش یادوں کی داستان پر روشنی ڈالی۔ پروگرام کی نظامت بزمِ ادب اسلام آباد کے روحِ رواں ڈاکٹر شیر علی نے کی۔ آخر میں شرکا نے مصنف کو شاندار تصنیف پر مبارکباد پیش کی۔

اسلام آباد، الفا اینڈ اومیگا گروپ آف سروسز کے زیرِ اہتمام کرسمس کے موقع پر مہمان خصوصی منظور مسیح کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے، جبکہ دوسری طرف کرسمس کا کیک کاٹنے کے بعد شرکا کا گروپ فوٹو

اس شاندار تقریب میں ملک کی نامور سیاسی، عسکری و کاروباری شخصیات نے شرکت فرما کر اس تقریب کے وقار میں مزید اضافہ کیا۔

اسلام آباد، محترم عبدالمجید آرائیں کی صاحبزادی یمنیٰ آرائیں کی رخصتی کی پروقار، شاندار تقریب میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوئی

تقریب میں قائم مقام صدر مخدوم سید یوسف رضا گیلانی، پیر سید صدرالدین شاہ راشدی، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی، ودیگر دوست واحباب شریک تھے۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تقریب میں قائم مقام صدر مخدوم سید یوسف رضا گیلانی، پیر سید صدرالدین شاہ راشدی، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی، مخدوم سید عبدالقادر گیلانی) رکن قومی اسمبلی (، مخدوم میراں مصطفیٰ شاہ گیلانی، سید جاوید علی شاہ) رکن قومی اسمبلی (، چوہدری نظیر آرائیں) رکن قومی اسمبلی (، عمران جاوید آرائیں) رکن صوبائی اسمبلی (، حمید اللہ آفریدی) سابقہ وفاقی وزیر (، سلیم پریار، مہر اشتیاق آرائیں) رکن قومی اسمبلی لاہور (، ڈاکٹر رفیق بانبھن) سابقہ صوبائی وزیر (، فیصل منیر آرائیں رحیم یار خان، خادم ارادین) سابقہ ایڈوائزر سی ایم سندھ (، مون آرائیں ایم پی اے سندھ، عطا اللہ پھل) سابقہ ناظم (، جنرل ثاقب محمود، جنرل رضوان، جنرل شاہد پرویز، جنرل حسن خٹک، جنرل منظور بھٹی، جنرل طیب صدیقی، جنرل فیاض گیلانی، بریگیڈیئر ابرار، بریگیڈیئر طارق سعید، کرنل اعظم آرائیں، کرنل اسحاق، عبدالحمید ڈوگر) سابقہ چیف جسٹس آف سپریم کورٹ (، قدرت اللہ خان) سیشن جج اسلام آباد (، عبدالرحمان حجرا) ڈپٹی رجسٹرار سپریم کورٹ آف پاکستان (، میاں عطا رف آرائیں) سابقہ صدر سپریم کورٹ بار (، یاسر عرفات شر) سابقہ ممبر سندھ بار کانسل (، چوہدری نظیر احمد آرائیں، شکیل احمد منگنیجو) سیکریٹری ٹو پرائم منسٹر آف پاکستان (، وسیم اجمل چوہدری) وفاقی سیکریٹری (، ریاض احمد قریشی) وفاقی سیکریٹری (، م، خان محمد مہر) وفاقی سیکریٹری (، عبد الجبار شاہین) وفاقی سیکریٹری (، سید، صدر حیدر آباد ڈویژن مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان انجینئر شاہد محمود آرائیں، صدر سکھر ڈویژن مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان چوہدری بشیر احمد آرائیں، مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان ضلع ٹنڈوالہیار کے جنرل سیکریٹری آصف اقبال آرائیں، انفارمیشن سیکریٹری مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان ضلع ٹنڈوالہ یار چوہدری ناصر آرائیں، صدر مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان ضلع گھوٹکی چوہدری لیاقت آرائیں، صدر مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان ضلع جیکب آباد غلام حسین آرائیں، صدر انجمن آرائیاں پاکستان میاں محمد سعید ڈیرے والا، نائب صدر انجمن آرائیاں پاکستان فضل الٰہی چوہدری، جنرل سیکریٹری انجمن آرائیاں پاکستان میاں خالد حبیب، چیف آرگنائزر انجمن آرائیاں پاکستان چوہدری حبیب کنول، صدر انجمن آرائیاں پنجاب میاں محمد جمیل آرائیں، صدر انجمن آرائیاں کینیڈا حاجی جمیل احمد آرائیں، سینئر نائب صدر انجمن آرائیاں کینیڈا ڈاکٹر داد احمد آرائیں ودیگر دوست واحباب شریک تھے۔

کلاس تھری شاپنگ سینٹر میں ہونے والی غیر قانونی تعمیرات بند کرائی جائیں، خالد چوہدری

فاروقیہ مارکیٹ ایف سکس ون بلاک 4 کو جاری سٹوفکیٹ کی انکوائری کرائی جائے، حبیب الرحمٰن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق سینئر نائب صدر اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے سیکرٹری خالد چوہدری اور جنرل سیکرٹری حبیب الرحمٰن عباسی نے کہا ہے کہ کلاس تھری شاپنگ سینٹرز آبادی کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر ماسٹر پلان کا حصہ بنائے گئے تھے لیکن اب دکانداروں کو بے دخل کر کے ون یونٹ اور بڑے بڑے پلازے تعمیر کیے جارہے ہیں۔ سب سیکٹرز اور محلے کے افراد گھریلو خریداری کے لئے کہاں جائیں گے۔ ماسٹر پلان کی خلاف ورزی کا ذمہ دار سی ڈی اے کا محکمہ بلڈنگ کنٹرول ہے جو کہ نقشے بھی پاس کرتا ہے اور ان کو تکمیلی سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے۔ فاروقیہ مارکیٹ ایف سکس ون کلاس تھری شاپنگ سینٹر ہے اور جہاں ماسٹر پلان اور سی ڈی اے قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے جس کی زندہ مثال بلاک نمبر 4 زندہ مثال ہے۔ جس میں غیر قانونی فلور تعمیر کیا گیا ہے اور غیر قانونی دروازے کھول کر پوری مارکیٹ کا رخ ہی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مذکورہ بلاک کی بیسمنٹ اور فرسٹ فلور کا کمرشل استعمال ہونے کے باوجود تکمیلی سٹوفکیٹ جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے چیئرمین سی ڈی اے چوہدری محمد علی رندھاوا اور ڈی جی۔ پ بی سی ایس فیصل نعیم بیگ سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر اس بلاک کی غیر قانونی تعمیرات کا نوٹس لیں اور غیر قانونی دروازے بند کرا کر مارکیٹ اصل حالت میں بحال کی جائے۔

آر آئی یو جے کے زیرِ اہتمام صحت وفلاح کیلیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

سینکڑوں صحافیوں نے شرکت کرتے ہوئے مفت طبی معائنہ، فری لیبارٹری ٹیسٹ اور فری ادویات حاصل کیں

اسلام آباد (محمد ارشد سے) راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس) آر آئی یو جے (کے زیرِ اہتمام صحافیوں آن کے اہلِ خانہ کے لیے صحت وفلاح کیلیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں سینکڑوں صحافیوں میں شرکت کرتے ہوئے مفت طبی معائنہ، فری لیبارٹری ٹیسٹ اور فری ادویات حاصل کیں۔ فری میڈیکل کیمپ کے مہمانِ خصوصی سینیٹر ناصر بٹ تھے، جنھوں نے کیمپ کا دورہ کیا اور آر آئی یو جے کی اس فلاحی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافی دن رات عوام کی آواز بنے رہتے ہیں، ایسے میں ان کی صحت کا خیال رکھنا معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے میں صحافی برادری کے ساتھ ہوں میرے بس میں جو کچھ ممکن ہوا وہ کریں گے یہی قائد نواز شریف کا ویژن ہے پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف صحت کے حوالے سے بہت اچھے اقدامات کر رہی ہیں یہ فری میڈیکل کیمپ آر آئی یو جے اور القادر جنرل ہسپتال اسلام آباد کے باہمی اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر آر آئی یو جے کے صدر طارق علی ورک نے کہا کہ یونین صحافیوں کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور مستقبل میں بھی صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے جائیں گے ہم ناصر بٹ، حافظ عبداللہ بٹ، پیپلز پارٹی کے رہنما ڈاکٹر عابد محمود مہر، نوید چوہدری و دیگر کا آمد پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر پی ای او القادر جنرل ہسپتال ڈاکٹر آصف پچھی نے میڈیکل کیمپ میں موجود ڈاکٹرز کا تفصیلی تعارف کروایا اور صحافیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، فری ٹیسٹس اور ادویات کے بارے میں آگاہ کیا۔ میڈیکل کیمپ میں ماہر ڈاکٹروں نے صحافیوں کا مکمل طبی معائنہ کیا جبکہ بلڈ پریشر، شوگر، ہیپاٹائٹس اور دیگر ضروری ٹیسٹس بالکل مفت کیے گئے

مولانا عبدالمقیت محبوب نے عالم ڈگری حاصل کرلی

نوجوان عالم دین مولانا عبدالمقیت محبوب کی دورہ حدیث تکمیل کے وقت انکے چاہنے والوں کی بڑی تعداد موجود تھی



دھابیجی (نمائندہ خصوصی) مولانا عبدالمقیت محبوب نے عالم ڈگری حاصل کرلی، فراغت جامعہ کبیر والا خانیوال سے ہوئی، شیخ الحدیث حضرت مفتی حامد حسن مدظلہ العالی سے بخاری شریف کی تکمیل کی مولانا عبدالمقیت محبوب، شیخ الحدیث مولانا محبوب احمد کے صاحبزادے ہیں، جو خود بھی دارالعلوم کبیر والا سے فارغ التحصیل ہیں، اور کراچی میں جامع مسجد نور کے امام و خطیب سمیت جامعہ معہد الخلیل کے استاذ بھی ہیں، درجنوں کتب کے مصنف سمیت سینکڑوں علما کرام کے استاذ بھی ہیں۔ نوجوان عالم دین مولانا عبدالمقیت محبوب کی دورہ حدیث تکمیل کے وقت انکے چاہنے والوں کی بڑی تعداد موجود تھی جسمیں مولانا محمد ابراہیم گوندل، قاری صابر صابری، امین فاروقی، سمیت تکمیل بخاری شریف کے موقع پر ہزاروں شرکا نے شرکت کی۔

مری میں خصوصی بچوں کے اسکول میں خواتین کسانوں کی تربیت

— آرگینک ویسٹ مینجمنٹ اور کچن گارڈننگ پر ورکشاپ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر اختر حمید خان میموریل ٹرسٹ (DAHKMT) کے تکنیکی و مالی تعاون سے گورنمنٹ ہائی اسکول فار اسپیشل چلڈرن، گاؤں بل ڈولو، تحصیل و ضلع مری میں خواتین کسانوں کے لیے ایک اہم تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا مقصد دیہی خواتین کو گھریلو باغبانی، نامیاتی کھاد کی تیاری اور پائیدار زرعی طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ تقریب میں ٹرسٹ کی سی ای او اور فوکل پرسن محترمہ سمیرا گل نے خواتین کسانوں کو نامیاتی فضلے کے مؤثر استعمال پر خصوصی تربیت دی۔ انہوں نے خشک پتوں، سبزیوں کے چھلکوں اور پھلوں کے ضائع شدہ حصوں کو قدرتی کھاد میں تبدیل کرنے کا سادہ اور عملی طریقہ سمجھایا۔ محترمہ سمیرا گل نے کہا کہ گھریلو سطح پر تیار کی جانے والی نامیاتی کھاد نہ صرف کم لاگت ہوتی ہے بلکہ اس سے اگنے والی سبزیاں صحت بخش اور قدرتی ذائقے کی حامل ہوتی ہیں۔ بعدازاں محترمہ قرۃ العین، ایگریکلچر آفیسر (ایکسٹینشن) کوٹلی ستیاں نے مری کے موسمی حالات میں موسمِ سرما کی سبزیوں اور پھلوں کی جدید کاشتکاری کے طریقوں پر مفصل لیکچر دیا۔ انہوں نے خواتین کو بتایا کہ علاقائی موسم اور زمین کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پیداوار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر سلیمان حیدر شاہ، ایگریکلچر آفیسر (ایکسٹینشن) مری نے کچن گارڈننگ کے ذریعے اگائی جانے والی سبزیوں اور پھلوں کی غذائی اور معاشی اہمیت بیان کی۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو سطح پر باغبانی نہ صرف صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دیتی ہے بلکہ مہنگائی کے دور میں گھریلو اخراجات میں کمی کا ذریعہ بھی بنتی ہے۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو موسمِ سرما کی سبزیوں کے مفت بیجوں پر مشتمل خصوصی کِٹس فراہم کی گئیں۔ علاوہ ازیں کچن گارڈننگ اور آرگینک ویسٹ مینجمنٹ کے لیے ضروری آلات، بیگز اور معلوماتی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام میں 45 سے زائد خواتین کسانوں نے شرکت کی، جنھوں نے اس اقدام کو انتہائی مفید، وقت کی ضرورت اور خواتین کی معاشی خودمختاری کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ شرکاء نے ڈاکٹر اختر حمید خان میموریل ٹرسٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے تربیتی پروگرام مستقل بنیادوں پر جاری رہیں گے تاکہ دیہی گھرانوں کی معاشی حالت بہتر ہو سکے اور صحت بخش غذائی پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔

پولیس افسران کو درپیش مسائل کا حل اولین ترجیح

ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر نے اپنے دفتر میں پولیس افسران کے مسائل سنے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سکیورٹی ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر نے اپنے دفتر میں پولیس افسران کے مسائل سنے، سنگین نوعیت کے معاملات پر سینئر پولیس افسران کو ازسرنو انکوائریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ پولیس افسران کے باقی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، آئی جی اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر تمام سینئر پولیس افسران اپنے دفاتر میں اردل روم کا انعقاد کر رہے ہیں اور پولیس افسران کے مسائل کو سن کر ان کے حل کے لئے احکامات جاری کر رہے ہیں، پولیس افسران کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات بھی کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، ایس ایس پی سکیورٹی نے افسران سے کہا کہ آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

منزل تک رسائی کے لیے پوری ٹیم کامل کر کام کرنا بہت ضروری ہے، راہنما مسلم لیگ منظور مسیح

الفا اینڈ اومیگا کے منشور سے ہم خیال ہیں۔ مستقبل میں اکٹھے چلیں گے، رہنما مسلم لیگ فرح جاوید

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کے ریگالیا ہوٹل میں الفا اینڈ اومیگا گروپ آف سروسز (AOGS) کے زیرِ اہتمام کرسمس کیک کٹنگ کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر چیئرپرسن AOGS ایسٹر جوزف نے بین المذاہب ہم آہنگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم رنگ، مذہب، نسل اور فرقہ وارانہ تعصبات سے بالاتر ہو کر انسانیت کے فروغ کے لیے ہمیشہ کام کرتے رہیں گے۔ تقریب میں مسلم لیگ) ن (کے رہنما اور کمیشن برائے انسانی حقوق کے رکن جناب منظور مسیح نے بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ الفا اینڈ اومیگا گروپ آف سروسز کی جانب سے جناب منظور مسیح کو شیلڈ آف اپریسیشن برائے چیف جسٹس بھی پیش کی گئی۔ چیمبر آف کامرس کی نمایاں شخصیت چوہدری اشرف فرزند اور مسلم لیگ) ن (کی نائب چیئرپرسن فرح جاوید نے بھی اعزازی مہمانوں کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کی۔ اخلاقی اور معاشرتی روایات کی پاسداری کرتے ہوئے معزز مہمانوں کا پھول پیش کر کے پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔

اسلام آباد، محترم عبدالمجید آرائیں کی صاحبزادی یمنیٰ آرائیں کی رخصتی کی پروقار، شاندار تقریب میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوئی

میرج و ڈیتھ گرانٹ، حج کوٹہ اور رہائشی منصوبوں سے متعلق مسائل بھی حل طلب

او۔جی۔ڈی سی ایل اتحاد یونین کے وفد کی سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ سے اہم ملاقات

وفد نے سیکرٹری فنڈ کو بتایا کہ کمپنی کے ورکرز کے بچوں کو مختلف تعلیمی اداروں میں فیسوں اور داخلوں کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کی اتحاد یونین آف آل پاکستان ایمپلائز) رجسٹرڈ سی بی اے (کے عہدیداران، ممبر گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر فنڈ اور یونین کے صدر زاہد حسین بھٹو کی قیادت میں سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد سے منگل کے روز ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں او۔جی۔ڈی سی ایل کے محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ سے متعلق متعدد اہم فلاحی و ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے سیکرٹری فنڈ کو بتایا کہ کمپنی کے ورکرز کے بچوں کو مختلف تعلیمی اداروں میں فیسوں اور داخلوں کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ میرج و ڈیتھ گرانٹ، حج کوٹہ اور رہائشی منصوبوں سے متعلق مسائل بھی حل طلب ہیں۔ اس موقع پر یونین کے نمائندگان نے اپنی سفارشات اور تجاویز بھی پیش کیں۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین کی خصوصی ہدایات پر محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مکمل ڈیجیٹلائزیشن کی جارہی ہے، اور بہت جلد ایک موبائل ایپ متعارف کرائی جائے گی جس کے ذریعے ورکرز گھر بیٹھے اپنے کیسز کی تفصیلات، پراگریس اور دیگر متعلقہ امور تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ اس نظام سے شفافیت میں اضافہ ہوگا اور تمام تعلیمی اداروں کو بھی ایپ کے ساتھ منسلک کیا جائے گا تاکہ ورکرز کے بچوں کو فیس یا دیگر مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سیکرٹری فنڈ نے مزید بتایا کہ اس وقت میرج اور ڈیتھ گرانٹس کا کوئی کیس زیرِ التوا نہیں ہے، اور اگر یونین یا ورکرز کی جانب سے اس ضمن میں کوئی بہتر تجویز سامنے آتی ہے تو فنڈ اسے خوشی سے قبول کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حج پالیسی کے مطابق ورکرز کو حج پر بھجوایا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق ورکرز اس سہولت سے مستفید ہوسکیں۔ رہائشی منصوبوں کے حوالے سے سیکرٹری ذوالفقار احمد نے کہا کہ ہاسنگ اسکیم میں گھروں اور فلیٹس کی الاٹمنٹ مکمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر کی جائے گی۔

شدید بارش اور خراب موسمی حالات کے باوجود ٹی ٹریفک پولیس مری عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنے فرائض منصبی انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے

ریٹ لسٹ پر عملدرآمد یقینی بنائیں ورنہ جرمانے کے ساتھ جیل بھیج دیا جائے گا کسی کو عوام سے زیادتی کی اجازت نہیں دی جاسکتی چوہدری شفقت محمود کی میڈیا نمائندوں سے گفتگو

فتح جنگ، اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کے گرانفروشوں کے خلاف اچانک چھاپے

ریٹ لسٹ پر عملدرآمد نہ کرنے والے تاجروں کی شامت، دوران چیکنگ 35ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) فتح جنگ، اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کے گرانفروشوں کے خلاف اچانک چھاپے، ریٹ لسٹ پر عملدرآمد نہ کرنے والے تاجروں کی شامت، دوران چیکنگ 35 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا، تاجر قبلہ درست کر لیں اور ریٹ لسٹ پر عملدرآمد یقینی بنائیں ورنہ جرمانے کے ساتھ جیل بھیج دیا جائے گا کسی کو عوام سے زیادتی کی اجازت نہیں دی جاسکتی چوہدری شفقت محمود کی میڈیا نمائندوں سے گفتگو حکومت پنجاب کے احکامات پر گرانفروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ تحصیلدار چوہدری شفقت محمود نے گزشتہ روز راولپنڈی روڈ، اٹک چوک، کوہاٹ روڈ، کھوڑ روڈ، عاشقان رسول چوک میں اچانک چھاپہ مارا اور ریٹ لسٹ سے تجاوز کرنے پر متعدد سبزی پھل فروشوں، کریانہ شاپس، چکن شاپس مالکان کو جرمانے عائد کیے انہوں نے گرانفروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مہنگی مرغی اور سبزی فروخت کرنے والے دکانداروں کو جرمانے کیے۔ موقع پر اضافی وصول کی گئی رقم خریداروں کو واپس کرائی جبکہ دکانداروں کو ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر لگانے کی سخت ہدایت کی گئی انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام دوکانداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ کوئی بھی شخص سرکاری ریٹ سے ہدایت کی گئی ہے کہ کوئی بھی سے زائد قیمت پر اشیا فروخت کرتے پایا گیا تو اس کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی، دوکاندار خود ساختہ مہنگائی ختم کر دیں، عوام کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی سرکاری ریٹ پر عمل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر انسپکشن کر رہے ہیں، شہری اشیا خوردونوش ریٹ لسٹ دیکھ کر خریدیں، جو تاجر مہنگے داموں اشیا کفروخت کرے اس کے خلاف برائے راست مجھے شکایت کریں، آپ کی شکایت پر فوری طور پر قانون کے مطابق ایکشن لیا جائے گا۔ موقع پر اضافی وصول کی گئی رقم خریداروں کو واپس کرائی جبکہ دکانداروں کو ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر لگانے کی سخت ہدایت کی گئی انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام دوکانداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ کوئی بھی شخص سرکاری ریٹ سے ہدایت کی گئی ہے کہ کوئی بھی سے زائد قیمت پر اشیافروخت کرتے پایا گیا تو اس کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی، دوکاندار خود ساختہ مہنگائی ختم کر دیں، عوام کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی سرکاری ریٹ پر عمل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر انسپکشن کر رہے ہیں، شہری اشیا خوردونوش ریٹ لسٹ دیکھ کر خریدیں، جو تاجر مہنگے داموں اشیا کفروخت کرے اس کے خلاف برائے راست مجھے شکایت کریں، آپ کی شکایت پر فوری طور پر قانون کے مطابق ایکشن لیا جائے گا

چیئرمین (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ زیرِ تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا معائنہ کیا

چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے زیرِ تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے، چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ زیرِ تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا اور منصوبے کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا معائنہ کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے میں شامل مرکزی عمارت سے متعلقہ تعمیراتی کام پایہ تکمیل تک پہنچ گئے ہیں اور فنشنگ اور تزئین و آرائش کے کام تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو مزید بتایا گیا کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کے اطراف دیدہ زیب لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے کے ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کاموں کی پیشرفت اور اعلیٰ معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے ساتھ ہی آسان خدمت مرکز کو منسٹری آف آئی ٹی اور متعلقہ محکموں کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" کے قیام سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو کئی محکموں کی سینکڑوں سروسز و سہولیات کا حصول ایک ہی چھت تلے ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" میں سی ڈی اے کی ون ونڈو فیسیلیٹیشن سینٹر کی تمام خدمات و سہولیات بھی فراہم کی جائیگی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کی تکمیل میں کوالٹی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے ساتھ ہی آسان خدمت مرکز کو منسٹری آف آئی ٹی اور متعلقہ محکموں کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" کے قیام سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو کئی محکموں کی سینکڑوں سروسز و سہولیات کا حصول ایک ہی چھت تلے ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" میں سی ڈی اے کی ون ونڈو فیسیلیٹیشن سینٹر کی تمام خدمات و سہولیات بھی فراہم کی جائیگی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کی تکمیل میں کوالٹی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ اور مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا

سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کے انڈر پاس کا اسٹرکچرل ورک مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ اس منصوبہ کے روڈ ورک اور فنشنگ کا کام تیزی جاری ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا۔ اس موقع پر منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ اور مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو متعلقہ افسران نے منصوبے پر ہونے والی ابتک کی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا ترقیاتی کام کامیابی کیساتھ مقررہ مدت سے قبل اپنے تکمیلی مراحل میں داخل ہوچکا ہے۔ مجموعی طور پر منصوبے کا 93 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے کے انڈر پاس کا اسٹرکچرل ورک مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ اس منصوبہ کے روڈ ورک اور فنشنگ کا کام تیزی جاری ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں مزید بتایا گیا کہ منصوبے کو خوبصورت بنانے کیلئے اسکے اطراف دیدہ زیب لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام بھی تیزی کیساتھ مکمل کیا جارہا ہے۔ انہیں بتایا گیا کہ منصوبے کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے مستقل بنیادوں پر خوبصورت لائٹس نصب کی جارہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے منصوبے کے ترقیاتی کاموں کی پیشرفت اور اعلیٰ معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کو نہ صرف قبل از وقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جارہا ہے بلکہ ترقیاتی کاموں کے اعلیٰ معیار پر بھی کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے سے ملحقہ تعلیمی اداروں کے طلبا اور روزمرہ کے مسافروں کو سگنل فری اور آرام دہ سفری سہولیات میسر ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی اور انفرااسٹرکچر کی جدت و ترقی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو نہ صرف بہترین سفری سہولیات میسر ہونگی بلکہ اس کے ساتھ ایندھن اور وقت کی بھی بچت ہوگی۔

ہمایوں سعید فلرٹ نہیں کرتے، سب کچھ دوستی اور مذاق کے دائرے میں ہوتا ہے: مہوش حیات

کراچی (شوبز ڈیسک) معروف اداکارہ مہوش حیات نے بتایا کہ ہمایوں سعید فلرٹ نہیں کرتے اور ان کی مزاحیہ حرکات و چھیڑ چھاڑ صرف دوستانہ ماحول میں ہوتی ہیں۔ مہوش حیات ان دنوں پاکستان سلیبریٹی کرکٹ لیگ کے سلسلے میں امریکا کے شہر ہیوسٹن میں موجود ہیں جہاں مداحوں سے بات چیت کے دوران مہوش حیات نے ہمایوں سعید کی فطرت، مزاح اور فلرٹنگ کے بارے میں کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے کہا کہ ہمایوں سعید فلرٹ نہیں کرتے بلکہ وہ مزاحیہ فطرت کے مالک ہیں۔ مہوش حیات کے مطابق جب وہ، ہمایوں سعید اور ندیم بیگ کسی سیٹ پر کام کر رہے ہوتے ہیں تو تینوں کا ایک مزاحیہ تکون بن جاتا ہے۔

دیرپا صحت کیلئے زندگی بھر کے اہداف مقرر کرنا ضروری ہوتا ہے، فیصل قریشی

میں باقاعدگی سے جم جاتا ہوں اور پوری لگن اور جوش کے ساتھ ورزش کرتا ہوں، اداکار

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف اداکار فیصل قریشی نے فٹنس روٹین اور صحت مند طرزِ زندگی کے راز بتا دیئے۔ فیصل قریشی کا شمار ان فنکاروں میں ہوتا ہے جنہیں ناظرین بے حد پسند کرتے ہیں۔ وہ اپنی شاندار اداکاری، مختلف کرداروں میں ڈھلنے کی صلاحیت اور ہر کردار کو حقیقت کے قریب لانے کے باعث کنگ آف ورسٹیلیٹی کہلاتے ہیں۔ اداکاری کے ساتھ ساتھ فیصل قریشی اپنی بہترین فٹنس اور صحت مند طرزِ زندگی کی وجہ سے بھی خبروں میں رہتے ہیں۔ حال ہی میں فیصل قریشی نے اپنی فٹنس روٹین سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میں باقاعدگی سے جم جاتا ہوں اور پوری لگن اور جوش کے ساتھ ورزش کرتا ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ جسمانی طور پر مضبوط رہنے کے لیے مستقل محنت اور نظم و ضبط بہت ضروری ہے، اسی وجہ سے میں ورزش کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ سمجھتا ہوں۔ اداکار نے اپنی خوراک سے متعلق بھی بات کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے اپنی ڈائٹ کو صاف اور متوازن بنانے پر خاص توجہ دی، اعجاز اسلم نے مجھے خصوصی اور سخت ڈائٹس سے بچنے کا مشورہ دیا تھا۔ فیصل قریشی کے مطابق مخصوص ڈائٹس وقتی فائدہ دیتی ہیں، لیکن دیرپا صحت کے لیے زندگی بھر کے اہداف مقرر کرنا ضروری ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند ہر چیز کھانی چاہیے، مگر مقدار کو کنٹرول میں رکھنا اصل کامیابی ہے، یہی اصول اپنانے سے میں نا صرف اپنی فٹنس برقرار رکھنے میں کامیاب ہوا بلکہ مجموعی صحت میں بھی بہتری آئی۔ فیصل قریشی کا ماننا ہے کہ صحت مند طرزِ زندگی کسی ایک مرحلے کا نام نہیں بلکہ ایک مسلسل سفر ہے، جس کے لیے مستقل مزاجی، متوازن خوراک اور باقاعدہ ورزش ناگزیر ہے۔

☆☆☆☆☆☆

سنیتا آہوجا نے گووندا کے افیئر کی تصدیق کردی

وہ عورت گووندا سے محبت نہیں کرتی تھی وہ صرف ان کی دولت چاہتی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے تسلیم کیا ہے کہ ان کے شوہر کا ایک افیئر تھا لیکن کسی ایکٹریس کے ساتھ نہیں تھا، انکا کہنا تھا کہ وہ عورت گووندا سے محبت نہیں کرتی تھی وہ صرف ان کی دولت چاہتی تھی۔ سنیتا آہوجا نے کہا کہ 2025 ان کے لیے اچھا سال ثابت نہیں ہوا، کیونکہ گووندا کے ایک اور خاتون کے ساتھ ملوث ہونے کے تنازع نے ان کی زندگی کو متاثر کیا۔ 62 سالہ گووندا کی اہلیہ نے اپنے شوہر کے افیئر کی افواہ پر کھل کر گفتگو کی، تاہم یہ وضاحت بھی کی کہ یہ افیئر کسی مراٹھی نوجوان اداکارہ کے ساتھ نہیں ہے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو سنیتا نے کہا کہ وہ عورت گووندا سے نہیں ان کے پیسوں سے محبت کرتی ہے۔ 56 سنیتا آہوجا جن کی 1987 میں گووندا سے شادی ہوئی، انکا کہنا ہے کہ اس سال کو میں بہت برا سال سمجھتی ہوں، کیونکہ میں مسلسل گووندا کے لڑکی کے ساتھ افیئر کا سن رہی ہوں، لیکن میں جانتی ہوں کہ وہ کوئی اداکارہ نہیں ہے، کیونکہ اداکارائیں ایسے برے کام نہیں کرتیں۔ انھوں نے کہا میں چاہتی ہوں کہ گووندا ان تمام تنازعات کو ختم کر دیں اور آئندہ برس ہماری اچھی فیملی لائف ہو۔ یاد رہے کہ اس سال کے اوائل میں گووندا اور سنیتا کی طلاق کی افواہیں تھیں، جس کی سنیتا نے تردید کی تھی

برطانوی اداکارہ نے طلاق کے بعد شوہر کے قریبی دوست کو جیون ساتھی چن لیا



وہ اب اپنے بوائے فرینڈ مارٹن والیس کے ساتھ رہائش اختیار کر چکی ہیں جو ان کے شوہر کامیڈین جون رچرڈسن کے دوست بھی ہیں

لندن (شوبز نیوز) برطانوی اداکارہ لوسی بیومونٹ کی زندگی میں نیا موڑ آیا ہے جب انھوں نے شوہر جون رچرڈسن سے علیحدگی کے بعد ان ہی کے ایک دوست کو جیون ساتھی چن لیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کامیڈین اور اداکارہ لوسی بیومونٹ نے حال ہی میں دی سلیبریٹی ٹریٹرز میں شاندار کارکردگی سے مداحوں کے دل جیت لیے تھے۔ کرسمس کے موقع پر ایک بار پھر بی بی سی اسکرین پر نظر آ رہی ہیں۔ وہ فیسٹیو اسپیشل دی گریٹ برٹش سونگ بی میں بھی حصہ لے رہی ہیں۔ ان سب کامیابیوں کے باوجود ان کی ازدواجی زندگی طلاطم خیز ہے۔ سال 2025 لوسی بیومونٹ کے لیے ذاتی اور پیشہ ورانہ دونوں حوالوں سے نہایت اہم ثابت ہوا ہے۔ رپورٹس کے مطابق وہ اب اپنے بوائے فرینڈ مارٹن والیس کے ساتھ رہائش اختیار کر چکی ہیں جو ان کے شوہر کامیڈین جون رچرڈسن کے دوست بھی ہیں۔ لوسی اور مارٹن کو پہلی بار اکتوبر 2024 میں ایک ساتھ دیکھا گیا تھا جو لوسی اور جون رچرڈسن کی علیحدگی کے تقریباً چھ ماہ بعد کی بات ہے۔ یاد رہے کہ مشہور زمانہ کامیڈین جوڑی لوسی بیومونٹ اور جون رچرڈسن نے 12 اپریل 2024 کو مشترکہ بیان کے ذریعے اپنی طلاق کا اعلان کیا تھا۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ 9 سالہ شادی کے بعد دونوں نے باہمی رضامندی سے الگ ہونے کا فیصلہ کیا ہے اور ان کی اولین ترجیح اپنی بیٹی کی فلاح و بہبود ہے۔ عوام اور میڈیا سے نجی زندگی کے احترام کی اپیل بھی کی گئی تھی۔ خیال رہے کہ اس جوڑے نے اپنی نو سالہ بیٹی کو ہمیشہ ہی میڈیا کی نظروں سے دور رکھا ہے اگرچہ ان کے مزاحیہ شو میٹ دی رچرڈسنز میں بیٹی اور ازدواجی زندگی کا ذکر آتا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

اداکارہ صبا قمر پولیس کی وردی پہننے کے بعد مشکل میں پڑ گئیں

صبا قمر کیخلاف پنجاب پولیس کا یونیفارم پہننے پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کی معروف اداکارہ صبا قمر پولیس کی وردی پہننے کے بعد مشکل میں پڑ گئیں۔ صبا قمر کے پولیس یونیفارم پہن کر ویڈیو شوٹ کروانے کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کردی گئی۔ اس حوالے سے لاہور میں ایڈیشنل سیشن جج الیاس ریحان نے اداکارہ کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ اس معاملے پر درخواست گزار وسیم زوار نے موقف اختیار کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو میں صبا قمر ڈریسنگ روم میں پولیس یونیفارم میں ملبوس ہیں اور انہوں نے ایس پی کا بیج بھی لگایا ہوا ہے۔ درخواست گزار کے مطابق پولیس یونیفارم پہننے سے قبل پولیس سے این او سی لینا ہوتا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا ہے کہ تھانہ پرانی انارکلی کو مقدمہ درج کرنے کی درخواست دی جس پر کارروائی نہیں ہوئی۔ عدالت نے سماعت 14 جنوری تک ملتوی کردی ہے۔

”میری شادی میں کچھ بھی پہنوں“ راحت فتح علی کی بیٹی ماہین ناقدین پر برس پڑیں

ماہین خان کی اس ویڈیو کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے لیجنڈ گلوکار راحت فتح علی خان کی بیٹی ماہین خان نے تقریب کے لباس پر تنقید کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ ماہین خان کی حال ہی میں مایوں اور نکاح کی تقریب ہوئی جس میں انہوں نے بھارتی ڈیزائنر کے لباس کا انتخاب کیا۔ نکاح اور مایوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر بھی وائرل ہوئیں جس پر صارفین کی جانب سے ماہین خان کو بھارتی ڈیزائنر کا لباس زیب تن کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ تاہم ماہین خان بھی تنقید پر چپ نہ رہیں اور ناقدین کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ خدا کا واسطہ ہے لوگوں کی زندگیوں میں دخل دینا بند کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں بھارتی ڈیزائنر کا لباس پہنوں یا چائنیز یا افغانستانی لباس پہنوں، جو مرضی پہنوں، میری شادی ہے آپ لوگوں کو کیا مسئلہ ہے۔ ماہین خان کی اس ویڈیو کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری ہے، کسی نے انہیں سپورٹ کیا تو کسی نے ان کی بات سے اتفاق نہ کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لباس پہننا ہمارے کلچر کا حصہ نہیں۔ مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری ہے، کسی نے انہیں سپورٹ کیا تو کسی نے ان کی بات سے اتفاق نہ کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لباس پہننا ہمارے کلچر کا حصہ نہیں۔

☆☆☆☆☆

ندا یاسر نے میری طلاق سے متعلق ویڈیو وائرل کروائی، فضا علی کا دعوی

میں نے ڈیلیوری رائیڈرز کے حق میں منطقی اور سچی بات کی، جس کے بعد میری ذاتی زندگی کو نشانہ بنایا گیا، فضا علی

پاکستانی اداکارہ اور مارننگ شو ہوسٹ فضا علی ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ پروگرام مارننگ ود فضا کی میزبان فضا علی حالیہ دنوں میں مسلسل تنازعات کی وجہ سے سوشل میڈیا پر زیرِ بحث ہیں۔ اس سے قبل وہ ندا یاسر اور صبا فیصل کی غیر محتاط گفتگو پر تنقید اور کاشف ضمیر کے مبینہ طور پر نقلی سونا پہننے کا انکشاف کرنے پر بھی سرخیوں میں رہ چکی ہیں۔ اب تازہ معاملے میں فضا علی نے بالواسطہ طور پر ندا یاسر پر الزام عائد کیا ہے کہ ان پر تنقید کے بعد میری پرانی طلاق سے متعلق ویڈیوز کو دوبارہ وائرل کیا گیا۔ فضا کا کہنا تھا کہ میں نے ڈیلیوری رائیڈرز کے حق میں منطقی اور سچی بات کی، جس کے بعد میری ذاتی زندگی کو نشانہ بنایا گیا۔ فضا کے مطابق ایک پرانا کلپ، جو عرصے سے بھلا دیا گیا تھا، جان بوجھ کر دوبارہ پھیلایا گیا۔ فضا علی نے کہا کہ پاکستان میں بے شمار سنگین مسائل موجود ہیں، مگر لوگوں نے ان کی طلاق کے بجائے اس بات پر زیادہ توجہ دی کہ ان کے سابق شوہر طلاق کے وقت بے ہوش کیوں ہوئے۔ ان کا کہنا تھا کہ طلاق بذاتِ خود تکلیف دہ ہوتی ہے، لیکن ہمارے معاشرے میں عورت کو اس کے بعد خاص طور پر نشانہ بنایا جاتا ہے۔ فضا نے کہا کہ انہوں نے طلاق کے بعد اپنی زندگی سنبھال لی تھی، مگر پرانے زخم دوبارہ کریدے گئے، جس پر انہیں اپنا دفاع کرنا پڑا۔ انہوں نے واضح کیا کہ دوسروں کے دکھ کو مواد بنانے کا حق کسی کو نہیں۔

فیروز خان نے بچوں کی تحویل لینے سے انکار کردیا، علیزے سلطان کا دعوی

بچوں کی ذمہ داری پوری کرنا صرف ماں کی نہیں بلکہ باپ کی بھی ذمہ داری ہے، صارفین

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فیروز خان کی سابقہ اہلیہ علیزے سلطان نے دعوی کیا ہے کہ فیروز خان نے بچوں کی تحویل لینے سے انکار کردیا ہے۔ حال ہی میں علیزے سلطان نے ایک مختصر ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں انہیں اپنی دوست کے ساتھ دیکھا جاسکتا ہے۔ مذکورہ ویڈیو کے کمنٹس میں ایک صارف نے علیزے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھا کہ ان کے پاس بچوں کے سردیوں کے کپڑوں کے پیسے نہیں تھے۔ صارف کی تنقید پر دیگر صارفین نے علیزے کا دفاع کیا اور لکھا کہ بچوں کی ذمہ داری پوری کرنا صرف ماں کی نہیں بلکہ باپ کی بھی ذمہ داری ہے۔ صرف اس بنیاد پر کہ ایک عورت اپنی زندگی میں آگے بڑھ رہی ہے، اسے ہر وہ کام کرنے کا پابند نہیں بنایا جا سکتا جو بچوں کے والد کو کرنا چاہیے۔ علیزے کم عمری میں طلاق اور مبینہ تشدد کا سامنا کر چکی ہیں، اب وہ اکیلی ماں ہیں، جبکہ بچوں کے والد دوبارہ شادی کر کے اپنی زندگی گزار رہے ہیں، اس لیے انہیں کم از کم بچوں کے اخراجات بروقت ادا کرنے چاہئیں۔ بعدازاں علیزے سلطان نے بھی مذکورہ صارف کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ وہ (فیروز خان) تحویل لینا نہیں چاہتے۔ میں دو بار کوشش کر چکی ہوں، انہوں نے دونوں بچوں کو رکھنے سے انکار کردیا ہے۔ واضح رہے کہ بچوں کی تحویل کے حوالے سے علیزے سلطان نے عدالت میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ علیزے سلطان اور فیروز خان 2018 میں شادی کے بندھن میں بندھ گئے تھے۔ ان کے 2 بچے سلطان اور فاطمہ ہیں۔ 2020 میں ان دونوں کی طلاق کی خبر اس وقت سامنے آئی جب علیزے سلطان نے فیروز خان پر گھریلو تشدد کا الزام عائد کرتے ہوئے عدالت سے رجوع کیا۔ اس وقت علیزے سلطان اپنی بیٹی فاطمہ کے ساتھ الگ رہائش پذیر ہیں، جبکہ بیٹا سلطان اپنے والد فیروز خان کے ساتھ رہتا ہے۔

بقیہ 1

اہل پنجاب کی طرف سے متحدہ عرب امارت کےصدرمحمد بن زاید النہیان کوخوش آمدید کہا۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارت تعلقات لازوال اور بے مثال ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے قابل احترام صدر کا پہلاسرکاری دورہ باعث فخر ہے۔صدر محمد بن زاید النہیان کو پاکستان سرزمین پرخوش آمدید کہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ صدر محمد بن زاید النہیان کادورہ باہمی تعلقات کومزید مستحکم کرے گا۔

بقیہ 2

میرے خیال میں مذاکرات کے مثبت نتیجے کا بہت زیادہ امکان ہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا ماحول بن رہا ہے،سہیل آفریدی سے گزارش ہے اپنا لہجہ سخت نہ کریں، حکومت سے گزارش کی مذاکرات میں کامیابی کیلئے کوٹ لکھپت سے پی ٹی آئی رہنماؤں کو پیرول پر رہا کریں،حکومتی لوگوں سے بات کی تو انھوں نے بھی اتفاق کیا کہ پرانے لوگوں کو لانا چاہیے۔سینئر سیاستدان نے کہا کہ تینوں فریق چاہیں گےتو ہی سیاسی درجہ حرارت نیچے آئیگا،تین سال سے ٹوئٹر پر بیٹھےلوگ اپنے نام بدل بدکرٹوئٹ کرتے ہیں،تین سال مین پی ٹی آئی کا انقلاب آجاتا تو بات چیت کی ضرورت ہی نہ ہوتی۔فواد چوہدری نے کہا کہ میرا خیال ہے حکومت بھی چاہتی ہے کہ سیاسی درجہ حرارت نیچے آئے،جب ہم نے بات چیت کی کوشش شروع کی توسب نے کہا موقع دینا چاہیے۔سابق رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ جب ڈائیلاگ کمیٹی بنائی تواچھی بات ہے پورے پاکستان میں اس پر بات ہورہی ہے،یہ سب سے اچھا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان مذاکرات کیلئے آگے آئی، تحریک تحفظ آئین پاکستان کا مسئلہ یہ ہے کہ بانی کو اچھے سیٹھیں جانتے۔انھوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سمجھتے ہیں پارٹی میں کوئی قابل نہیں اس لئے اختیار باہر کے لوگوں کو دیا،اسد قیصر اورتحریک تحفظ پاکستان کو کہا ہے کوٹ لکھپت کے لوگوں کوشامل کیا جائے۔فواد چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی کہتی ہے فواد چوہدری، عمران اسماعیل یا کوٹ لکھپت والے آئےتو ہمارا کیا بنے گا، بات چیت کیلئے قدم بڑھانابہت اچھا آغاز ہے۔

بقیہ 3

احتجاج کے نام پرافواج کے سربراہ کوقتل کی دھمکیاں دیناناقابل قبول ہے۔ایک بیان میں بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پی ٹی آئی سیاست کے نام پرتشدداوردھمکیوں کا سہارالے رہی ہے۔دوسری جانب وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہاہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے اشتعال کا معاملہ نہ سیاسی ہےاورنہ ہی اظہار رائے کی آزادی، یہ برطانیہ اور عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔طلال چوہدری نے کہا کہ ہر ریاست کی ذمہ داری ہے کہ اس کی سرزمین پر موجود لوگ کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے کسی دوسری خود مختار ریاست کے افراد کو بغاوت اور تشدد پر اکسایا جائے۔

بقیہ 4

شبہ ہو تو شواہد پولیس لائیون کو دیئے جائیں۔ترجمان ہائی کمیشن نے کہا کہ متعلقہ مواد برطانوی پولیس کی جانب سے قانون کے مطابق جانچا جائے گا، قانون شکنی کا مواد سامنے آنے پر فوجداری تحقیقات شروع ہوسکتی ہیں۔برطانوی ہائی کمیشن نے کہا کہ ہر معاملہ برطانوی قانون کے تحت نمٹایا جاتا ہے۔خیال رہے کہ اس سےقبل پاکستان نے برطانیہ کے قائمقام ہائی کمشنر کوڈیمارش جاری کیا تھا، جس میں برطانیہ سے دھمکیوں اور احتجاج میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ذرائع وزارت خارجہ نے کہا کہ برطانیہ کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن میٹ کینل کو وزارت خارجہ طلب کیا گیا۔میٹ کینل کو دن دو بجے کے قریب طلب کیا گیا اور برطانیہ میں ہونے والے واقعے پر احتجاج کیا گیا، برطانوی ہائی کمشنرجین میریٹ اس وقت ملک میں موجودنہیں ہیں۔ذرائع کے مطابق ڈیمارش برطانوی شہر بریڈفورڈ میں پاکستانی قونصلیٹ کے باہراحتجاج پر جاری کیا گیا۔

بقیہ 5

تحقیقات کیلئے خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی۔خیبر پختونخوا اسمبلی سیکرٹیریٹ نے 15رکنی کمیٹی اعلامیہ جاری کردیا جبکہ خصوصی کمیٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر قانون آفتاب عالم ہوں گے۔تحقیقات کا فیصلہ صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں 15دسمبر کو ہوا تھا۔اپوزیشن اور حکومتی اراکین پرمشتمل کمیٹی طارق سعید، ملک عدیل اقبال، محمد اسرار، آصف خان، عبدالغنی، فضل الٰہی، سمیع اللہ، طارق محمود، احمد کریم کنڈی، عدنان خان، ارباب وسیم، محمد نثار، سجاداللہ اورمحمد رشادخان بطور اراکین شامل ہیں۔خصوصی کمیٹی ریڈیو پاکستان پشاور میں 9مئی واقعے کی تحقیقات کریں کرے گی، واقعے کے اسباب، وجوہات اورحالات کا جائزہ لے گی اور یہ بھی معلوم کرے گی کہ آیا یہ واقعہ کسی منظم سازش کانتیجہ تھا یانہیں، قانون نافذ کرنے والےاداروں کےکردارکابھی تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔خصوصی کمیٹی تحقیقات مکمل کرنے کے بعد اپنی رپورٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کرے گی۔

بقیہ 6

قبضہ حاصل کرنے والےشہری کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ غلط فیصلے کا دفاع کیسے کر سکتے ہیں؟۔ وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ڈی سیز کے ماتحت قائم کمیٹیوں نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ پہلے قبضہ واپس کریں، پھرمزید بات ہوگی۔چیف جسٹس نے یہ بھی کہا کہ کیوں نہ کمیٹی ممبران کے خلاف کارروائی شروع کی جائے۔چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ وکیل خودتسلیم کررہا ہے کہ ڈی سیز نے اختیارات سے تجاوز کیا، اگر پٹواری وقت پرکام کرتاتو یہ معاملہ پیداہی نہ ہوتا۔انہوں نے کہا کہ سسٹم کو بائی پاس کیا جائے گا تو ایسے مسائل جنم لیں گے۔سماعت کے دوران وکیل نے کہا کہ اگرسسٹم سے انصاف نہیں ملے گا تو لوگ کہاں جائیں؟۔جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اخباری خبروں کے لیے عدالت میں ڈائیلاگ نہ ماریں۔چیف جسٹس نے مزید کہا کہ وہ جانتی ہیں کہ عدالتوں میں کتنے پرانے کیسز زیرالتواء ہیں۔وکیل نے بتایا کہ دیپالپور میں 40ایکڑ پراپرٹی پرمخالفین قابض ہیں جبکہ مخالف فریق کے وکیل نے کہا کہ ڈی آرسی کمیٹیز نے 27دن میں قبضہ دلایا، اس پر چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ قبضے کا آرڈر پاس کس نے کیا؟۔چیف جسٹس عالیہ نیلم نےقرار دیا کہ کمیٹی کا قبضے کا آرڈرمس کنڈکٹ کے زمرے میں آتا ہے،وکیل نےتسلیم کیا کہ ڈی سیز نے غلط فیصلہ دیا جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ آپ خود مان رہے ہیں کہ ان کے پاس قانون کے تحت فیصلے کا اختیار ہی نہیں تھا۔عدالت نے واضح کیا کہ ڈی سی اس معاملے میں فیصلہ کرنے کا مجاز نہیں اور اصل سوال یہ نہیں کہ درخواست گزار پراپرٹی کا مالک ہے یانہیں بلکہ یہ ہے کہ کیاڈی سیز کوایسے فیصلوں کا اختیارحاصل ہے یا نہیں، عدالت نے قبضہ واپس کرنےکاحکم دے دیا۔

بقیہ 7

حمایت یافتہ 5دہشت گردجہنم واصل ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کےمطابق دہشت گردوں سے اسلحہ اورگولہ بارود برآمد ہوا، مارے گئے دہشت گرد علاقے میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں مزید کسی ممکنہ دہشت گرد کے خاتمے کیلئے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 8

کو ہلاک کرنے پرسکیورٹی فورسز کوخراج تحسین پیش کیا۔بیان میں شہبازشریف نے کہا کہ انسانیت کے دشمن دہشتگردوں کے مذموم عزائم کوخاک میں ملادیں گے، دہشتگردی کے خلاف عزم استحکام میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 9

متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لاہور میں تین روز کیلئے بسیں اور رکشے فری چلائے جائیں گے تاکہ لوگ کم سے کم موٹرسائیکل استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ تیس دسمبر سے ڈوراور پتنگوں سے متعلق مینوفیکچرنگ کی اجازت دے رہے ہیں۔

بقیہ 10

فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیراور وفاقی وزرانےمعززمہمان کااستقبال کیا۔شیخ محمد بن زاید النہیان اپنے طیارے سے باہر آئے تو وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نیان سے گرمجوشی سے مصافحہ کیا۔روایتی لباس میں ملبوس بچوں نے یواےای کے صدرکو پھول پیش کئے۔اس موقع پرمتحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان اور وزیراعظم محمد شہبازشریف کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔یواےای کے صدرکو 21 توپوں کی سلامی بھی دی گئی، جیسے ہی ان کا طیارہ پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہواتو جے ایف 17 تھنڈرطیاروں نے انہیں سلامی دی۔شیخ محمد بن زاید النہیان کے اعزاز میں نور خان ایئر بیس پر باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا،مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنرپیش کیا جس کا انہوں نے معائنہ کیا۔اس موقع پردونوں ممالک کے قومی ترانے بھی بجائے گئے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے ارکان کامتحدہ عرب امارات کےصدر شیخ محمد بن زاید النہیان سےتعارف کرایاجبکہ متحدہ عرب امارات کے صدر نے اپنے وفد کےارکان کووزیراعظم محمد شہبازشریف سے متعارف کرایا۔دونوں ممالک کے پرچم تھامے بچوں نے معززمہمان کوخوش آمدید کہا،متحدہ عرب امارات کےصدرشیخ محمد بن زایدالنہیان نے بچوں سے ہاتھ ملایا اور ان کے ساتھ شفقت کا اظہار کیا۔میڈیا رپورٹ کےمطابق بعدازاں یواے ای کے صدر نے وفد کے ہمراہ وزیراعظم اور آرمی چیف سے ملاقاتیں کیں اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔دورے کے دوران شیخ محمد بن زاید النہیان اوروزیراعظم محمد شہبازشریف کے مابین تفصیلی ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کومزید مستحکم بنانے پرتبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے جاری تعاون کے شعبہ جات میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔مختلف شعبوں میں روابط کومزید گہرا کرنے کے امکانات پر غور کیا۔ دونوں فریقین نے معاشی تعاون،سرمایہ کاری،توانائی، انفرااسٹرکچر کی ترقی، آئی ٹی، ٹیکنالوجی اورعوامی روابط کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں نے دوطرفہ تجارت میں اضافے پراتفاق کیاجس میں دونوں ممالک کے لیے باہمی مفاد کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ملاقات میں علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی دلچسپی کے معاملات پرقریبی رابطہ وتعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کی مثبت سمت پراطمینان کااظہارکیا۔امن،استحکام اور پائیدار ترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کے لیےمل کرکام کرنے کےعزم کی تجدیدکی۔ پاکستان حکام کےمطابق شیخ محمد بن زاید النہیان کا یہ دورہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین گہرے برادرانہ تعلقات کومزید مستحکم کرے گااور اسٹریٹجک شراکت داری کونئی جہت دے گا۔دریں اثنا متحدہ امارات کے صدر اسلام آباد کا دورہ مکمل کر کے واپس چلے گئے۔یہ بطورصدرمتحدہ عرب امارات ان کاپاکستان کاپہلاسرکاری دورہ ہے۔

بقیہ 11

نےبھی طاقت کے اندھادھنداستعمال کی پالیسی اختیار نہیں کی۔بلوچستان نیشنل ورکشاپ کےشرکاءسےخطاب میں انہوں نے کہا کہ محدوداور ہدفی کارروائی کوریاستی آپریشن کہنا حقائق کے منافی ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوان بغیرتحقیق کےمنفی بیانیے کی اندھی تقلید کے بجائے مثبت اور سچی سوچ اپنائیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق پھیلائے گئے تصورات اور حقائق میں فرق سمجھنا ضروری ہے۔ ہر تعلیمی ادارے اور ہرقومی فورم پرنوجوانوں سے مکالمے کےلیے تیارہوں۔

بقیہ 12

عمل معاملے کوایسے غیرسنجیدگی سے نہ لیا جائے۔اپنے بیان میں بیرسٹر گوہرنے کہا کہ گزشتہ 10دنوں یاپورے سال میں وزیراعظم شہبازشریف سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔بیرسٹر گوہرنے کہا کہ میں ہمیشہ ڈائیلاگ کے حق میں رہا ہوں لیکن یہ اختیارصرف اچکزئی اورعلامہ راجہ ناصرکا ہے،ہم کہہ چکے ہیں کہ اگرہم سے رابطہ ہوا یا ہم نے کوئی رابطہ کیا تو ہم ضرورعوام کو بتائیں گے۔پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ میں سب سےدرخواست کروں گا کہ بات چیت ایک اہم معاملہ ہے، مذاکرات پرغیرسنجیدہ گفتگو نہ کریں تاکہ حالات مزیدخراب نہ ہوں۔

بقیہ 13

اور دوسری طرف مزاحمت کی بات کرتی ہے۔فیصل کریم کنڈی نے میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کی بات کی ہے، وزیراعظم شہبازشریف نے میثاق جمہوریت بات کی۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک طرف مذاکرات اور دوسری طرف مزاحمت کی بات کرتی ہے،بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں جیل رولز کےمطابق ہوں گی۔گورنرخیبرپختونخوانے کہا کہ پی ٹی آئی کے50افرادملاقات کیلئے اڈیالہ جیل پہنچ جاتے ہیں، دنیا پاکستان کے ساتھ انگیج ہونا چاہتی ہے۔فیصل کریم کنڈی نے کہاکہ دنیاپاکستان کےساتھ اچھےتعلقات کی خواہاں ہے،خیبرپختونخوا میں امن و امان کی بحالی کیلئے کام کرنا چاہیے۔

بقیہ 14

کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی کے پی کے لاہورآنے پرخوش آمدید کہتے ہیں،پچھلی بار علی امین گنڈاپور لاہورآئے تھےتو بتیاں دکھائی تھیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلی کے پی بتیاں دیکھیں، روٹی کھائیں تصویریں کھینچیں اورجوکچھ پنجاب میں دیکھیں اسے کے پی میں جاکرلاگوکریں کیونکہ خیبرپختونخوا کابینہ خودکہتی ہے کہ پشاورگندا بہت ہےاور اس لیے وہ یورپ دیکھنے کیلئے لاہورآئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کے پی وزیراعلیٰ کو دورہ کرنے کے دوران روٹی شوٹی کھانے اورتفریح کرنے کی مکمل اجازت ہے، یہ سیاسی یا معلوماتی تفریح کریں ان کومکمل اجازت ہوگی،انہیں بدزبانی فساد کرنے یا انتشارکرنے کی اجازت نہیں ہوگی، اگر یہ بدتمیزی کریں گے تو پھر ہاں جی ایکشن لیا جائے گا

بقیہ 15

کی سول اور عسکری قیادت کے خلاف دیے گئے اشتعال انگیز بیانات پر کیا گیا۔پاکستان نے ان واقعات کونا قابلِ قبول قرار دیتے ہوئے برطانوی حکام کے سامنے سخت احتجاج ریکارڈ کرایا۔پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) برطانیہ کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے 23دسمبر کوایک ویڈیوجاری کی گئی، ویڈیو میں برطانوی سرزمین پر کھڑے مظاہرین کھلے عام فیلڈ مارشل کوقتل کی دھمکی دے رہے ہیں۔ویڈیو میں نظرآنے والی ایک خاتون نے اشتعال انگیز گفتگوکی ۔پی ٹی آئی کےسوشل میڈیا ٹرولزنے اس کھلم کھلا اشتعال اوردھمکی آمیز ویڈیوکو آگے پھیلایا اور اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے شیئرکیا۔ذرائع کے مطابق پاکستان نے اشتعال انگیز اور پرتشدد تقاریر کے لیے برطانوی سرزمین کے غلط استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔پاکستان نے برطانیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس میں ملوث افراد کی شناخت اورتحقیقات کے بعد ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے برطانیہ پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکے اور ذمہ دارعناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کویقینی بنائے۔دفتر خارجہ نے واضح کیا کہ پاکستان اپنی قیادت، اداروں اورقومی مفادات کے خلاف کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی یا نفرت انگیز سرگرمیوں کو برداشت نہیں کرے گا۔قبل ازیں مسلم لیگ (ن) کے دو وزرائے مملکت نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی حکومت نےسوشل میڈیاپرگردش کرنے والی ایک ویڈیوسمیت اشتعال انگیز بیانات کےخلاف کارروائی کے لیے برطانوی حکام کوخط لکھاہے۔وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور وزیر مملکت برائےخزانہ بلال اظہر کیانی نے اس پیش رفت کی تصدیق کی۔بلال اظہر کیانی نے بتایا کہ مذکورہ ویڈیو میں سربراہِ افواج کو دھمکی دی گئی ہے۔بلال اظہر کیانی نے اس معاملے میں اپوزیشن جماعت پی ٹی آئی کے کردار کابھی ذکرکیا اور پارٹی کا نام لیا۔طلال چوہدری نے اپنی گفتگو میں کہا کہ یہ کوئی سیاسی معاملہ نہیں ہےاورنہ ہی اظہارِرائے کی آزادی سےمتعلق ہے۔انہوں نے خاص طور پر برطانیہ کےدہشت گردی ایکٹ 2006 کاحوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ بین الاقوامی قانون اور برطانیہ کے قانون کی واضح خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 16

ایم عتیق شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔فیڈرل پراسیکیوٹر نے سماعت ملتوی کرنے کی درخواست دی جس پر چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کیا۔عدالت نے وفاقی حکومت کےعدم تعاون پربھی تحفظات ظاہرکیے۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق کمشنر اسلام آباد کوفوکل پرسن مقرر کیا گیا تھا تاہم عدالت نے سابقہ احکامات پرعملدرآمد نہ ہونے پر ناراضی ظاہرکی۔عدالت نے ہدایت کی کہ 7دن میں رپورٹ جمع کرائی جائے۔جن درخواست گزاروں نےکمشنر اسلام آباد کو مقدمات کی تفصیلات کے لیے رجوع کیا ہےانہیں حفاظتی ضمانت دے دی گئی جبکہ دیگرکوفوری درخواست دینے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 17

لائسنس لازمی قرار دیا گیاہے۔امیدواروں کافزیکل اورڈرائیونگ ٹیسٹ لیاجائے گا، درخواستیں آن لائن نیشنل ایپلیکیشن سروس کے ذریعے جمع ہوں گی جسے جمع کروانے کیلئے پندرہ جنوری کی تاریخ رکھی گئی ہے۔

بقیہ 18

کرلیے گئے ہیں۔نغمے میں بچوں کی جانب سےشیخ محمد بن زایدالنہیان کوپھول پیش کرنےکےدلکش مناظر بھی دکھائے گئے ہیں، یہ نغمہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اورعوامی سطح پرمحبت واحترام کی عکاسی کرتاہے۔استقبالی نغمے کے بول اہلاًو سہلاً،مرحباپرمشتمل ہیں،جومہمان خصوصی کے لیے پاکستان کےعوام کے جذبات اور خیرسگالی کے اظہار کی علامت ہیں۔ نغمے کے ذریعے پاکستان اورمتحدہ عرب امارات کے برادرانہ تعلقات، باہمی احترام اور تعاون کے مضبوط رشتے کو اجاگر کیا گیا ہے۔خیال رہے کہ متحدہ عرب امارات کے صدرمحمد بن زایدالنہیان نے پاکستان کاایک روزہ سرکاری دورہ کیا،نورخان ایئربیس پر وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیراور دیگر وزرا نے استقبال کیا۔متحدہ عرب امارات کےصدرنے ایک روزہ سرکاری دورے میں صدرمملکت آصف زرداری، وزیراعظم شہبازشریف اورفیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقاتیں کیں۔

بقیہ 19

یہ پرانے جہاز کی قیمت کے برابر بھی نہیں۔انہوں نے کہا کہ 335 ارب روپے بھی بولی لگتی تو اسے نہیں بیچنا چاہیے تھا، یہ سرکاری ادارے نہیں چلاسکتے توکس بات کی گورننس کا دعوی کرتے ہیں۔حافظ نعیم نے کہا کہ قومی ایئرلائن کے پاس78 لینڈنگ رائٹ موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قومی ایئرلائن پاکستان کا وقار اور اسٹریٹجک اثاثہ ہے، قومی ایئر لائن فروخت نہیں کی جانی چاہیے تھے، جب موجودہ قومی ایئرلائن منافع میں آگئی تھی تو پھر کیوں فروخت کیا گیا؟ قومی ایئر لائن نے اس سال 112 ارب روپے کمائے اور10ارب روپے کا منافع ہوا، ہمیں نجی شعبہ سے کوئی شکایت نہیں، حکومت سے ہے۔

بقیہ 20

سی نیٹ میٹرنگ پورٹل کے ذریعے نیٹ میٹرنگ کی درخواستیں دے رہے ہیں۔ آن لائن پورٹل سے صارف کورجسٹریشن نمبراور درخواست وصول کی تاریخ فوری فراہم کی جاتی ہے۔ڈسکوز کا کہنا ہے کہ آن لائن پورٹل کا مقصد جدت وشفافیت لانااورکرپشن کاخاتمہ کرناہے۔

بقیہ 21

متوقع ہیں، یہ تعطیلات ملک بھر میں ہوں گی۔یکم مئی کو یوم مزدور کےموقع پر ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی، جبکہ 28مئی کو یوم تکبیر کے موقع پر بھی سرکاری چھٹی دی جائے گی۔عیدالاضحیٰ کے موقع پر 27مئی سے تین روزہ تعطیلات متوقع ہیں، جبکہ اسلامی مہینے محرم الحرام میں 25اور 26جون کو عاشورہ محرم کی تعطیلات ہوں گی۔قومی دنوں کے حوالے سے جشن آزادی کے موقع پر 14اگست کو ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی۔اسی طرح26اگست کوعید میلادالنبی ﷺ کے موقع پر اور 9نومبر کو یوم اقبال کے موقع پر بھی سرکاری تعطیل ہوگی۔سال 2026میں یوم قائداعظم اور کرسمس کی تعطیلات بھی شامل ہوں گی، تاہم 26دسمبر کوصرف مسیحی ملازمین کیلئے چھٹی ہوگی۔

بقیہ 22

ہیں، جس کے بعد پولیس نے واقعے کی باقاعدہ تحقیقات شروع کردی ہیں۔شہزاد اکبرنے اپنے بیان میں واضح کیا کہ سوشل میڈیا پرگردش کرنے والی ان کے زخمی چہرے کی تصویرجعلی ہےاوراسے مصنوعی ذہانت کے ذریعے بنایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اصل واقعہ اس تصویر سے مختلف ہے اور اس حوالے سے غلط معلومات پھیلائی جا رہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ حملہ آور بظاہرکنسٹرکشن ورکر یا کوڑا اٹھانے والامحسوس ہو رہا تھا، جس نے پہلے ان کے نام کی تصدیق کی اور پھر اچانک حملہ کر دیا۔ ایسی بزدلانہ کارروائیاں انہیں خوفزدہ نہیں کر سکتیں۔شہزاداکبرنے کہا کہ پولیس حملہ آوراورحملہ کروانے والوں کی تلاش میں ہےاورانہیں یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ ملزمان کوگرفتار کیا جائے گا۔ انہوں نے پولیس تفتیش کے باعث سی سی ٹی وی فوٹیج یا تصاویر شیئرکرنے سے معذرت کی اور قانون پرمکمل اعتماد کا اظہار کیا۔انہوں نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ انگلینڈکوہرفرد کےلیےمحفوظ بنایا جائے، چاہے اختلاف رکھنے والے ہی کیوں نہ ہوں۔واضح رہے کہ اس سے قبل 2023ء میں بھی برطانوی دارالحکومت لندن میں شہزاداکبرمبینہ تیزاب حملے میں زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 23

سمیت اپوزیشن اتحادکی قیادت کمیٹی کاحصہ ہوگی۔پی ٹی آئی کاکوئی عہدیدار مذاکراتی کمیٹی کا حصہ نہیں ہوگا،اپوزیشن اتحاد میں اسد قیصر پارٹی کی نمائندگی کریں گے۔ذرائع کے مطابق مذاکراتی کمیٹی باقاعدہ اپنا ایجنڈا جاری کرے گی پھر رابطے ہوں گے، مذاکرات کمیٹی کی دیگر جماعتوں کی نمائندگی سے متعلق بھی مشاورت جاری ہے۔

بقیہ 24

نفری نادرن بائی پاس شالی کچے کے رستے پرتعینات کی گئی۔بلوچستان سے کراچی آنیوالے مشکوک مزدا ٹرک نمبر NAF859 کوہمدرد چیک پوسٹ پرروک کرتلاشی لی گئی۔ٹرک کے فیول ٹینک سے803اسمگل شدہ گوگل پکسل، ویوو، انفنکس، اسپارک، آئی فونز برآمد ہوئے۔برآمد ہونے والے موبائل فونز کی مالیت 6 کروڑ 20لاکھ روپے ہے۔اسمگلنگ میں استعمال ہونے والے مزدا ٹرک کی مالیت 2 کروڑ 50لاکھ روپے ہے۔حکام نے مقدمہ درج کرکے مزدا ٹرک کے ڈرائیور اور ہیلپر کوگرفتار کرلیا ہے۔8 کروڑ70لاکھ روپے مالیت کے موبائل فونز اور مزدا ٹرک کو ضبط کرکے اے ایس او گودام منتقل کردیا گیاہے۔

بقیہ 25

ہوگئیں اور حالات قابو سے باہر ہو گئے۔پنجاب اسمبلی کی سیڑھیوں پرگارڈز کے درمیان سخت دھکم پیل اور کشیدگی دیکھی گئی تاہم بعد میں پولیس اور اسمبلی سکیورٹی نے صورتحال پر قابو پا لیا۔اس واقعے نے پنجاب اسمبلی میں سکیورٹی انتظامات کے موثر ہونے اور مختلف صوبوں کے اعلیٰ حکام کے دوروں کے دوران ممکنہ مسائل پر سوالات پیدا کر دیئے ہیں۔حکام کے مطابق آئندہ ایسے دوروں کیلئےمزیدسخت سکیورٹی اورانتظامی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوارواقعے سے بچاجاسکے۔

بقیہ 26

مادہ سامبرہرن کو بحفاظت وائلڈلائف پارک جوہرآبادمنتقل کردیاگیا۔

بقیہ 27

مطابق شمولیتی تقریب میں وفاقی وزیر امورکشمیرامیرمقام سمیت مسلم لیگ ن کی سینئرقیادت شرکت کرے گی۔

بقیہ 28

سیاست بھی سند اور وراثت رکھتی ہے، ہمیں اپنے بزرگوں کے مقاصدکوآگے بڑھاناہوگا،اللہ سے مانگو،اللہ نے اصول واضح فرمادیے ہیں،ہم الزام تراشی نہیں، ملک و قوم کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔سربراہ جے یوآئی (ف) نے کہاکہ جب تک ایمان ہے، اللہ کی رحمت ہمارے ساتھ ہے،ایمان کمزورہوتوگدی نشینوں کی سیاست شروع ہو جاتی ہے، درگاہوں اور مریدوں سے رابطہ ضروری ہے، درگاہوں میں خرافات کے خاتمے کیلئے علما کا کردار اہم ہے۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قانون اور آئین پارلیمنٹ میں ہے، مسلکوں کو کمائی کا ذریعہ بنادیا گیاہے،نفرت کی سیاست ختم ہونی چاہیے، زبردستی کی حکومتیں ہم پر مسلط کی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت سے سرکاری ادارے نہیں چلائے جاسکے، پی آئی اے بیچ دی گئی، ہماراواضح موقف ہے مدارس انتہاپسندی پیدانہیں کرتے، آئیں مذاکرات سے معاملات طے کریں اور فیصلوں پرعمل ہو۔سربراہ جے یوآئی (ف) نے کہاکہ اگرآپ ضدکریں گےتوہم بھی کریں گے، اقلیتوں کے حقوق کےکمیشن پراعتراض نہیں مگر قانون سے بالادستی قابل قبول نہیں۔

بقیہ 29

ڈالی۔پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ حکومت نے اڑان پاکستان وژن کے تحت ای پاکستان حکمت عملی تشکیل دی ہے تاکہ ملک کو ڈیجیٹل معیشت اور جدید ٹیکنالوجی میں مسابقتی اورمضبوط بنایا جا سکے۔انہوں نے واضح کیا کہ برآمدات، ڈیجیٹل معیشت اورجدت اڑان پاکستان کے تین ستون ہیں جن پرملکی ترقی کا دارومدار ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان خلائی میدان میں ترقی کے لیے پرعزم ہےاورحکومت نے تین نئے نیشنل سینٹرز قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جوکوانٹم کمپیوٹنگ،نینوٹیکنالوجی اور نیومینوفیکچرنگ پر مرکوز ہوں گے۔پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ کوانٹم ٹیکنالوجی مستقبل کی عالمی مسابقت کا فیصلہ کرے گی اور پاکستان میں قائم ہونے والی کوانٹم ویلی ملک کی ڈیپ ٹیک معیشت کا مرکز بنے گی۔انہوں نے اس بات پرزوردیا کہ حکومت کا مقصد پاکستان کوٹیکنالوجی سے لیس، مسابقتی اور جدید قوم بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت پاکستان کی معاشی طاقت کا نیاانجن ہےاورٹیکنالوجی میں سبقت حاصل کرنے والی قومیں ہی عالمی معیشت کی قیادت کریں گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صنعتوں کو جدید بنانے کے لیے روبوٹکس کولازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ سیٹلائٹ ٹیکنالوجی خوراک، تجارت اور مواصلات کے شعبوں کو مضبوط بنا رہی ہے۔پروفیسر احسن اقبال نے بتایا کہ حکومت یونیورسٹی تحقیق کوصنعت اور برآمدات سے منسلک کرنے پربھی بھرپورکام کررہی ہے تاکہ نوجوان محققین اورسائنسی استعدادملک کی معیشت میں فعال کرداراداکرسکیں۔

بقیہ 30

کی ضرورت کے حوالہ سے ڈاکٹر رضوان نصیرنے بریفنگ دی۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے وڈیولنک کے ذریعےاجلاس میں شرکت کی۔صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی ہدایت پہ ریسکیو 1122اورایمرجنسی ریسپانس کی استعداد کار کو مزید بہتر کررہے ہیں۔2025 کے سیلاب کے چیلنجز کومدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر ایمرجنسی ریسپانس کومزید جدیداور بہتر بنا رہے ہیں۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب ایمرجنسی کی بہتر سے بہترین خدمات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ 31

،مسافر فلائٹ نمبر CZ8070 کے ذریعے ورک ویزے پر نیوزی لینڈ جا رہے تھے،مسافروں کاتعلق اسلام آباد، راولپنڈی اور پشاور سے ہے،مسافروں کی جانب سے پیش کئے گئے ورک ویزے جعلی نکلے۔مسافروں کے پاسپورٹ پر راولپنڈی، ایبٹ آباد اور پشاورآفسسر کی پروٹیکٹر اسٹمپ لگی ہوئی تھی،مسافروں کو بعدازاں مزید کارروائی اورایجنٹ کی نشاندہی کے لیےاینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آبادمنتقل کردیا گیا

بقیہ 32

توقع تھی کہ وزیراعلیٰ پنجاب منتخب وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو خوش آمدید کہیں گی۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سےپنجاب حکومت نے اٹک سے لاہورتک قیام و طعام کےتمام مقامات سیل کرر کھے تھے، وزیراعلیٰ کے قافلے میں دانستہ رکاوٹیں ڈالی گئیں، پنجاب حکومت نے صوبے میں غیراعلانیہ مارشل لا نافذ کررکھاہے، بانی چیئرمین عمران خان کی تصویر اور پارٹی جھنڈا اٹھانے کی اجازت نہیں دی گئی ، ہمیں سیاسی اسپیس دیا جائے، پنجاب میں پاکستان تحریک انصاف کا سیاسی اسپیس ختم کیاجارہاہے۔

بقیہ 33

الگ الگ سکیشنز میں سزائیں سنائی گئیں۔عدالت نے جرم ثابت نہ ہونے پر23ملزمان کوبری کردیا۔تحریری فیصلے کے مطابق ڈاکٹر یاسمین راشد ،اعجاز چوہدری اورعمرسرفراز چیمہ دونوں سازش کی میٹنگ میں موجودہونا ثابت ہوتاہے، عدالت نے رہنماؤں سمیت سات ملزمان کوجرم ثابت ہونے پرقید کی سزا سنائی۔فیصلہ دیا گیا کہ پراسیکیوشن کے مطابق ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت چار رہنماؤں نے ملک میں جلاؤ گھیراؤ کے لیے عوام میں انتشار پھیلایا، پراسیکیوشن نے مختلف واٹس ایپ امیجز اور 70سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات فراہم کیں،ملزمان کے خلاف فرانزک رپورٹس بھی کمرہ عدالت میں پیش کی گئیں۔فیصلہ کے مطابق جے آئی ٹی کی تفتیشی ٹیم نے ملزمان کوقصوروارقراردیا، ملزمان نے جے آئی ٹی کی رپورٹ کوکسی فورم پرچیلنج بھی نہیں کیا،ملزمان نے اپنے حتمی بیانات میں خودکومعصوم قراردیا تاہم پراسیکیوشن اپنا کیس ثابت میں کامیاب رہی

بقیہ 34

اساتذہ کو 10 ہزارملیں گے۔ ہائیر سکینڈری اسکولز کے اساتذہ کو 500,12الاؤنس ملے گا۔اس حوالے سے محکمہ تعلیم کا موقف ہے کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کیلئے الاؤنس دینے کا فیصلہ کیا، الاؤنس سے اسکولوں کا رزلٹ بھی بہتر ہوگا۔

بقیہ 35

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کےمسائل کی فوری دادرسی کویقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقادکیا،شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لئے اپنی شکایات پیش کیں، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے شہریوں کےمسائل سنے اوران کےفوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پردیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کرکےرپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اوربچوں پرتشدد کےحوالے سے زیروٹالرنس پالیسی پرعمل پیراہے، شہریوں کوہرممکن ریلیف مہیاکرنااولین ترجیح ہے،قانون کی بالادستی کوہرصورت یقینی بنایا جائے گا،انہوں نے مزید کہا کہ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں، تمام درخواستوں پرمیرٹ پرفیصلے کئے جائیں گے،شہریوں کی جان، مال اورعزت نفس کاتحفظ مقدم ہے۔

بقیہ 36

دوموٹر سائیکلوں کوتھانہ منتقل کردیاجبکہ 61 افراد، 32 گھروں، 27 موٹر سائیکلوں اورنو گاڑیوں کو چیک کیاگیا۔تفصیلات کےمطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آبادسیدعلی ناصررضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداداور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کاسلسلہ جاری ہے،اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آبادقاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیرنگرانی تھانہ کرپا اور تھانہ آبپارہ کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اورکومنگ آپریشن کیاگیا،سرچ آپریشن کے دوران 61 افراد، 32 گھروں، 27 موٹر سائیکلوں اورنوگاڑیوں کو چیک کیا جبکہ جانچ پڑتال کے لئے دو مشکوک افراداوردوموٹر سائیکلوں کوتھانہ منتقل کیا گیا،ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضانے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کےگردگھیرا تنگ کرنااورشہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں، اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کاسلسلہ جاری ہے،شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار”15 پرفوری اطلاع دیں۔

بقیہ 37

سے آئندہ کسی بھی الاٹمنٹ پرکارروائی کی جائے گی۔ ڈی پی آئی کالجز ڈاکٹر انصر نے تمام ڈائریکٹرایجوکیشن کومراسلہ جاری کر دیا، کالجز میں دستیاب تمام سرکاری رہائش گاہوں کی مکمل تفصیلات بھی طلب، رہائش گاہوں کے تمام موجودہ الاٹمنٹ آرڈرز کی کاپیاں بھی طلب کرلی گئیں۔سرکاری رہائش گاہوں میں مقیم افسران کی تازہ ترین تنخواہ کی سلپس طلب،سلپس طلب کرنے کامقصدمکان کرائے میں قواعد کےمطابق کٹوتی چیک کرنا ہے۔ڈی پی آئی کالجز ڈاکٹرسیدانصر کا کہنا تھا کہ خلاف ورزی پرمحکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ڈیرہ اسماعیل خان سے تبدیل ہونیوالے ایس پی سٹی ڈویژن علی حمزہ (پی ایس پی) کے اعزاز میں الوداعی تقریبات کا انعقاد کیا گیا

عبدالغفار، محمد فیضان و دیگر سٹاف نے مبارکباد دی جبکہ افسران نے روایتی لنگیاں، ہار اور تحائف پیش کئے

ڈیرہ اسماعیل خان (حسنین قریشی) پولیس تبدیل ہونیوالے ایس پی علی حمزہ کے اعزاز میں الوداعی تقریبات کا انعقاد ڈیرہ اسماعیل خان سے تبدیل ہونیوالے ایس پی سٹی ڈویژن علی حمزہ (پی ایس پی) کے اعزاز میں الوداعی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ دفتر ڈی پی او میں منعقدہ تقریب ایس ڈی پی اوز محمد عدنان خان، کاشف ستار، محمد سلیم خان، پے آفیسر ڈسٹرکٹ پولیس معین نواز بلوچ، ایس ایچ اوز ثمر عباس، ارسلان خان گنڈہ پور، خانزادہ خان، اصغر خان وزیر، شیخ محمد بلال، رفیق خان، خالد جاوید لاشاری، ایس آئی ملک ساجد، انچارج بی ڈی یو عنایت اللہ ٹائیگر، انچارج DSB سمیع اللہ ساہی، ریڈر ایس پی پہاڑپور سید اسد علی شاہ، پے اے ٹو ڈی پی او وقار انجم، ابوبکر قریشی، حماد علی، محرر تھانہ شورکوٹ ہدیان خان، محرر نذیر احمد، ریڈرز ملک فاروق حسام، عبدالغفار، محمد فیضان و دیگر سٹاف نے مبارکباد دی جبکہ افسران نے روایتی لنگیاں، ہار اور تحائف پیش کئے۔ آخر میں ایس پی سٹی نے تمام افسران، سٹاف اور جوانوں کا شکریہ ادا کیا

تعلیمی بورڈ راولپنڈی نے انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا

میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، شفاف امتحانات اولین ترجیح ہیں: انجینئر عامر خٹک کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

راولپنڈی (پریس ریلیز) تعلیمی بورڈ راولپنڈی نے امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2025 کے نتائج کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ نتائج کے موقع پر کمشنر راولپنڈی ڈویژن و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ امتحانات میں میرٹ اور شفافیت پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ شفاف، منصفانہ اور غیر جانبدار امتحانی نظام کا قیام ان کی اولین ترجیح ہے۔ انجینئر عامر خٹک نے مزید کہا کہ جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ امتحان میٹرک پہلا سالانہ 2026 کو زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت منعقد کروایا جائے گا، تاکہ نقل اور دیگر بے ضابطگیوں کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جا سکے۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2025 میں مجموعی طور پر 992,19 امیدواران نے داخلہ جمع کرایا، جن میں سے 782,19 امیدواران امتحان میں شریک ہوئے۔ ان میں 311,6 امیدوار کامیاب قرار پائے، جس کے نتیجے میں کامیابی کا تناسب 31.9 فیصد رہا، جبکہ 414,13 امیدوار ناکام رہے۔ مزید برآں 201 امیدوار امتحان میں غیر حاضر رہے جبکہ 9 داخلہ فارم مختلف وجوہات کی بنیاد پر منسوخ کیے گئے۔ تنویر اصغر اعوان نے کہا کہ امتحانی عمل جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے مکمل کیا گیا اور نتائج کی تیاری میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا، کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی گئی۔ انہوں نے کامیاب امیدواران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ناکام امیدوار مایوس نہ ہوں بلکہ مزید محنت، لگن اور مستقل مزاجی کے ساتھ مستقبل میں اپنی کامیابی کو یقینی بنائیں۔

راولپنڈی، پیرودھائی پولیس کی کارروائی

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار، 10 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) پیرودھائی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار، 10 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے 10 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

صادق آباد پولیس کی کاروائی، قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) صادق آباد پولیس کی کاروائی، قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، زیر حراست اشتہاری نے معمولی لڑائی جھگڑے پر ساتھیوں کے ہمراہ آہنی راڈ اور بیلچے کے وار سے شہری کو قتل جبکہ دوسرے شہری کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری جنوری 2024 سے پولیس کو مطلوب تھا، صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، زیر حراست اشتہاری کے ایک ساتھی کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں، سینئر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوانوں سیکورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے گشت کے فرائض سرانجام دے رہی ہیں، سینئر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

چیئرمین (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ زیر تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا معائنہ کیا

چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے زیر تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے، چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ زیر تعمیر "آسان خدمت مرکز" منصوبے کا دورہ کیا اور منصوبے کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا معائنہ کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے میں شامل مرکزی عمارت سے متعلقہ تعمیراتی کام پایہ تکمیل تک پہنچ گئے ہیں اور فنشنگ اور تزئین و آرائش کے کام تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو مزید بتایا گیا کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کے اطراف دیدہ زیب لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے کے ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کاموں کی پیشرفت اور اعلیٰ معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے ساتھ ہی آسان خدمت مرکز کو منسٹری آف آئی ٹی اور متعلقہ محکموں کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" کے قیام سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو کئی محکموں کی سینکڑوں سروسز و سہولیات کا حصول ایک ہی چھت تلے ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" میں سی ڈی اے کی ون ونڈو فیلیسیٹیشن سینٹر کی تمام خدمات و سہولیات بھی فراہم کی جائیگی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کی تکمیل میں کوالٹی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے ساتھ ہی آسان خدمت مرکز کو منسٹری آف آئی ٹی اور متعلقہ محکموں کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے باقی ماندہ کاموں کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام الناس کیلئے کھولا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" کے قیام سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو کئی محکموں کی سینکڑوں سروسز و سہولیات کا حصول ایک ہی چھت تلے ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "آسان خدمت مرکز" میں سی ڈی اے کی ون ونڈو فیلیسیٹیشن سینٹر کی تمام خدمات و سہولیات بھی فراہم کی جائیگی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ "آسان خدمت مرکز" منصوبے کی تکمیل میں کوالٹی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ اور مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا

سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا

منصوبے کے انڈر پاس کا اسٹرکچرل ورک مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ اس منصوبہ کے روڈ ورک اور فنشنگ کا کام تیزی جاری ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا۔ اس موقع پر منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ اور مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو متعلقہ افسران نے منصوبے پر ہونے والی ابتک کی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے کا ترقیاتی کام کامیابی کیساتھ مقررہ مدت سے قبل اپنے تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ مجموعی طور پر منصوبے کا 93 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے کے انڈر پاس کا اسٹرکچرل ورک مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ اس منصوبہ کے روڈ ورک اور فنشنگ کا کام تیزی جاری ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں مزید بتایا گیا کہ منصوبے کو خوبصورت بنانے کیلئے اسکے اطراف دیدہ زیب لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام بھی تیزی کیساتھ مکمل کیا جا رہا ہے۔ انہیں بتایا گیا کہ منصوبے کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے مستقل بنیادوں پر خوبصورت لائٹس نصب کی جا رہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے منصوبے کے ترقیاتی کاموں کی پیشرفت اور اعلیٰ معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کو نہ صرف قبل از وقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے بلکہ ترقیاتی کاموں کے اعلیٰ معیار پر بھی کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ شاہین چوک انڈر پاس منصوبے سے ملحقہ تعلیمی اداروں کے طلبا اور روزمرہ کے مسافروں کو سگنل فری اور آرام دہ سفری سہولیات میسر ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی اور انفراسٹرکچر کی جدت و ترقی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو نہ صرف بہترین سفری سہولیات میسر ہونگی بلکہ اس کے ساتھ ایندھن اور وقت کی بھی بچت ہوگی۔

غالب فراز سواتی صدر انجمن تاجران فرنٹ بلاک جنرل بس سٹینڈ کی سفیر اسلام ومبلغ اسلام حضرت مولانا طارق جمیل صاحب سے پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مولانا پیر حافظ اقبال قریشی صاحب کے ہمراہ ملاقات

کلاس تھری شاپنگ سینٹر میں ہونے والی غیر قانونی تعمیرات بند کرائی جائیں، خالد چوہدری

فاروقیہ مارکیٹ ایف سکس ون بلاک 4 کو جاری سرٹیفکیٹ کی انکوائری کرائی جائے، حبیب الرحمٰن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق سینئر نائب صدر اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے سیکرٹری خالد چوہدری اور جنرل سیکرٹری حبیب الرحمٰن عباسی نے کہا ہے کہ کلاس تھری شاپنگ سینٹرز آبادی کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر ماسٹر پلان کا حصہ بنائے گئے تھے لیکن اب دکانداروں کو بے دخل کر کے ون یونٹ اور بڑے بڑے پلازے تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ سب سیکٹرز اور محلے کے افراد گھریلو خریداری کے لئے کہاں جائیں گے۔ ماسٹر پلان کی خلاف ورزی کا ذمہ داری سی ڈی اے کا محکمہ بلڈنگ کنٹرول ہے جو کہ نقشے بھی پاس کرتا ہے اور ان کو تکمیلی سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے۔ فاروقیہ مارکیٹ ایف سکس ون کلاس تھری شاپنگ سینٹر ہے اور جہاں ماسٹر پلان اور سی ڈی اے قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے جس کی زندہ مثال بلاک نمبر 4 زندہ مثال ہے۔ جس میں غیر قانونی فلور تعمیر کیا گیا ہے اور غیر قانونی دروازے کھول کر پوری مارکیٹ کا رخ ہی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مذکورہ بلاک کی بیسمنٹ اور فرسٹ فلور کا کمرشل استعمال ہونے کے باوجود تکمیلی سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے چیئرمین سی ڈی اے چوہدری محمد علی رندھاوا اور ڈی جی بی سی ایس فیصل نعیم بیگ سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر اس بلاک کی غیر قانونی تعمیرات کا نوٹس لیں اور غیر قانونی دروازے بند کرا کر مارکیٹ اصل حالت میں بحال کی جائے۔

آر آئی یو جے کے زیراہتمام صحت وفلاح کیلیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

سینکڑوں صحافیوں نے شرکت کرتے ہوئے مفت طبی معائنہ، فری لیبارٹری ٹیسٹ اور فری ادویات حاصل کیں

اسلام آباد (محمد ارشد سے) راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کے زیراہتمام صحافیوں اور ان کے اہلخانہ کے لیے صحت وفلاح کیلیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں سینکڑوں صحافیوں نے شرکت کرتے ہوئے مفت طبی معائنہ، فری لیبارٹری ٹیسٹ اور فری ادویات حاصل کیں۔ فری میڈیکل کیمپ کے مہمان خصوصی سینیٹر ناصر بٹ تھے، جنہوں نے کیمپ کا دورہ کیا اور آر آئی یو جے کی اس فلاحی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافی دن رات عوام کی آواز بنے رہتے ہیں، ایسے میں ان کی صحت کا خیال رکھنا معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے میں صحافی برادری کے ساتھ ہوں میرے بس میں جو کچھ ممکن ہوا وہ کریں گے یہی قائد نواز شریف کا ویژن ہے پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف صحت کے حوالے سے بہت اچھے اقدامات کر رہی ہیں یہ فری میڈیکل کیمپ آر آئی یو جے اور القادر جنرل ہسپتال اسلام آباد کے باہمی اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر آر آئی یو جے کے صدر طارق علی ورک نے کہا کہ یونین صحافیوں کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور مستقبل میں بھی صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے جائیں گے ہم ناصر بٹ، حافظ عبداللہ بٹ، پیپلز پارٹی کے رہنما ڈاکٹر عابد محمود مہر، نوید چوہدری و دیگر کا آمد پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر سی ای او القادر جنرل ہسپتال ڈاکٹر آصف چھی نے میڈیکل کیمپ میں موجود ڈاکٹرز کا تفصیلی تعارف کروایا اور صحافیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، فری ٹیسٹس اور ادویات کے بارے میں آگاہ کیا۔ میڈیکل کیمپ میں ماہر ڈاکٹروں نے صحافیوں کا مکمل طبی معائنہ کیا جبکہ بلڈ پریشر، شوگر، ہیپاٹائٹس اور دیگر ضروری ٹیسٹس بالکل مفت کیے گئے

مولانا عبدالمقیت محبوب نے عالم ڈگری حاصل کرلی

نوجوان عالم دین مولانا عبدالمقیت محبوب کی دورہ حدیث تکمیل کے وقت انکے چاہنے والوں کی بڑی تعداد موجود تھی

دھابیجی (نمائندہ خصوصی) مولانا عبدالمقیت محبوب نے عالم ڈگری حاصل کر لی، فراغت جامعہ کبیر والا خانیوال سے ہوئی، شیخ الحدیث حضرت مفتی حامد حسن مدظلہ العالی سے بخاری شریف کی تکمیل کی مولانا عبدالمقیت محبوب، شیخ الحدیث مولانا محبوب احمد کے صاحبزادے ہیں، جو خود بھی دارالعلوم کبیر والا سے فارغ التحصیل ہیں، اور کراچی میں جامع مسجد نور کے امام و خطیب سمیت جامعہ معہد الخلیل کے استاذ بھی ہیں، درجنوں کتب کے مصنف سمیت سینکڑوں علما کرام کے استاذ بھی ہیں۔ نوجوان عالم دین مولانا عبدالمقیت محبوب کی دورہ حدیث تکمیل کے وقت انکے چاہنے والوں کی بڑی تعداد موجود تھی جسمیں مولانا محمد ابراہیم گوندل، قاری صابر صابری، امین فاروقی، سمیت تکمیل بخاری شریف کے موقع پر ہزاروں شرکا نے شرکت کی۔

مری میں خصوصی بچوں کے اسکول میں خواتین کسانوں کی تربیت

آرگینک ویسٹ مینجمنٹ اور کچن گارڈننگ پر ورکشاپ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر اختر حمید خان میموریل ٹرسٹ (DAHKMT) کے تکنیکی و مالی تعاون سے گورنمنٹ ہائی اسکول فار اسپیشل چلڈرن، گاؤں بل ڈولو، تحصیل و ضلع مری میں خواتین کسانوں کے لیے ایک اہم تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا مقصد دیہی خواتین کو گھریلو باغبانی، نامیاتی کھاد کی تیاری اور پائیدار زرعی طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ تقریب میں ٹرسٹ کی سی ای او اور فوکل پرسن محترمہ سمیرا گل نے خواتین کسانوں کو نامیاتی فضلے کے مؤثر استعمال پر خصوصی تربیت دی۔ انہوں نے خشک پتوں، سبزیوں کے چھلکوں اور پھلوں کے ضائع شدہ حصوں کو قدرتی کھاد میں تبدیل کرنے کا سادہ اور عملی طریقہ سمجھایا۔ محترمہ سمیرا گل نے کہا کہ گھریلو سطح پر تیار کی جانے والی نامیاتی کھاد نہ صرف کم لاگت ہوتی ہے بلکہ اس سے اگنے والی سبزیاں صحت بخش اور قدرتی ذائقے کی حامل ہوتی ہیں۔ بعدازاں محترمہ قرۃ العین، ایگریکلچر آفیسر (ایکسٹینشن) کوٹلی ستیاں نے مری کے موسمی حالات میں موسم سرما کی سبزیوں اور پھلوں کی جدید کاشتکاری کے طریقوں پر مفصل لیکچر دیا۔ انہوں نے خواتین کو بتایا کہ علاقائی موسم اور زمین کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پیداوار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر سلیمان حیدر شاہ، ایگریکلچر آفیسر (ایکسٹینشن) مری نے کچن گارڈننگ کے ذریعے اگائی جانے والی سبزیوں اور پھلوں کی غذائی اور معاشی اہمیت بیان کی۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو سطح پر باغبانی نہ صرف صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیتی ہے بلکہ مہنگائی کے دور میں گھریلو اخراجات میں کمی کا ذریعہ بھی بنتی ہے۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو موسم سرما کی سبزیوں کے مفت بیجوں پر مشتمل خصوصی کٹس فراہم کی گئیں۔ علاوہ ازیں کچن گارڈننگ اور آرگینک ویسٹ مینجمنٹ کے لیے ضروری آلات، بیگز اور معلوماتی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام میں 45 سے زائد خواتین کسانوں نے شرکت کی، جنہوں نے اس اقدام کو انتہائی مفید، وقت کی ضرورت اور خواتین کی معاشی خودمختاری کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ شرکاء نے ڈاکٹر اختر حمید خان میموریل ٹرسٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے تربیتی پروگرام مستقل بنیادوں پر جاری رہیں گے تاکہ دیہی گھرانوں کی معاشی حالت بہتر ہو سکے اور صحت بخش غذائی پیداوار میں اضافہ کیا جا سکے۔

پولیس افسران کو درپیش مسائل کا حل اولین ترجیح

ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر نے اپنے دفتر میں پولیس افسران کے مسائل سنے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سکیورٹی ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر نے اپنے دفتر میں پولیس افسران کے مسائل سنے، سنگین نوعیت کے معاملات پر سینئر پولیس افسران کو ازسرنو انکوائریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ پولیس افسران کے باقی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، آئی جی اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر تمام سینئر پولیس افسران اپنے دفاتر میں اردل روم کا انعقاد کر رہے ہیں اور پولیس افسران کے مسائل کو سن کر ان کے حل کے لئے احکامات جاری کر رہے ہیں، پولیس افسران کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات بھی کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، ایس ایس پی سکیورٹی نے افسران سے کہا کہ آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

منزل تک رسائی کے لیے پوری ٹیم کا مل کر کام کرنا بہت ضروری ہے، راہنما مسلم لیگ منظور مسیح

الفا اینڈ اومیگا کے منشور سے ہم خیال ہیں۔ مستقبل میں اکٹھے چلیں گے، رہنما مسلم لیگ فرح جاوید

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کے ریگالیا ہوٹل میں الفا اینڈ اومیگا گروپ آف سروسز (AOGS) کے زیر اہتمام کرسمس کیک کٹنگ کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر چیئرپرسن AOGS ایسٹر جوزف نے بین المذاہب ہم آہنگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم رنگ، مذہب، نسل اور فرقہ وارانہ تعصبات سے بالاتر ہو کر انسانیت کے فروغ کے لیے ہمیشہ کام کرتے رہیں گے۔ تقریب میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور کمیشن برائے انسانی حقوق کے رکن جناب منظور مسیح نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ الفا اینڈ اومیگا گروپ آف سروسز کی جانب سے جناب منظور مسیح کو شیلڈ آف اپریسیشن برائے چیف جسٹس بھی پیش کی گئی۔ چیمبر آف کامرس کی نمایاں شخصیت چوہدری اشرف فرزند اور مسلم لیگ (ن) کی نائب چیئرپرسن فرح جاوید نے بھی اعزازی مہمانوں کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کی۔ اخلاقی اور معاشرتی روایات کی پاسداری کرتے ہوئے معزز مہمانوں کا پھول پیش کر کے پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔

اسلام آباد، محترم عبدالمجید آرائیں کی صاحبزادی یمنیٰ آرائیں کی رخصتی کی پروقار، شاندار تقریب میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوئی

قرآن پاک ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے ڈاکٹر طاہر اصغر

اس کو سمجھنے کے لیے چند آیات ہی پڑھیں اسے ترجمہ کے ساتھ پڑھیں تا کہ دنیا کو قرآنی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے گزاریں

راولپنڈی (سردار آفتاب اقبال) اس کو سمجھنے کے لیے چند آیات ہی پڑھیں اسے ترجمہ کے ساتھ پڑھیں تا کہ دنیا کو قرآنی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے گزاریں ان خیالات کا اظہار مذہبی سکالر ڈاکٹر طاہر اصغر نے ماڑی کنجور میں ترجمہ کے ساتھ قرآن پڑھنے کی ایک تقریب کے دوران کیا اس موقع پر ان خوش نصیب افراد کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے جن میں سید انصار حسین شاہ، سید شعیر حسین شاہ، سید ابراہیم شاہ، محمد سعید، عالم خان، اورنگزیب خان، محمد قاسم، محمد حسن علی، محمد ایان خان، عبیدالرحمن خان شامل تھے تقریب کے مہمان خصوصی ممبر ڈسٹرکٹ بار اٹک ایڈووکیٹ ملک محمد شعیب خان نے ان خوش نصیب قاری قرآن کو تحائف دیے تحائف دینے کی تقریب میں دیگر افراد میں حضرت علامہ مولانا قاری اسرار احمد، حضرت علامہ مولانا وحید اختر عطاری، ماہر تعلیم و صدر الفلاح ویلفیئر ٹرسٹ ربنواز خان، حاجی ملک عرفان قادری، ملک جاوید اختر محکمہ معدنیات، ملک محسن رضا جعفری، ملک شاہد محمود، ملک جہانگیر خان، محمد رزاق، محمد ریاض، ملک ممتاز خان، فنانس سیکرٹری پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن پاکستان اٹک ملک کامران اختر تقریب کے اختتام پر مہمانوں کی تواضع خصوصی لنگر کے ساتھ کی گئی

باغ ویلفیئر ایسوسی ایشن رچھ بہن ایبٹ آباد کے کامیابی سے 25 سال مکمل

تنظیم کی کارکردگی قابل تحسین ہے، ممبران کو مبارکباد۔ محمد ریاض ملک

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) فلاحی تنظیم باغ ویلفیئر ایسوسی ایشن رچھ بہن ایبٹ آباد کی خدمات کے مسلسل شاندار 25 سال مکمل ہو چکے ہیں اس طرح یہ اس علاقے کی منفرد فلاحی تنظیم ہے جس نے سلور جوبلی کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ آج اس تنظیم کے بانی صدر حاجی کالے خان، جنرل سیکرٹری دریا ایمان، فنانس سیکرٹری میر سلطان، خداداد خان، تاج محمد، میر تاج، قاسم علی، محمد شاید، گوہر الرحمن، اور ملک ارشاد ہم میں نہیں رہے۔ اللہ تعالی ان سب مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے (آمین) یہ تنظیم آج بھی روز اول کی طرح فلاح و بہبود کے امور بہ خوبی انجام دے رہی ہے۔ معروف شاعر ادیب اور کالم نگار محمد ریاض ملک نے تمام عہدیداران اور ممبران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں تنظیم کی سلور جوبلی کا سنگ میل عبور کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور اسے مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ہے اس وقت تنظیم کے چیئرمین کسان کونسلر: ملک سجاول ہیں جب کہ صدر: سردار محمد، سینئر نائب صدر: محمد طاہر اعوان، نائب صدر: وقاص الرحمن، جنرل سیکرٹری: قاری ظفر سلطان، ڈپٹی جنرل سیکرٹری: ندیم خان، انفارمیشن سیکرٹری: احسن الرحمن، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری: الطاف حسین، فنانس سیکرٹری: گل فیاض اعوان، جوائنٹ سیکرٹری: محمد آفتاب، آفس سیکرٹری: منیر احمد ہیں ممبر مجلس عاملہ میں میر خطاب، صالح محمد، محمد زاہد اعوان، احمد خان، شفقت خان، ساجد میر، عامر سلطان، مشتاق احمد، ذیشان ایاز ملک، محمد واحد اعوان، حبیب الرحمن، اظہر سلطان، ضیاء الرحمن، بلال سلطان، ابرار خان شامل ہیں۔

تحریک منہاج القرآن کا عظیم الشان تعلیمی منصوبہ مراکزِ علم کا قیام ہے

تحریک منہاج القرآن کے عظیم، انقلابی، تعلیمی منصوبے مراکزِ علم کے تحت پورے ملک میں 25 ہزار مراکز علم کے قیام کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) تحریک منہاج القرآن کا عظیم الشان تعلیمی منصوبہ مراکزِ علم کا قیام ہے تحریک منہاج القرآن کے عظیم، انقلابی، تعلیمی منصوبے مراکزِ علم کے تحت پورے ملک میں 25 ہزار مراکز علم کے قیام کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے اسی سلسلے میں وادی سون کھوڑہ میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی سید ضمیر حیدر شاہ گیلانی کے آستانہ عالیہ پر مرکز علم کا باضابطہ افتتاح کیا گیا تقریب کی صدارت سید ضمیر حیدر شاہ گیلانی نے کی نگران مراکز علم سنٹرل پنجاب، ہزارہ ڈویژن اور ملتان ڈویژن انجینئر علامہ محمد سرفراز قادری، غلام جیلانی خان ضلعی جنرل سیکرٹری خوشاب اور تحریک منہاج القرآن کے دیگر معزز قائدین نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے علامہ محمد سرفراز قادری نے کہا کہ علم کے بغیر معاشرے میں جہالت کے اندھیرے چھا جاتے ہیں معاشرے کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ علم کو عام کیا جائے اور معاشرے کو علم سے جوڑا جائے اسی مقصد کے تحت پورے ملک میں 25 ہزار مراکز علم قائم کیے جا رہے ہیں تا کہ مصطفوی ﷺ معاشرے کے قیام کی عملی بنیاد رکھی جا سکے مراکز علم پراجیکٹ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی ہدایات پر نظامت ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ کے ڈائریکٹر حافظ محمد سعید رضا بغدادی کی زیر سرپرستی پورے ملک میں کامیابی کے ساتھ جاری ہے

مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی، دختر مشرق، انسانی حقوق کی علمبردار، ملکی استحکام، سالمیت اور قومی مفادات کی امین بے نظیر بھٹو شہید کی 18 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں

شہید بینظیر بھٹو کی جمہوریت کی آبیاری کیلئے انتھک جدوجہد پر کچھ بھی لکھنا سمندر کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے

(رپورٹر پنڈی ٹوڈے) صاحبزادہ ڈاکٹر عابد سلطان مشیر برائے مذہبی امور پاک افریقہ کونسل وزارتِ خارجہ پاکستان نے شہید ختم نبوت مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی، دختر مشرق، انسانی حقوق کی علمبردار، ملکی استحکام، سالمیت اور قومی مفادات کی امین بے نظیر بھٹو شہید کی 18 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں ہوئے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو کی جمہوریت کی آبیاری کیلئے انتھک جدوجہد پر کچھ بھی لکھنا سمندر کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیر اعظم تھیں جنہیں پاکستان کے عوام نے دوبارہ منتخب کیا۔ انتخابات میں ان کی بار بار کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ پرامن سیاست اور جمہوریت پر پورا یقین رکھتی تھیں انہوں نے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں جمہوری جدوجہد کی ایک روشن مثال قائم کی آمریت کے اندھیروں میں جمہوریت کا چراغ جلایا اور اپنی جان کا نذرانہ دے کر عوام کی حکمرانی کا راستہ ہموار کیا۔ خواتین کے وقار، نوجوانوں کے مستقبل اور محروم طبقات کے حقوق کے لیے ان کی جدوجہد تاریخ کا سنہرا باب ہے جمہوریت، آئین اور عوام کے حقوق کے لیے دی جانے والی اس عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کا ویژن آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست اور عوامی جدوجہد کی بنیاد ہے۔ مزید کہا کہ شہید ختم نبوت مسٹر ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو سب کیلئے مساوی مواقع پر یقین رکھتے تھے بی بی شہید ایسے پاکستان کا تصور رکھتی تھیں جہاں خوشحالی مشترکہ ہو اور کوئی بھی پیچھے نہ رہے۔ آمریتوں کی جانب سے جھوٹے مقدمات اور قید تنہائی کا سامنا کرنے کے باوجود بی بی شہید اپنی آخری سانس تک ظلم و جبر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر لڑتی رہیں۔ پاکستان کے اندر تعمیر و ترقی کا کریڈٹ پیپلز پارٹی کو جاتا ہے سانحہ لیاقت باغ کو کبھی نہیں بھول سکتے جس میں محترمہ بینظیر بھٹو نے سرعام گولیاں کھا کر یہ ثابت کر دیا کہ جمہوریت کے لیے اپنی جان تک دے دیں گے مگر اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کریں گے اس موقع پر پیپلز پارٹی کے جملہ کارکنان کے جذبوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں آخر میں ڈاکٹر عابد سلطان نے شہدائے جمہوریت، عوامی خوشحالی اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کیلئے دعائیں کرتے ہوئے کہا کہ اللہ ربّ العزت پاکستان کو حقیقی جمہوریت، امن اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے۔ آمین۔

ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات پر پولیس موبائل لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں

دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات پر پولیس موبائل لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر لائسنسنگ و پولیس سٹیشن وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں ہے، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی رہنمائی و سہولت کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ انچارج ڈرائیونگ لائسنس برانچ انسپکٹر امتیاز خان کے مطابق موبائل پولیس وینز پیر کو ڈھوک سیداں اور راجہ بازار فوارہ چوک، منگل کو چونگی نمبر 8 کھنہ روڈ اور مصریال گاؤں یونین کونسل رائیکا میرا، بدھ کو سردار مارکیٹ کلر سیداں، جمعرات کو بسالی گاؤں اور ڈھوک گگن جوڑیاں چکری روڈ، جمعہ مصریال چوک اور جھاورا پکٹ، ہفتہ کو خواجہ کارپوریشن اور خصالہ گاؤں اڈیالہ روڈ لائسنسنگ سہولیات فراہم کرے گی جبکہ اتوار کو اولڈ واران ڈپو صدر میں خصوصی رکشہ ٹیسٹ لیے جائیں گے۔ موبائل پولیس خدمت صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک اپنے مقررہ پوائنٹس پر شہریوں کی سہولت کیلئے موجود ہوگی۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ موبائل لائسنسنگ وینز کے ذریعے شہریوں کو انکی دہلیز پر لائسنسنگ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، شہریوں کو بھی چاہیے کہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے قریبی لائسنسنگ سینٹر یا خدمت مرکز سے اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں۔

معروف شاعر فیصل عرفان کی کتاب پوٹھوہاری ادب شائع ہوگئی

کتاب میں پوٹھوہاری زبان و ادب کے درجنوں اہم موضوعات کو زیر بحث لایا گیا ہے

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) اردو اور پوٹھوہاری زبان کے معروف شاعر، محقق اور پوٹھوہاری ادبی بیٹھک راولپنڈی کے بانی و چیئرمین فیصل عرفان کی پانچویں کتاب پوٹھوہاری ادب (قدیم جہتیں: جدید زاویے) شائع ہوگئی ہے، 272 صفحات پر مشتمل کتاب میں پوٹھوہاری شاعری، نعت، رثائی ادب، ماہیا نگاری، اڑھائی مصرعی نظم، گیت نگاری، پوٹھوہاری نثر، ترجمہ کاری، ناول نگاری، پوٹھوہاری فیچر، ڈرامہ نگاری، کالم نگاری، ریڈیو پاکستان، پی ٹی وی اور نجی چینلز کی پوٹھوہاری خدمات، ٹیلی فلموں، لوریاں، سٹھنیاں، لوک گیت، لوک فنکار جیسے پوٹھوہاری ادب کے درجنوں اہم موضوعات کو زیر بحث لایا گیا ہے، کتاب کو مخدوومہ امیر جان لائبریری نڑالی نے شائع کیا ہے، اس سے قبل بھی پوٹھوہاری لوک ادب پر فیصل عرفان کی چار کتابیں پوٹھوہاری اکھانڑ تے محاورے، پوٹھوہاری ضرب الامثال، پرجھات مہاڑی انھیں (پوٹھوہاری پہیلیوں کا پہلا انتخاب، ہوشے (شادی بیاہ کے پوٹھوہاری لوک گیت) اور چھوٹے لارے (پوٹھوہاری لوریاں) بھی شائع ہو کر پوٹھوہاری زبان و ادب کے شائق داد و تحسین حاصل کر چکی ہیں، فیصل عرفان کی زیر طبع کتب میں خوش نویسان گوجر خان ※※ دو ام پکے دو نار ※※ (پوٹھوہاری سٹھنیاں)، زرسانگہ (پوٹھوہاری ناول)، ہتھ (پوٹھوہاری نظموں کا مجموعہ)، تاریخ بھنگالی گوجر اور گوجر خان (شخصیات، مقامات، واقعات، سوغاتیں شامل ہیں۔

18 ویں کورین ایمبیسیڈر نیشنل جونیئر اینڈ کیڈٹ تائیکوانڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر

جونیئر ویٹ کیٹیگریز کی ٹرافی پاکستان آرمی اور کیڈٹ ویٹ کیٹیگریز کی ٹرافی پنجاب نے اپنے نام کرلی

راولپنڈی (سپورٹس رپورٹر) 18 ویں کورین ایمبیسیڈر نیشنل جونیئر اینڈ کیڈٹ تائیکوانڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر، جونیئر ویٹ کیٹیگریز کی ٹرافی پاکستان آرمی اور کیڈٹ ویٹ کیٹیگریز کی ٹرافی پنجاب نے اپنے نام کرلی۔ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن (پی ٹی ایف) کے زیراہتمام 18 ویں کورین ایمبیسیڈر نیشنل جونیئر اینڈ کیڈٹ تائیکوانڈو چیمپئن شپ 27 سے 28 دسمبر 2025ء تک شہباز شریف سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں منعقد ہوئی جس میں پاکستان بھر سے ٹیمیں بشمول صوبائی ایسوسی ایشنز، ڈیپارٹمنٹس، سروسز، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر، اسلام آباد کے ساتھ ساتھ راولپنڈی اور اسلام آباد کے مقامی کلبوں نے بھی شرکت کی۔ چیمپئن شپ کے آخری دن جونیئر اور کیڈٹ کیٹیگریز کے پومسے اور جونیئر اور کیڈٹ مرد و خواتین کھلاڑیوں کے کیروگی مقابلے ہوئے۔ اختتامی تقریب میں جمہوریہ کوریا، اسلام آباد سفارتخانے کے دفاعی اتاشی کرنل Kim Jinwoo مہمان خصوصی تھے جنہوں نے صدر پی ٹی ایف لیفٹیننٹ کرنل (ر) راجہ وسیم احمد جنجوعہ، صدر ویمن ونگ مس صبا شمیم، سینئر عہدیداروں، معزز مہمانوں اور پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے اہم آفیشلز کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے۔ جونیئر ویٹ کیٹیگریز میں پاکستان آرمی نے 7 گولڈ، 4 سلور اور 2 برانز میڈلز جیت کر پہلی، خیبر پختونخوا نے 5 گولڈ، 2 سلور اور 6 برانز میڈلز کیساتھ دوسری جبکہ اسلام آباد اے نے 2 گولڈ اور 4 برانز میڈلز کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ کیڈٹ ویٹ کیٹیگریز میں پنجاب نے 2 گولڈ، 3 سلور اور 1 برانز میڈلز جیت کر پہلی، کے پی کے گرین 2 گولڈ، 1 سلور اور 2 برانز میڈلز کیساتھ دوسری جبکہ پی ٹی ایف 2 گولڈ اور 1 برانز میڈل کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے صدر لیفٹیننٹ کرنل (ر) راجہ وسیم احمد جنجوعہ نے کہا کہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان بھر میں تائیکوانڈو کو فروغ دینے، نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور اس طرح کے بامعنی بین الاقوامی تعاون کے ذریعے کھیلوں کی سفارت کاری کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔